تم جیسے کہو گی میں معافی مانگنے کو تیار ہوں جو کہو گی وہ کرو گا فجر لیکن یار ایسے نا کرو نہیں رہ سکتا تمہارے بغیر بہت نامکمل ہوں میں یار پلیز فجر

رضا نے بے بسی سے کہا تو فجر نے چہرے کا رخ موڑ لیا

فجر ادھر دیکھو یار میں بہت کم وقت کے لیے آیا ہوں میں چاہتا ہوں اب تمہیں اپنے نام کر لو تا کہ اگر میں تم سے دور بھی ہو تو میرے دل کو سکون ہو کہ تم میری ہو واپس آؤ گا تو تمہیں اپنا منتظر پاؤں گا بس ایک بار یقین کر لو میں مر جاؤ گا لیکن یہ یقین نہیں توڑو گا تم میری ہو جاؤ نا یار میں سب ٹھیک کر دوں گا میں وعدہ کرتا ہوں

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

رضا نے ملتجی انداز میں کہا تو فجر نے اس کی طرف دیکھا

مجھ سے محبت ہے رضا فجر نے اپنا ہاتھ رضا کے گال پر رکھ کر

کہا تو رضا نے فوراً سے ہاں میں سر ہلایا

تو یہ ناٹک چھوڑ دو رضا کیونکہ بہت جلد شادی کرنے والی ہوں میں تمہاری سو کالڈ محبت کی ضرورت نہیں ہے مجھے

فجر کی بات پر پل میں رضا کی آنکھیں سرخ ہوئی اپنے ہاتھ کی مٹھی بند کر کے اس نے اپنا غصہ کنٹرول کیا

جسٹ شیٹ اپ فجر اب ایک لفظ اور کہا تو زبان گدی سے کھینچ دوں گا تم ساتھ ہی ہوتی تھی نا میرے تو بتاؤ کتنی لڑکیوں سے باتیں کرتا تم نے دیکھا ہاں کبھی تمہیں جیلس کرنے یا چڑھانے کے لیے بھی میں نے کسی لڑکی کا سہارا نہیں لیا کبھی کسی دوسری لڑکی کا ذکر ہمارے درمیان نہیں لایا کبھی کسی لڑکی چھیڑا ہو میں نے تو بتاؤ محبت تھی میری تم دوست بھی تھی مزاق کر لیا تو کونسا قیامت آگئی

اندازہ تھا مجھے کے وہ مزاق کرنے لائق نہیں تھا تو پچھتایا بھی بہت ہوں میں لیکن تم دماغ سے پیدل لڑکی مزاق کو تو سچ سمجھ رہی ہے لیکن میری پاگلوں کی طرح محبت نظر نہیں آرہی

بتاؤ مجھے یہاں کوئی ہے نہیں نا تو اتنی دیر تمہاری منتیں نا کر رہا ہوتا بلکہ اپنا مقصد پورا کرتا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

فجر کو کندھوں سے تھام کر رضا دھاڑا تو فجر سے اپنے پاؤں پر کھڑا رہنا محال ہو گیا

وہ اتنے غصے میں تھا کہ فجر سے کچھ بولا نہیں جا رہا تھا ایک دم سے رضا کے دھکا دینے سے فجر پیچھے پڑے صوفے پر اوندھے منہ گری رضا دھاڑ سے دروازا بند کرتا چلا گیا

کہاں تھے تم کب سے کال کر رہا ہوں رضا نے باہر آ کر شاہ میر کو کال ملائی جو اس بار اٹھا لی گئی

نکاح کر رہا تھا اسی لیے مصروف تھا شاہ میر کے آرام سے جواب دینے پر رضا کا دل چاہا سر پھاڑ دے اس کا جو اتنے آرام سے نکاح کا بتا رہا ہے اور مجھے بتانا بھی گوارا نہیں کیا تم نے رضا نے دانت پیس کر کہا جس پر دوسری طرف کچھ دیر خاموشی چھا گئی

بالکل نہیں تم یاد ہی نہیں آئے لیکن شاہ میر کی بات سن کر وہ خون کے گھونٹ پی کر رہ گیا

تو اسی مولوی کو سمیت گواہوں کے میرے پرانے گھر بھیج دو کیونکہ ابھی وہ بات مکمل کرتا کہ شاہ میر نے اوکے کہہ کر فون بند کر دیا

تو رضا موبائل کو گھور کر رہ گیا اب وہ وہی باہر بیٹھا مولوی کا انتظار کر رہا تھا اندر جاتا تو فجر نے مزید دماغ خراب کرنا تھا

محبت مجھے چڑیا سے ہوئی تھی لیکن دماغ اس میں کیسے گدھی کا آ گیا شاید چھوٹے سائز کا ہو رضا نے کندھے آچکا کر سوچا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

\----------

وہ روم میں آیا تو دیا کچھ تلاش کر رہی تھی

اگر موبائل تلاش کر رہی ہو تو یہ رہا کار میں رہ گیا تھا پاسورڈ نہیں لگا تھا تو میں نے تمہارے کزن برادر کو میسج کر دیا کہ تم آج رات اپنی فرینڈ کی طرف رہو گی شاہ میر نے موبائل دیا کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا جسے جھپٹنے کے انداز میں دیا نے پکڑا دیا اپنا موبائل چیک کر رہی تھی جب شاہ میر بیڈ پر جا کر دراز ہو گیا اور اب وہ استحقاق بھری نظروں سے دیا کو دیکھ رہا تھا جو شاید کوئی میسج ٹائپ کر رہی تھی

شاہ میر نے اٹھ کر دیا کو کلائی سے کھینچا تو دیا جس کا بالکل دیہان اس طرف نہیں تھا اپنا توازن برقرار نا رکھ سکی اور شاہ میر کے سینے پر گری شاہ میر نے اپنا بازو دیا کہ کمر میں حائل کیا اور اسے لیے ایسے ہی بیڈ پر لیٹ گیا

جب دیا نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اٹھنے کی کوشش کی تو شاہ میر نے دوسرا ہاتھ بھی اس کی کمر پر لپیٹ کر اسے مزید قریب کر لیا

آج فرار نا ممکن ہے بے بی گرل شاہ میر نے اس کی بال کان کے پیچھے اڑستے ہوئے کہا

دیکھو شاہ میر دیا نے کچھ کہنا چاہا تو شاہ میر نے اس کے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر خاموش کروا دیا

شش دیکھ ہی تو رہا ہوں لیکن تم مجھے ڈسٹرب کر رہی ہو

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

شاہ میر نے دیا کا سر نیچے جھکا کر اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا تو دیا اپنی سانس تک روک گئی

تم سمجھنے کی کوشش نہیں کر رہے میر دیا نے پھر سے کچھ کہنا چاہا تو شاہ

میر نے یک دم سے کروٹ بدلی اب دیا شاہ میر کی جگہ جب کہ شاہ میر دیا کہ اوپر جھکا ہوا تھا

یہ سمجھنے سمجھانے والا معاملہ ساڑھے تین سال پہلے تک تھا بے بی گرل اب میں ان فضول باتوں میں وقت نہیں برباد نہیں کرنا چاہتا اور تم چپ چاپ خود کو میرے حوالے کر دو ورنہ اپنی مرضی تو میں کرو گا ہی

شاہ میر نے دیا کے بال سہلا کر جواب دیا تو وہ اسے گھورنے لگی جس پر شاہ میر کھلا کھلا کر ہنسا کتنی دیر بعد دیا نے اسے ایسے دیکھا تھا وہ بے خودی میں شاہ میر کو دیکھتی چلی گئی چونکی تو تب جب وہ پوری شدت سے اس کی گردن پر جھک چکا تھا

دیا نے شاہ میر کو دھکا دیا تو وہ جو اسے محسوس کرنے میں مدہوش تھا دیا کے دھکا دینے پر حیران نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا جو اپنی سانسیں بحال کر رہی تھی دیا ایک دم سے اپنی جگہ سے اٹھ کر جانے لگی کہ شاہ میر نے پیچھے سے اسے اپنے حصار میں لیا

تم مجھے خود سے دور کر دو اس کی اجازت تو تب تمہیں نہیں دی تھی جب کوئی رشتہ نہیں تھا تو اب تم نے یہ سوچ بھی کیسے لیا دیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

شاہ میر نے فراک کے پیچھے لگی ڈوری کو ایک جھٹکے سے کھینچا کہ وہ ٹوٹ گئی اور اب وہاں وہ اپنا جان لیوا لمس چھوڑ رہا تھا

دیا نے بگڑے تنفس کے ساتھ رخ موڑ کے شاہ میر کے سینے پر اپنے ہاتھ رکھے

اپنے سینے پر رکھے دیا کے ہاتھوں کو شاہ میر نے دیکھا اپنے ہاتھوں میں دیا کے ہاتھ قید کر کے شاہ میر نے جھک کر ہونٹوں سے چھوا تو دیا کے روح تک کانپ گئی

شاہ میر نے دیا کے دونوں ہاتھوں کو اپنے کندھوں پر رکھا تو دیا نے شاہ میر کی شرٹ کو اپنی مٹھیوں میں دبوچ لیا

شاہ میر نے جب کوئی ردِ عمل ظاہر نا کیا تو کے دیا نے پلکیں اٹھا کر دیکھا تو شرم سے جسم کا سارا خون چہرے پر سمٹ آیا کیونکہ شاہ میر اپنی بے باک نظروں سے اسے دیکھنے میں مصروف تھا

دیا نے گھبرا کر نظروں کا رخ پھیرنا چاہا لیکن اس سے پہلے شاہ میر نے اپنی سانسیں دیا کی سانسوں سے الجھا دیں دیا کی کمزور مزاحمتیں شاہ میر کی شدتوں کے آگے دم توڑتی چلی گئی

\----------

رضا اپنے سامنے چیزیں پٹختی فجر کو دیکھ رہا تھا

جسے ڈرا دھمکا کر نکاح تو کر لیا اب وہ اپنا غصہ اس کے گھر کا سامان توڑ کر رہی تھی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ابھی وہ مزید نقصان کرتی کہ رضا ایک دم سے اپنی جگہ سے اٹھا اور اس کی طرف بڑھا

فجر جو رضا کو اپنی طرف آتے دیکھ رہی تھی ارد گرد کوئی چیز تلاش کرنے لگی تا کہ اسے مار سکے لیکن اس سے پہلے ہی رضا نے اسے سمجھنے کا موقع دیے بنا اپنے کندھے پر اٹھا لیا

چھوڑوں جنگلی انسان آج میں تمہارا قتل کر دوں گی اپنے ہاتھ اور پاؤں سے رضا کو مارتے ہوئے مسلسل وہ چیخ رہی تھی

لیکن رضا نے ڈھیٹ بنا اسے روم میں لایا اور پاؤں کی مدد سے دروازا بند کر دیا ابھی وہ فجر کو نیچے اتارتا کہ وہ مزید اس کے ساتھ چپک گئی

رضا نے دوبارا کوشش کی لیکن فجر نے اپنا حصار تنگ کر دیا

فجر اتر و نیچے رضا کو پتا تھا اس کی محبت میں تو وہ چپک نہیں رہی ضرور اس کی شامت آنی ہے

اور دوسری طرف فجر جسے اب یاد آیا کہ رضا اسے آج تھپڑ مار چکا ہے تو بدلہ لیے بنا کیسے رہتی

رضا فجر نے اتنے پیار سے سرگوشی کی کہ رضا کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہوا

حکم جانِ رضا اپنا حصار فجر کے گرد تنگ کر کے جذبات سے چور آواز میں کہا تو ایک پل کو فجر رہ بھی گڑبڑا گئی لیکن بدلہ تو لینا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اسی لیا آرام سے اپنا چہرا رضا کے سامنے کیا تو نظریں رضا کی جذبات سے سرخ ہوتی نظروں سے ٹکرائی تو فجر تو ہمت کر کے رضا کے کالر پر ہاتھ پھیرا

فجر کی اس حرکت پر رضا نے اپنا حلق خشک ہوتا محسوس کیا

اپنے خشک ہوتے ہونٹوں پر زبان پھیر کر اس نے فجر کے حرکت کرتے ہاتھوں کو دیکھا جو اب اس کا دوسرا بٹن کھول رہے تھے

رضا کو فجر سے اتنی بے باکی کی امید نہیں تھی فجر کے گرد اپنا حصار اور تنگ کیا تو وہ بالکل اس کے سینے سے آ لگی

اتنے قریب ہونے پر فجر کو اپنا دل کانوں میں دھڑکتا محسوس ہوا لیکن ہمت کر کے اس نے دو بٹن تو کھول لیے تھے لیکن آگے کا ارادہ کینسل کر دیا ڈر تھا کہی خود پر ہی بھاری نا پر جائے بدلہ

اپنی مخمور ہوتی نظروں سے دیکھا تو وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا فجر کو اپنے پاؤں پر کھڑا رہنا محال لگ رہا تھا لیکن ہمت کر کے رضا کی گردن پر جھکی تو رضا اپنی سانسیں تک روک گیا فجر کے لمس کو محسوس کر کے رضا نے اپنی آنکھیں بند کی لیکن ایک دم سے اس نے اپنی آنکھیں کھولیں جب اسے فجر کے عمل میں شدت محسوس ہوئی اور پھر رضا کی چیخیں تھی اور فجر کے قہقہے کیونکہ فجر نے رضا کی گردن پر جا بجا اتنی

زور سے کاٹا تھا کہ خون نکلنے لگ گیا اب وہ فجر کو پیچھے کر رہا تھا فجر کو خود سے دور کرنے پر وہ بھاگ کر شیشے کے پاس گیا فجر نے موقع دیکھتے خود کو واشروم میں لاک کر لیا

اتنی آسانی سے تو تمہارے ہاتھ نہیں آؤ گی میں

\----------

رات کہ کسی پہر دیا کی آنکھ کھلی تو شاہ میر کمرے میں نہیں تھا وہ کمرے سے باہر آئی تو وہ اسے کہی نا دکھا ایک کمرے کا دروازا کھلا محسوس کر کے دیا اس میں داخل ہوئی تو وہ وہاں بھی نہیں تھا

ابھی دیا پلٹتی کہ اس کی نظر روم کے فرش پر پری جس پر چوڑائی کی شکل کا سوراخ تھا دیا اس کے پاس آئی تو نیچے جانے کا راستہ تھا

جاؤ یا نا اگر شاہ میر یہاں نا ہوا تو اور اگر یہ خود سے بند ہو گیا تو نہیں میں نہیں جاؤ گی یہاں بیٹھ کہ ویٹ کرتی ہوں اگر شاہ میر آ گیا تو اس سے پوچھو گی وہ وہاں رکھے صوفے پر بیٹھ گئی لیکن پھر تجسس کے ہاتھوں مجبور ہو کر وہ نیچے اترنے لگی

جیسے جیسے وہ نیچے جا رہی تھی اسے کسی کے سسکنے کی آوازیں آ رہی تھی

جیسے ہی وہ وہاں پہنچی اگلا منظر دیکھ کر اسے اپنی آنکھوں پر یقین کرنا مشکل لگا

\----------

شاہ میر نے اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے لے کر ہاتھ کی ہتھیلیوں تک گلوز جیسی کوئی چیز پہن رکھی تھی جس کے آگے تیز دھاڑ لوہے کے ناخن بنے تھے جو شاہ میر کی انگلیوں جتنے ہی لمبے تھے وہ ان ناخنوں کو سامنے لیٹے شخص کے جسم پر پھیر رہا تھا جس پر وہ شخص تکلیف کے باعث اپنا سر پٹک رہا تھا

تو تم نہیں بتاؤ گے سناٹے میں شاہ میر کی آواز گونجی تو اس شخص نے اپنا سر جلدی سے ہاں میں ہلایا

تو شاہ میر نے اس کے منہ سے ٹیپ ہٹائی

پلیز میں بتاتا ہوں بتاتا ہوں لیکن مجھے مت مارو اس نے شاہ میر کے ہاتھ کی طرف اشارا کیا جو مسلسل اس کے جسم کو چیڑ رہا تھا

نہیں مارو گا اگر تم میرے کام کی انفارمیشن دو تو

میں بتا رہا ہوں

تو جلدی بتاؤ شاہ میر ایک دم سے دھاڑا

وہ۔۔وہ اسے ہم نے نہیں دیکھا بس اتنا پتا ہے وہ تین سال پہلے ہمارے پرانے باس کے پاس آیا تھا وہ اکیس بائیس سال کا لڑکا تھا شاید اس نے کوئی بدلہ لینا تھا کسی سے لیکن وہ لوگ کافی پاور فل تھے دو لوگ بیرون ملک کے تھے اسے مدد چاہیے تھی تب ہمارے باس نے اس کے ساتھ ڈیل کی وہ ڈیل کیا تھی ہم نہیں جانتے لیکن اتنا پتا ہے کہ اس نے لڑکیوں کی اسمگلنگ سے منع کیا تھا تو باس نے ہامی بھر دی لیکن

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

کچھ عرصہ پہلے باس نے اس سے چھپ کر لڑکیاں اسمگل کی تھی جس کی خبر اسے ہو گئی تو اس نے باس کا قتل کر دیا اور خود ان کی سیٹ سنبھال لی لیکن ابھی تک اسے کسی نے نہیں دیکھا

اس کی بات کے مکمل ہوتے ہی شاہ میر نے اپنے ہاتھ کا پنجا اس کے دل کے مقام پر کھونپ دیا اور دوسرا ہاتھ اس کہ منہ پر رکھ کر اس کی چیخوں کا گلا گھونٹ دیا

سینے سے دل نکال کر شاہ میر نے پاس پڑے جار میں رکھا اور وہاں سے اٹھ کھڑا ہوا

وہ جیسے ہی اپنا کام ختم کر کے پلٹا تو وہاں دیا کو بیہوش گرے ہوئے پایا

وہ اس کا وہاں آنا تو محسوس کر چکا تھا یہ بھی جانتا تھا کہ وہ دیکھ چکی تھی اسی لیے اپنا کام جاری رکھا

شاہ میر نے گہری سانس بھری اور پیچھے پلٹ کر دیکھا اور پھر اپنے ہاتھوں کو جو خون سے بھرے تھے اپنے ہاتھوں سے گلوز اتار کر وہاں بنے سنک پر اپنے ہاتھ دھوئیں اور پھر دیا کی طرف بڑھا

دیا کو اپنی بانہوں میں اٹھا کر روم میں لایا

دیا کو آرام سے بیڈ پر لٹانے کے بعد جلدی سے واشروم گیا شاور لے کر ٹراوزو پہن کر جلدی سے باہر آیا

اتارے ہوئے کپڑے لے کر پھر اسی جگہ گیا وہاں کپڑے پھینک کر راستہ اچھے سے بند کر کے واپس آیا تو دیا ابھی بھی بیہوش تھی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

شاہ میر نے دروازا لاک کیا اور آکر دیا کے ساتھ لیٹ گیا ایک نظر اسے دیکھا اور پھر اس کا سر اپنے کندھے پر رکھ کر دیا کے گرد اپنا حصار باندھ کر خود بھی نیند کی وادیوں میں گم ہو گیا

\----------

فجر نے تھوڑا سا دروازا کھول کر دیکھا تو رضا کو بیڈ پر سوتے ہوئے پایا

آہستہ سے قدم لیتی وہ باہر آئی کبرڈ کے پاس جا کر پیچھے دیکھا تو رضا ویسے ہی سو رہا تھا

پھر آہستہ سے کبرڈ کھول کر اس میں سے رضا کی شرٹ اور ٹراوزر لے کر پھر سے واش روم میں غائب ہو گئی

شاور لے کر باہر آئی گیلے بالوں سے ٹاول نکال کر وہی فرش پر پھینک دیا کیونکہ نیند سے برا حال تھا اور اب تو کنگھی کرنے کی بھی ہمت نہیں تھی

بیڈ کے پاس آکر رضا کو دیکھا جو شرٹ لیس تکیہ بانہوں میں دبوچے سو رہا تھا

فجر بیڈ پر بیٹھ کر آہستہ سے رضا کی طرف جھکی اور تکیہ پیچھے کر کے اس کی گردن دیکھنی چاہی جس پر جابجا فجر کے دانتوں کے نشان واضح تھے

دل میں تھوڑی شرمندگی بھی ہوئی تو رضا کے چہرے طرف دیکھا ماتھے پر لائٹ براؤن بال بکھرے ہوئے تھے

سوتے ہوئے کتنا پیارا لگ رہا ہے جاگتا ہے تو بندر لگتا ہے فجر نے ماتھے سے بال سمیٹتے ہوئے سوگوشی کی پھر اپنی انگلی اس کے گال پر پھیری پھر ہونٹوں تک آئی تو دل میں گدگدی سی ہونے لگی چہرا شرم سے لال ہو گیا

چہرے پر رکھا ہاتھ کانپ گیا تو فجر نے ایک دم سے پیچھے کھینچ لیا اور خود بھی اٹھ کر بیٹھ گئی

افففف کیا ہوا شوہر ہے میرا پرسنل پراپرٹی ہے میری جیسے مرضی دیکھو فجر نے خود کو تسلی دی اور پھر سے جھک گئی رضا کو دیکھا جو ویسے ہی سویا ہوا تھا

یہ سچ میں اتنی گہری نیند سوتا ہے یا اسے مجھ سے محبت ہی نہیں میں اتنے پاس ہوں اسے محسوس ہی نہیں ہو رہا مجھ سے زیادہ نیند عزیز ہے ایک دم سے فجر کو اس کی نیند پر غصہ آیا

اب نظر اپنے دیے نشانوں پر پری تو ان پر آہستہ آہستہ اپنی انگلی پھیرنے لگی ایک نظر رضا کو دیکھا اس کی نیند کا یقین کر کے آہستہ سے ان زخموں پر جھک گئی

ابھی وہ پیچھے ہٹتی کہ رضا نے کمر پر دونوں ہاتھوں سے اپنا حصار باندھ کر کروٹ بدلی کہ فجر نے بامشکل اپنی چیخ روکی

تم۔۔جاگ رہے تھے فجر نے حیرت سے آنکھیں پھیلائے رضا سے پوچھا جو آنکھوں میں ڈھیروں جذبات لیے اسے ہی دیکھ رہا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جی بالکل---کیونکہ مجھے اپنی چڑیا سے بے حد محبت ہے اور میں اس کی پہلی آہٹ پر ہی جاگ چکا تھا جب وہ میرے کپڑے چوری کر کے لے جا رہی تھی رضا نے اپنی ٹی شرٹ کی طرف دیکھ کر طنز کیا تو فجر گڑبڑا گئی تو جلدی سے نظروں کا زاویہ بدلا

تو اب میرا بھی حق ہے نا بس نکاح کا شوق تھا خرچے کون پورے کرے گا فجر نے آنکھیں پٹپٹاتے ہوئے جواب دیا تو رضا کو اپنے دل پر قابو کرنا مشکل لگا وہ ایک دم سے ان آنکھوں پر جھکا اور اپنا لمس چھوڑ کر پیچھے ہٹا

رضا کے لمس پر فجر کانوں کی لو تک سرخ ہو گئی اپنے ہاتھ رضا کے کندھے پر رکھ کر اسے پیچھے کرنا چاہا تو رضا نے اپنی انگلیاں فجر کی انگلیوں میں الجھا دی

صرف خرچے نہیں میں ناز نخرے دل و جان سے اٹھانے کو تیار ہوں میری چڑیا رضا نے جذبات سے چور آواز میں کہا تو فجر نے اپنی پلکیں آہستہ سے اٹھا کر اسی کی طرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا فجر کے ہاتھوں کو اپنی گردن کے گرد رکھا تو فجر نے اپنا حصار تنگ کر دیا جس سے رضا فجر کی طرف جھک گیا

اجازت ہے مسسز رضا نے فجر کی آنکھوں میں اپنی سرخ ہوتی آنکھیں ڈال کر کہا جس پر فجر نے شرما کر اپنی نظریں جھکا دی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

رضا کی نظریں فجر کے گلابی بھرے بھرے ہونٹوں پر گئی تو وہ پوری شدت سے ان پر جھک آیا

تھوڑی دیر بعد جب وہ پیچھے ہٹا تو فجر گہرے سانس لے رہی تھی رضا نے گردن سے گیلے بال پیچھے کیے اور جھک کر ان کی خوشبو کو محسوس کرنے لگا

فجر کے ہاتھ کندھوں سے سرک کر رضا کے سینے تک آئے اور آہستہ سے رضا کو پیچھے کرنا چاہا جس پر رضا نے دوبارا اپنی انگلیاں فجر کی انگلیوں سے الجھا کر انہیں بیڈ سے لگا دیا اور خود اپنی محبت سے فجر کو پور پور بھگونے لگا

\----------

دیا صبح اٹھی تو رات کا سارا نظر آنکھوں کے سامنے لہرا گیا

وہ ایک دم سے اٹھ بیٹھی اپنے دائیں طرف دیکھا تو شاہ میر کو سوتے ہوئے پایا تو وہ جلدی سے بستر سے اٹھ کر ساتھ والی روم میں آئی

لیکن وہاں رات جیسا کچھ بھی نہیں تھا

دیا نے ہر طرح سے فرش کو کھولنے کھینچنے ہر ممکن کوشش کی لیکن وہ ایک عام فرش جیسا ہی تھا

تو وہ تھک ہار کر روم میں واپس آگئی

کیا وہ وہم تھا میر اویسا کچھ نہیں تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا کی نظر شاہ میر پر پری تو وہ ویسے ہی سو رہا تھا

شاہ میر اٹھو مجھے گھر چھوڑ کر آؤ دیا نے شاہ میر کو کندھے سے ہلا کر اٹھایا لیکن وہ ویسے ہی سو تا رہا

شاہ میر اٹھ بھی جاؤ اتنا ٹائم ہو رہا ہے دیا نے اس کا چہرا اپنی طرف کرتے کہا لیکن وہ ویسے ہی سو تا رہا

اچھا ٹھیک ہے میں خود چلی جاتی ہوں ابھی دیا اٹھتی شاہ میر نے کمر پر اپنی بازو ٹکا کر اسے اپنی طرف کھینچا

دیا پوری اس کے اوپر جھک گئی

میں نے اجازت دی تمہیں وہ ایک دم سے سخت لہجے میں بولا تو دیا اہم گئی کہا وہ رات اتنی محبت دکھا رہا

تھا اور اب

پل میں دیا کی آنکھیں نم ہوئی

شاہ میر نے ایک دم سے کروٹ بدلی اب دیا نیچے اور شاہ میر اس کے اوپر جھکا ہوا تھا

بے بی رو کیوں رہی ہوں اپنی ناک دیا کے گال پر سہلاتے ہوئے مخمور آواز میں کہا تو دیا نے زور سے

اپنی آنکھیں میچ لی

مم۔مجھے گھر جانا ہے میر

شاہ میر کو رات والی ٹون میں واپس آتا دیکھ کر کپکپاتی آواز میں کہا لیکن وہ سن ہی کب رہا تھا

میر دیا نے اسے کندھے سے پکڑ کر جھنجوڑا جو اس کی گردن پر جھکا دیا کی خوشبو کو خود میں اتار رہا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا کی آواز پر شاہ میر نے اپنی جذبات سے سرخ ہوتی آنکھیں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا

لیکن میر اایسا کوئی ارادا نہیں دیا کو کچھ سمجھنے کا موقع دیے بغیر وہ پوری شدت سے اس کے ہونٹوں پر جھکا دیا کے مزاحمت کرتے ہاتھوں کو اپنی انگلیوں میں قید کر کے سر کے اوپر لاک کر دیا

اپنی شدتیں لٹانے کے بعد آہستہ سے پیچھے ہٹا اور دیا کی گردن پر اپنی شدت کا نشان دیکھا جو کل رات اس نے دیا تھا

اور پھر دیا کی طرف دیکھا جو شاہ میر کے ایسے دیکھنے پر نظریں جھکا گئی کتنے ہی رنگ دیا کے چہرے پر آئے جنہیں شاہ میر نے مبہوت ہو کر دیکھا

اس سے پہلے کہ وہ پھر سے جھکتا کہ کسی کی کال آنے پر بدمزا ہوتا پیچھے ہٹا

دیا نے موقع دیکھ کر واش روم کی طرف دوڑ لگائی

جبکہ شاہ میر نے اس کی اتنی سپیڈ پر حیرت سے دیکھا لیکن جب بات سمجھ آئی تو کمرے میں اس کا قہقہہ گونجا جسے واشروم میں دیا نے سن کر اپنا چہرا ہاتھوں میں چھپا لیا

\----------

وہ گاڑی میں تھے جب فارس کی کال آئی تو دیا نے چور نظروں سے شاہ میر کو دیکھا جو ڈرائیونگ کرنے میں مصروف تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

تو دیا نے کال اٹینڈ کر کے کان سے لگائی

جی

کیا جی کب سے کال کر رہا ہوں ریسیو کیوں نہیں کر رہی تھی تم دیا

اور کس دوست کی طرف تھی اور وہ فجر بھی اگر تم دونوں کا پلین تھا تو ایٹلیسٹ ہمیں تو بتا دیتی کتنا پریشان ہو رہا تھا میں تمہارے بارے میں اب کچھ بولو بھی

دیا بچاری کیا بولتی جو نواب اتنے مصروف تھے کال اٹینڈ کرتے ہی گاڑی روک کر بنا دیا کو سمجھنے کا موقع دیے اس کے ہاتھ سے موبائل لے کر سپیکر پر لگا چکے تھے

اب فارس کی باتوں کے ساتھ ساتھ شاہ میر کے ماتھے کے بلو میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا

مم۔میں گھر آ کر بات کرتی ہوں فارس دیا نے گڑبڑاتے ہوئے جواب دیا لیکن شاید آج اس کا برا وقت تھا تبھی وہ پھر سے شروع ہو گیا

گھر آ کر نہیں ابھی بتاؤ پتا کتنا مس کر رہا ہوں تمہیں میں نے تو ابھی تک بریک فاسٹ بھی نہیں کیا تم آؤ تو ساتھ کرتے ہے

سویٹی جلدی آ جاؤ یار ابھی فارس کچھ اور گوہر افشانی کرتا کہ شاہ میر نے کال بند کر کے موبائل سامنے ڈیش بورڈ پر مارا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا تو ڈر کے کھڑکی کے ساتھ جا لگی جبکہ شاہ میر اپنے بالوں میں ہاتھ پھیر کر غصہ کم کرنا چاہا جب نا ہو سکا تو

دیا کو کندھوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تکلیف سے دیا کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئی

اگر یہ شخص مجھے تمہارے ارد گرد بھی دکھانا دیا تو وہی اس کی قبر کھود دوں گا

شاہ میر ایک دم سے دھاڑا کے فرشتے کو اپنے کان کے پردے پھٹتے محسوس ہوئے

اور کچھ کا پتا نہیں یہ شخص مجھے بہرا کر کے چھوڑے گا یہ بات وہ اسے تو کہہ نا سکی بس دل میں ہی سوچ سکی

کل ریڈی رہنا رشتہ لے کر آؤ گا اور اس ہفتے میں رخصتی ہے ہماری اپنی کہہ کر اب وہ فرشتے کو دیکھ رہا تھا جو حیران نظروں سے شاہ میر کر دیکھ رہی تھی

اتنی جلدی فرشتے نے بے بسی سے استفسار کیا وہ کیوں ہر بات میں اپنی کرتا تھا اسے سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کر رہا تھا

سب کچھ ہو تو گیا ہے شاہ میر زو معنی انداز

میں بولا تو دیا کے رخسار اس کی بات پر ٹمٹما پرے

اپنا سرخ ہوتا چہرہ اس نے شاہ میر کے وار فتگیاں لٹاتی نظروں سے چھپانے کی کوشش کی

تمہیں آج اس لیے چھوڑنے کا رہا ہوں تا کہ پر مینیٹلی لا سکو اور اس کے بعد کہی نا جانے دو

تو بے بی گرل رخصتی تک آزاد ہو تم دیا کا گال تھپتھپا کر کار سٹارٹ کی

اور ایک نظر دیا کی طرف دیکھا جو ابھی بھی اپنا گلابی پر تا چہرا جھکائے بیٹھی تھی دیا کو ایسے دیکھ کر شاہ میر کے ہونٹوں پر دلکش مسکراہٹ آئی

\----------

یہ ایک بیسمنٹ کا منظر تھا جہاں ہر طرف اندھیرا تھا بس ہلکی ہلکی روشنی تھی

جہاں سامنے کرسی پر وہ شخص بیٹھا سگریٹ پی رہا تھا

کہ تبھی اس کا خاص بندا وہاں آیا

کیا خبر ہے اپنے دھواں فضا کے سپر کر کے سرد آواز میں اپنے آدمی سے پوچھا

سر دو دن پہلے آپ کی بہن پاکستان آئی تھی

اس بات پر سامنے بیٹھے شخص کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رینگ گئی

پھر لیکن اپنی مسکراہٹ کو چھپا کر سرد آواز میں استفسار کیا تو اس کے خاص آدمی نے گھبرا کر بات جاری کی

اور کل انہوں نے کیپٹن شاہ میر شاہ سے نکاح کیا ہے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اور سب سے بڑے بات یہ وہی کیپٹن ہے جسے اے ایس پی نے اس کیس میں اپنی مدد کے لیے بلایا ہے

اے ایس پی اور وہ کافی سالوں سے ایک دوسرے کو جانتے ہیں

اور اس کیپٹن نے آنے سے پہلے ہی ہمارے کافی اڈوں کو ختم کر دیا ہے اب وہ ہمارے کافی قریب ہیں

ہمم اتنی باتیں سننے پر سامنے بیٹھے شخص نے اتنا ہی کہا

ہم تک پہنچنے میں کتنا وقت لگے گا اس نے اپنے آدمی سے استفسار کیا

اگر وہ کسی بھی ایسے بندے کو پکڑ لے جو آپ کو جانتا ہو تو سب ختم ہو جائے گا

کیونکہ وہ کیپٹن عجیب ہے شاخوں کو نہیں دیکھتا سیدھا جڑ تک جاتا ہے جڑ ختم کرنے کے بعد شاخوں کو جلا دیتا ہے

ابھی بھی اس نے ایسا ہی کیا ہے اس نے صرف انہیں اڈوں کو ختم کیا جس سے اے ایس پی کو خطرہ ہو سکتا تھا اور جس سے وہ سب پر ظاہر ہو لیکن خود کا پلین نہیں شروع کیا ابھی وہ مزید کچھ کہتا کہ سامنے بیٹھے شخص نے اسے ہاتھ سے جانے کا اشارہ کیا

اس کے جانے کے بعد اپنا سر کرسی کی ٹیک سے لگا کر بیٹھ گیا

اور اپنی زندگی کے بارے میں سوچنے لگا

عمر شیر ازی کے قتل کے بعد جب اس نے باقی لوگوں کا پتا لگوایا تو وہ کافی پاور فل لوگ تھے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دولت تو ماہر کے پاس بھی تھی لیکن طاقت نہیں تھی

اکیس بائیس سال کا لڑکا کر بھی کیا سکتا تھا کسی کے توسط اسے ایک گینگ کا پتا چلا جب وہ اس آدمی سے ملنے گیا تو اس نے ماہر سے ڈیل کی

\----------

ماضی

تو اس کے بدلے ہمیں کیا ملے گا سامنے بیٹھے شخص نے ماہر سے پوچھا

جتنے پیسے مانگو گے میں دوں گا لیکن یہ لوگ مجھے زندہ سلامت چاہیے کیونکہ قتل میں اپنے ہاتھوسے کرو گا ماہر کر جواب پر وہ کچھ دیر سوچ میں پڑ گیا

پیسے نہیں چاہئیے ہمیں ایک ڈیل کرتے ہیں

کیسی ڈیل ماہر نے آبرو آچکا کر استفسار کیا تو وہ آدمی بولا

ہمیں پروٹیکشن چاہیے مطلب لوگوں کے سامنے عام انسانوں جیسی زندگی اور اس زندگی کے پیچھے ہماری درندگی

اس شخص نے کندھے آچکا کر جواب دیا

صاف صاف بات کرو ماہر نے اکتا کر جواب دیا وہ بلاوجہ اس کا ٹائم برباد کر رہا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

مطب صاف ہے ہم تمہارے بزنس میں پارٹنر بنیں گے تم لوگوں سے ہمیں اپنا پارٹنر متعارف کرواؤ گے

لیکن ہم بزنس سے ایک روپیہ نہیں رکھے گے سارا پروفٹ تمہارا ہو گا لیکن ہم اپنا بلیک بزنس جاری رکھے گے اس بزنس کی آڑ میں ڈرگز، ہتھیار وغیرہ

ماہر نے پشت سے ٹیک لگا کر اس کی بات سنی

ٹھیک ہے مجھے منظور ہے لیکن یہ لوگ مجھے جلد از جلد چاہیئے

اور پھر وہ اس دلدل میں پھنستا چلا گیا

کہ واپسی کا کوئی راستہ ہی نہیں بچا لیکن اب تک اس نے گرلز سمگلنگ سے روکے رکھا تھا اور جب اسے پتا چلا کہ اس سے چھپ کر یہ کام کیا گیا تب اس نے باس کو ختم کر کے اس کی جگہ سنبھال لی اور واپسی کے سارے راستے بند کر دیے ایک لمبی سانس ہوا کے سپرد کر کے وہ کرسی سے اٹھا اپنا کوٹ ہاتھ میں پکڑا اور گھر کی طرف نکل پڑا

\----------

وہ گھر پہنچا تو منہا ٹیبل پر کھانا لگا رہی تھی

ماہر کو دیکھ کر اس کے چہرے پر مسکراہٹ آئی جسے دیکھ کر ماہر کو اپنے جسم میں سکون کی لہر دوڑتی محسوس ہوئی

اپنا کوٹ صوفے پر پھینک کر وہ سیدھا منہا کے پاس پہنچا اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود سے لگایا اور اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا

I missed you soo much

منہا نے بھی اپنی بانہوں کا حصار اس کے گرد باندھ کر سر ماہر کے سینے سے ٹکا دیا

جب اس نے عمر شیر ازی کی موت کی خبر سنی تو اس کی بہن کا بیان سن کر سکون محسوس کیا کہ اس کا کہنا تھا کہ گھر پر چور گھس آئے تھے پھر ان کی عمر شیر ازی سے ہاتھا پائی ہوئی جس کے دوران اس کا قتل ہو گیا

ورنہ منہا کو شک ماہر پر گیا تھا وہ بھی تو رات کو غائب تھا

لیکن جب وقفے وقفے سے اسے باقی لوگوں کے قتل کی خبریں سنی تو اسے یقین آ گیا

اس سے پہلے وہ ماہر سے پوچھتی رات ماہر لیٹ آیا اور ہمیشہ کی طرح گیسٹ روم میں گیا لیکن منہا اس دن جاگ رہی تھی

جب وہ اس کے پیچھے روم میں گئی اور اسے خون سے بھرے کپڑوں میں دیکھا تو اپنے حواس کھو بیٹھی

جس کے بعد ماہر کے لیے کافی مشکل ہو گیا تھا اسے سنبھالنا

لیکن جس بات کی منہا کو زیادہ تکلیف تھی وہ یہ تھی اگر ماہر کو پولیس لے گئی پھر جس پر ماہر نے اسے یقین دلایا کہ ایسا کچھ نہیں ہو گا

ان تین سال میں وہ ماہر کو اس کا حق نہیں دے سکی وجہ اس کا ڈپریشن میں چلے جانا تھا

وہ خود کو نقصان پہنچانے لگی تھی وہ جتنا نارمل خود کو شو کرواتی تھی اتنی تھی نہیں کیونکہ وہ اس بات کا بھی خود کو قصوروار سمجھتی تھی کہ ماہر اس کی وجہ سے قاتل بنا

لیکن ماہر نے ہمت سے کام لے کر آہستہ آہستہ اسے نارمل کرنے میں کامیاب ہوا اسی دوران جب اس کی طبیعت زیادہ بگڑی تب دیہان بٹانے کو ماہر نے دیا سے بات کروادی اور اسے بتایا کہ ایمرجنسی میں شادی کرنی پڑی اب جب ماہر گھر نہیں ہوتا تو وہ دیا اور فجر سے باتیں کر لیتی تھی

\----------

بھوک نہیں ہے مجھے کمرے میں چلیں ماہر نے منہا کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھام کر کہا

جس کی انگلی پر کٹ کا نشان تھا جو بلیڈ کے پکڑنے کی وجہ سے تھا جس سے ماہر کو اندازہ ہو گیا کہ آج پھر خود کو نقصان پہنچایا ہو گا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

منہا نے اپنی تھوڑی ماہر کے سینے پر ٹکا کر سر اٹھا کر ماہر کی طرف دیکھا مجھے بھی نہیں بھوک منہا کی بات پر ماہر کے چہرے پر مسکراہٹ آئی

لیکن میرا میٹھا کھانے کا دل کر رہا ہے نا ماہر نے اپنا انگھوٹھا منہا کے ہونٹوں پر پھیرتے ہوئے کہا جس پر منہا نے شرما کر اپنا سر جھکا لیا

ایسے نہیں چلے گا مسسز ماہر نے اس کا چہرا اوپر اٹھایا تو منہا کا چہرا اس کی نظروں کی تپش سے سے ٹمٹما رہا تھا

ماہر بے خود ہوتا اس کے ہونٹوں پر جھکا تو منہا نے اپنی بانہوں کو ماہر کی گردن کے گرد لپیٹ دیا منہا کی پیش قدمی پر ماہر نے اسے کمر سے تھام کر اپنے قریب کر لیا

منہا کو کمر سے تھامے ماہر نے اسے ٹیبل پر بٹھایا آہستہ سے اپنے لبوں کا جدا کیا

اپنا سر منہا کے سر کے ساتھ ٹکا کر آنکھیں موندلی منہا ماہر کے کالر کو تھامیں اپنی بے ترتیب ہوئی سانسیں کو سنبھال رہی تھی

جبکہ ماہر کی بھاری سانسیں اور ان کی تپش اسے اپنے چہرے پر محسوس ہو رہی تھی

کچھ دیر ایسے ہی منہا کو محسوس کرنے کے بعد ماہر نے اسے اپنی باہوں میں اٹھا لیا جس پر منہا نے گڑبڑا کر ماہر کو دیکھا تو وہ آنکھوں میں تپش لیے اسے ہی دیکھ رہا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

تو منہا نے اپنی پلکوں کو جھکا لیا جس پر ماہر نے جھک کر اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا اور سیڑھیاں چڑھتا اسے لیے روم میں آیا

پاؤں کی ٹھوکر سے دروازا بند کر کے وہ منہا کو لیے بیڈ کے پاس آیا آرام سے اسے بیڈ پر بٹھا کر واپس جا کر دروازا بند کیا

منہا اپنے دل پر ہاتھ رکھے اپنی بے ترتیب ہوئی دھڑکنوں کو محسوس کر رہی تھی جب کمرے میں ایک دم اندھیرا چھانے پر سر اٹھا کر دیکھا

مم۔ماہر۔کک۔۔کہاں ہیں آپ۔ابھی منہا وہاں سے اٹھتی کے پیچھے سے ماہر نے اپنی حصار میں لیا۔ششش میں یہی ہوں زندگی منہا کے بال ایک سائیڈ پر کر کے ماہر نے اپنی تھوڑی اس کے کندھے پہ ٹکائی

مجھے ڈر لگ رہا ہے ماہر لائٹ اون کریں ماہر کا حصار توڑنے کی کوشش کرتے منہا نے کہا جب کے ماہر اسے ایسے ہی حصار میں لیے پیچھے کو نیم دراز ہو گیا

کیا میری قربت میں اتنا سکون نہیں کہ وہ تمہارے ڈر پر حاوی ہو جائے منو ماہر نے جذبات سے چور لہجے میں سرگوشی کی تو منہا کہ جسم میں ایک سرد لہر دوڑ گئی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

منہا نے خاموشی سے کروٹ بدل کر ماہر کے سینے میں منہ چھپا لیا جس پر ماہر کے ہونٹوں پر جاندار مسکراہٹ آئی اپنا حصار منہا کے گرد تنگ کر لیا اور آہستہ سے اپنے لب اس کے بالوں پر ٹکا دیے

تھوڑی دیر بعد منہا کی بھاری ہوتی سانسوں کو محسوس کر کے اسے یقین ہو گیا کہ وہ سو چکی ہے تب ماہر خاموشی سے اٹھ کر ڈریسنگ روم میں گیا کبرڈ کھول کر فرسٹ ایڈ باکس نکالا

زخموں پر لگانے والی ٹیوب لے کر منہا کے قریب آ کر بیٹھا

اپنے موبائل کی ٹارچ آن کر کے بیڈ پر موبائل رکھ دیا

اب وہ بغور منہا کا چہرا دیکھ رہا تھا جس پر وہ دنیا جہاں کی معصومیت سمائے سو رہی تھی ماہر کی آنکھوں میں وہ لمحہ آ بسا جب اسے پہلی بار دیکھا تھا جیسے جیسے وہ قریب آ رہی تھی ماہر کو اس کا ہر قدم اپنے دل پر پرتا محسوس ہوا تھا وہ پورے حق سے اس کے دل پر براجمان ہو چکی تھی ماہر کو اندازہ ہی نا ہوا کب وہ دل سے اس کی رگوں تک بس چکی تھی

منہا کہ بنا شاید وہ سانس بھی نا لے سکے

ماہر نے ٹراؤزر کو منہا کی پنڈلیوں سے اوپر کیا تو وہاں نیا کوئی نشان نہیں تھا

دونوں ٹانگوں کو دیکھنے کے بعد اس نے دایاں بازو دیکھا لیکن وہاں بھی نہیں تھا جب اس نے بائیں بازو سے کپڑا اوپر کیا تو کہنی کے نیچے سے لے کر ہاتھ سے تھوڑا اوپر تک بے شمار چھوٹے مگر گہرے کٹ

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

تھے جنہیں دیکھ کر ماہر کی آنکھیں ایک دم سے نم ہوئی جھک کر آہستہ سے ان نشانوں پر اپنے لب رکھے پھر ٹیوب لگا کر لائٹ آف کی

کچھ دیر اندھیرے میں دیکھنے کے بعد ہاتھ بڑھا کر منہا کو اپنے حصار میں لے لیا نیند تو شاید نہیں آنی تھی لیکن منہا کی قربت میں سکون ضرور مل جاتا تھا

اب بھی اسی سکون کو محسوس کرتے سونے کی کوشش کی

\----------

دیا کو گھر چھوڑنے کے بعد وہ رضا کو لیے اسی جگہ واپس آیا

تو کیا بتایا اس نے رضا نے لاش کی طرف دیکھ کر اشارہ کیا

وہی جو ہمیشہ ہوتا ہے کوئی بزنس مین ہے اس کام کے پیچھے دنیا کے سامنے عام انسان اور حقیقت میں ایک درندہ شاہ میر نے حقارت سے کہا جس پر رضا نے سر جھٹکا

پلین کیا ہے رضا نے استفسار کیا جس پر شاہ میر نے آبرو آچکا کر اسے دیکھا جیسے وہ اسے بتا دے گا

شاہ میر کے دیکھنے پر رضا نے دانت کچکچا کر اسے دیکھا اگر نہیں بتانا تھا تو مجھے ساتھ کیوں انوالو کیا اچھی بھلی چھٹیاں گزرنی تھی اب وہ بھی تمہارے اس کیس کی نظر ہو جانی ہیں

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ٹائم پاس کرنے کے لیے جو کام میرے کرنے کے نہیں ہوگے وہ تم کروگے جیسے اس لاش کو ٹھکانے لگانا

شاہ میر نے کندھے آچکا کر جواب دیا تو رضا نے اسے گھور کر دیکھا

گھور کیا رہے ہو جب پتا ہی ہے روتے دھوتے تم نے ہی یہ کام کرنا ہے تو اس کا فائدہ شاہ میر نے وہاں پری چیئر پر جھولتے جواب دیا تو رضا نے جھک کر لاش کا چہرا آگے پیچھے کر کہ دیکھا جس کا وہ ستیاناس کر چکا تھا

رضا کے جھکنے پر اس کی شرٹ کا گلا نیچے کو ہوا تو شاہ میر کی تیز نظریں نے اسی وقت وہ نشان دیکھ لیے ایک سیکنڈ کا عمل تھا لیکن شاہ میر کی آنکھوں سے پوشیدہ نہ رہ سکا وہ ایک دم سے چیئر سے اٹھ کر رضا کے قریب آیا

شاہ میر کے اپنے پاس آنے پر رضا نے سر اٹھا کر اسے دیکھا جیسے پوچھنا چاہ رہا ہو اب کیا

لیکن وہ ایک دم سے بھونچکا رہ گیا جب شاہ میر نے اس کی شرٹ کو گلے سے نیچے کرنا چاہا رضا نے گڑبڑا کر شاہ میر کے ہاتھوں کو پکڑا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

کیا کر رہے ہو دماغ خراب ہے تمہارا اگر ہو بھی گیا تو میرا نہیں ہوا میں ایسا سوچ بھی نہیں سکتا تم میری عزت کے ساتھ نہیں کھیل سکتے ابھی رضا اپنی بکواس جاری رکھتا کہ منہ پر پڑنے والے مکے سے اس کی بولتی بند ہو گئی

گدھے میں دیکھ رہا ہوں تو اپنی عزت کس کے پاس لٹا کر آیا ہے دکھا مجھے ذرا شاہ میر نے پھر سے کالر سے پکڑنا چاہا لیکن رضا نیچے کو جھک گیا

دیکھو میر یار یہ پرسنل ہے تم ایسے نہیں کر سکتے رضا نے منت بھرے انداز میں کہا

اگر وہ دیکھ لیتا تو ساری عمر اس کا ریکارڈ لگاتا تھا لیکن شاہ میر ایک ہی جست میں اس تک پہنچا اور رضا کے دونوں بازوؤں سے پکڑ کر پیچھے لاک کیا اور اگلے ہاتھ سے اس کا کالر کھینچا جس پر اس کے بٹن ٹوٹتے چلے گئے اور وہ نشان واضح ہوئے جنہیں دیکھ کر شاہ میر کے قہقہے اس خوفناک کمرے میں گونجے تو رضا کی رونے جیسے شکل ہو گئی

شاہ میر اٹھ کر رضا کو دیکھ کر مسلسل قہقہے لگا رہا تھا جو اس کمرے میں عجیب خوفناک سا منظر پیش کر رہے تھے

رضا کو وہ سچ میں ایک جن ہی لگا خون پینے والا جن

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

یہ جائز نشان ہے میری بیوی کو محبت ہی بہت ہے مجھ سے رضا نے اپنا بھرم رکھنے کو کہا جس پر شاہ میر نے تالی بجائی

جی بالکل یقین ہو گیا ہے مجھے شاہ میر نے طنزاً کہا جس پر رضا وہاں سے باہر نکلتا چلا گیا ورنہ جتنی دیر رہتا وہ اس کا مزاق بنانے سے باز نا آتا

\----------

تم صبح صبح کہاں جا رہی ہو

فجر نے دیا کو تیار ہوتے ہوئے دیکھ کر کہا

میں نہیں تم بھی جا رہی ہو دیا نے اپنی لپ گلوز لگا کر جواب دیا تو فجر حیران ہوئی

کیا مطلب ہم کہاں جائے گے فجر کے حیرت سے استفسار کرنے پر دیا نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھا

دماغ بھی اپنا کیا اس بندر کو دے آئی ہو

نن۔ نہیں تو رضا کہ ذکر پر وہ ایک دم سے گڑبڑا گئی

گھر جانا ہے بھائی کے پاس اور منہا سے بھی تو ملنا ہے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اور ایک سرپرائز بھی ہے دیا نے بیگ میں اپنا سامان رکھتے ہوئے کہا تو فجر نے بھی ڈریسنگ کی طرف دوڑ لگائی

اپنا بیگ گھسیٹ کر لائی اب اس میں پٹک پٹک کر چیزیں رک رہی تھی تم بہت سیلفش ہو دیا خود تیار بھی ہو گئی اور مجھے ٹائم ٹائم پر بتا رہی ہو فجر نے منہ بنا کر کہا تو دیا نے اپنی مسکراہٹ چھپائی

اور سرپرائز کیا ہے فجر سرپرائز والی بات یاد کر کہ بولی

وہ تو وہی جا کر پتا لگے گا

اب جلدی آجانا میں نیچے ویٹ کر رہی ہوں دیا اپنا بیگ نیچے لے گئی جب کہ فجر منہ بنا کر پیکنگ کرنے لگ گئی

\----------

میں چھوڑ آتا ہوں تم لوگوں کو فارس نے دیا کے جانے کی بات سن کر کہا

نہیں میں اکیلے جانا چاہتی ہوں اگر بھائی ڈانٹے بھی تو ہماری عزت افزائی ہوتے تم نا دیکھ سکو دیا نے ٹالتے ہوئے کہا اگر فارس وہی رک جاتا اور شاہ میر دیکھ لیتا تو ایک نئی مصیبت بن جانی تھی

ویسے کہو کہ نہیں لے کر جانا فارس نے تو مزاق میں کہا لیکن دیا سچ میں گڑبڑا گئی

نن۔ نہیں ایسی کوئی بات نہیں تم کل آجانا دیا نے جلدی سے کہا کہی اس کا جھوٹ پکڑا ہی نا جائے

وہ ٹھیک ہی تو کہہ رہی ہیں ہم کل چلیں گے مجھے آج ایک کام ہے اس کے سلسلے میں جانا ہے تم بھی ساتھ چلنا حماد نے فارس اور دیا کی گفتگو میں مداخلت کرتے ہوئے کہا تو فارس نے سر ہلا دیا جبکہ دیا نے سکھ کا سانس لیا

فجر کو آتا دیکھ کر دیا اپنی کرسی سے اٹھی او کے بھائی ہم چلتے اب دیا نے حماد کی طرف دیکھ کر کہا اور ساتھ ہی فجر کو باہر چلنے کا اشارہ کیا جس پر فجر حماد اور فارس کو خدا حافظ کہہ کر اپنا بیگ لے کر باہر کی جانب چلی گئی

ٹھیک ہے خیال رکھنا اپنا اور کل پرسوں تک ہم بھی چکر لگائیں گے

\----------

شاہ میر گھر آیا تو اسے ندا بیگم اور عمران صاحب لاؤنج میں بیٹھے نظر آئے ندا بیگم کی جیسے ہی نظر شاہ میر پڑی ور روتے ہوئے آکر اس کے گلے لگ گئی

کیسی ہیں آپ چچی

اپنے بیٹے کو دیکھ لیا اب ٹھیک ہوں انہوں نے شاہ میر کی پیشانی چوم کر کہا تو وہ صوفے پر آکر بیٹھ گیا سامنے عمران صاحب اپنے موبائل میں مصروف تھے جیسے ان کے علاوہ وہاں کوئی اور ہونا جبکہ ندا بیگم انہیں گھور رہی تھی جنہیں کوئی پرواہ ہی نہیں تھی بیٹا اتنی دیر بعد گھر آیا ہے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

شاہ میر نے اپنا رخ ندا بیگم کی طرف کیا اپنا بازو ان کے کندھے پر پھیلا کر چچی آپ سے بات کرنی تھی وہ اتنے شیری لہجے میں بولا کہ ندا بیگم واری صدقے ہو گئی جبکہ عمران چپکے سے اس کی طرف دیکھتے انہیں پتا تھا کوئی مطلب ہی ہو گا اس جاہل کے پاس

میر ابیٹا ایک کیا سو باتیں کرو ہم تمہاری نہیں سنے گے تو کس کی سنے گے انہوں نے نم آنکھوں سے کہا شاہ میر انہیں دیکھ ہولے سے مسکرایا کتنی کمزور ہو گئی تھی وہ بیٹیوں کا غم کتنا بڑا تھا لیکن پھر بھی وہ شاہ میر کو کبھی ماں کی کمی محسوس نہیں ہونے دیتی تھی

وہ دراصل آپ کے لیے بہو ڈھونڈلی ہے آج رشتہ لے کر جانا ہے

ابھی شاہ میر بات مکمل کرتا عمران صاحب بھڑک پڑے دیکھا--- دیکھا بیگم تم نے یہ بہو پسند کر آیا تو بتا رہا ہے

مجھے تو حیرت ہے اس نے شادی کر کے کیوں نہیں بتایا ساتھ ایک دو بچے لاتا اور لا کر کہتا اب بہو آپ لے آئے وہ ایک دم کھڑے ہو کر گرجے کہ ندا بیگم تو ڈر گئی البتہ شاہ میر ویسے ہی ہونٹوں پر ہاتھ کی مٹھی رکھے انہیں دیکھ رہا ہو جیسے بہت دلچسپ مووی لگی ہو

شاہ میر کے ایسے دیکھنے پر وہ جز بز تو ہوئے ہی لیکن غصے والے تاثرات ہنوز چہرے پر سجائے رکھے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اب دیکھو بے شرم دیکھ کیسے رہا ہے اب پھوٹو بھی کچھ کہ لڑکی کہا کی ہے گھر بار کیسا ہے یا کسی جنگل سے اٹھالائے ہو وہ پھر سے بھڑک کر بولے تو شاہ میر آہستہ سے اٹھ کر چھوٹے چھوٹے قدم لیتا ان کے پاس آکر کھڑا ہوا جب کہ عمران صاحب کا اب دل ہول رہا تھا اب تو ان کا دل اتنا نازک تھا کہ برتن میں چمچ کی آواز سے کانپ جاتا تھا اگر اس نے آج پھر کچھ کر دیا تو انہیں تو اگلا موقع بھی نہیں ملے گا ابھی وہ کچھ سمجھتے کہ شاہ میر نے انہیں اپنی بانہوں میں بھر کر زمین سے اوپر اٹھالیا

آئی لو ویو سو مچ چاچو

شاہ میر کے ایسے رد عمل پر وہ حیران ہوتے چلائے

چھوڑ مجھے جاہل ڈنگر انسان میری پسلیاں ٹوٹ جانی

جبکہ ندا بیگم مسکراتے ہوئے کچن میں چلی گئی

جب شاہ میر نے انہیں زمین پر کھڑا کیا تو وہ ہانپ رہے تھے لیکن انہیں گلے لگائے رکھا

ویسے کتنا جانتے ہیں نا آپ مجھے شاہ میر نے سرگوشی کی تو وہ حیران ہوئے

کیا مطلب انہوں نے بے چینی سے استفسار کیا کہی سچ میں تو بچے پیدا نہیں کر رکھے

ہاہاہا میرے معصوم چاچو مطلب یہ کہ آپ کی پیشن گوئی تھوڑی غلط باقی ٹھیک تھی شاہ میر نے ویسے ہی پھر سرگوشی کی تو انہوں نے دانت پیسے

پیچھے ہٹ کر بکواس کرو کیا کہنا ہے انہوں نے اسے پیچھے کرنا چاہا لیکن وہ ڈھیٹوں کی طرح ویسے ہی چپکا رہا

نہیں مجھے شرم آئے گی بتاتے ہوئے تو ایسے ہی بتاتا ہوں

میں سوچ رہا تھا ڈائریکٹ ولیمہ کرتے ہیں

کیا بکواس کر رہے ہو ولیمہ کیا نکاح سے پہلے کر لے گے پڑھے لکھے جاہل انسان

انہوں نے ویسے ہی دبی دبی آواز میں چیخ کر کہا کیونکہ وہ نہیں چاہتے تھے ندا بیگم سنے اور پھر ان پر الزام لگائے کہ وہ ان کے بیٹے سے پیار نہیں کرتے

ہاہاہا میں نے کہا نا آپ کی آدھی پیشن گوئی ٹھیک تھی آپ کو دادا تو نہیں بنایا ابھی لیکن جلد ہی بن جائے گے کیونکہ شادی اور گولڈن نائٹ منا کر آرہا ہوں شاہ میر کی اتنی بے شرمی پر ان کا چہرا ایک دم سے سرخ ہوا وہ تو شکر تھا اس بے شرم نے واقع یہ بات ان کی منہ پر نہیں کی ورنہ اسے تو شرم آتی یا نا آتی وہ خود نظریں کیسے ملاتے اپنی بات کہہ کر وہ انہیں وہی چھوڑ کر اپنے کمرے کی طرف چلا گیا

یہ آپ کا چہرا اتنا لال کیوں ہو رہا ہے ندا بیگم جب کچن سی آئی تو ان کا اتنا سرخ چہرا دیکھ کر فکر مندی سے پوچھ بیٹھی

اپنے بھائی کہ جلدی دنیا سے جانے پر رب کی مصلحت اب سمجھ آگئی اور اپنے گناہ یاد کر رہا تھا جس کی ایسی سزا مل رہی انہوں نے اپنے کمرے کی طرف جاتے ہوئے کہا جبکہ ندا بیگم حیران پریشان ان کی پیٹھ دیکھ رہی تھی پھر سر جھٹک کر شاہ میر کہ کمرے میں چلی گئی تا کہ اسے کھانے کے لیے بلا سکیں

\----------

دیا اور فجر گھر پہنچی تو ماہر گھر نہیں تھا جبکہ وہ منہا کے ساتھ بیٹھی اتنے سالوں کی اکٹھی ہوئی باتیں کرنے میں مصروف ہو گئی

یار منہا اتنا ٹائم ہو گیا شادی کو ہمیں خالہ کب بناؤ گی یار بہت دل کرتا کوئی چھوٹو سا بے بی آئیں اور میں اس کے ساتھ کھیلوں

فجر نے منہا کا روم دیکھتے ہوئے کہا وہ جب سے آئی تھی کبھی ایک چیز لے کہ بیٹھ جاتی اور اس کی تعریف میں زمین آسمان ایک کر دیتی اسے سچ میں ماہر کی چوائس بہت پسند آئی تھی

لیکن فجر کی بات پر منہا کے چہرے پر ایک دم سایہ لہرا کر گزرا

دیا نے منہا کی فق ہوتی شکل دیکھی اور فجر کو ٹوکنا چاہا جو دوسرے طرف منہ کیے اپنی ہی ہانکی جا رہی تھی

تمہیں نہیں پتا میرا بھائی بہت شدت پسند ہے اپنی محبت میں شراکت نہیں برداشت کر سکتا اسی لیے وہ بے بی پلین نہیں کر رہا ہو گا تاکہ اپنی مسسز کے ساتھ زیادہ سے زیادہ ٹائم سپینڈ کر سکے دیا نے فجر کی بات کا اثر زائل کرنے کو کہا لیکن وہ نہیں جانتی تھی کہ وہ انجانے میں اسے پھر سے تکلیف دے گئی شراکت کی بات پر منہا کی آنکھوں کے سامنے اپنا خوفناک ماضی گھوم گیا بامشکل اپنے آنسوؤں پر بندھ باندھ کر دیا کی بات پر اس نے سر ہلایا اور پھر وہاں سے اٹھ گئی

منہا یار بھائی کو منا لینا تمہیں سب بتا تو چکی ہوں اور شاہ میر کا تمہیں پتا ہے نا کتنا جذباتی ہے تو پلیز تم کوئی سیٹنگ کر دینا دیا نے پیچھے سے منہا کو حصار میں لے کر کہا تو وہ مسکرا دی

اور اگر تمہارے بھائی نے میری بھی نا مانی

تمہاری کوئی بات وہ رد ہی نہیں کر سکتے دیا پر یقین لہجے میں کہا تو منہا کو انجانی سی خوشی ہوئی واقع وہ شخص کتنی محبت کرتا تھا اس سے

میں منا لوں گی تم فکر نا کرو

اور فجر تم اپنی مما سے بات کرو یار انہیں مناؤ دیا کہ ساتھ تمہاری بھی رخصتی ہو جائے تو کوئی مسئلہ نہیں ہو گا منہا نے فجر سے کہا

مم۔میں رضا سے بات کر لو پہلے کہ وہ اپنی فیملی سے بات کر لے پھر مما سے کرتی ہوں فجر نے گڑبڑا کر جواب دیا تو منہا نے اسے گھوری سے نوازا

تبھی کمرے کا دروازا کھلا اور ماہر اندر آیا ماہر کو دیکھ کر منہا کے چہرے پر خوبصورت مسکراہٹ نے احاطہ کیا جسے فجر اور دیا نے دیکھ کر دل میں ماشاءاللہ بولا

لیکن ماہر دیا کو دیکھ کر سرد تاثرات لیے واشروم میں چلا گیا

تو دیا نے بے بسی سے منہا کی طرف دیکھا جس نے اشارے سے سب ٹھیک ہو گا کہا

ہم جاتے ہیں تم بھائی کو منا لینا دیا فجر کا ہاتھ پکڑ کر باہر لے گئی

\----------

ماہر غصے میں واشروم تو آ گیا تھا لیکن کپڑے تو غصے میں لایا نہیں

منہا میرے کپڑے پکڑاؤں یار ماہر نے آواز دے کر منہا سے کہا تو وہ جلدی سے اپنی جگہ سے اٹھی

جج۔جی میں دیتی ہوں منہا نے جلدی سے جواب دیا اور کبرڈ کی طرف بڑھی ماہر نے باہر صرف منہا کی موجودگی محسوس کر کے سر باہر نکال کر دیکھا تو واقع فجر اور دیا چلی گئی تھی جس پر اس کے چہرے پر مسکراہٹ آئی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

یہ لیں ماہر منہا نے ہاتھ اندر کر کے کپڑے پکارنا چاہے جب ماہر نے اسے کلائی سے پکڑ کر اندر کھینچ لیا منہا اس اچانک افتاد پر بھونچکا رہ گئی

جب کہ ماہر اب منہا کی کمر میں اپنا حصار تنگ کر چکا تھا جب منہا نے بوکھلا کر اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر پیچھے کرنا چاہا لیکن اسے شرٹ لیس دیکھ کر سختی سے اپنی آنکھیں بند کر لیں

جس پر ماہر نے اپنا حصار بالکل تنگ کر دیا اور منہا بالکل اس کے سینے سے جا لگی منہا کی گرم سانسوں کا اتراؤ چڑھاؤ ماہر کو اپنے سینے پر محسوس ہو رہا تھا جب کہ منہا ماہر کی گرم سانسوں کی تپش اپنی گردن کی جلد پر محسوس کر رہی تھی

آنکھیں کھولو منہا ماہر نے سنجیدہ آواز میں کیا تو منہا نے اور سختی سے بند کر لی

اگر تم چاہتی ہو کہ میں تمہاری دوست کی بات مان جاؤ تو آنکھیں کھولو ماہر کی بات پر جھٹ سے منہا نے آنکھیں کھولیں تو ماہر کے چہرے پر مسکراہٹ رینگ گئی

آپ مان جائیں نا وہ بہت خوش رہے گی ماہر منہا نے ہمت کر کہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا اور ہم -- ہم کب خوش ہوگے زندگی تمہیں احساس ہے کہ ہم اتنے پاس ہو کر بھی کتنے دور ہیں تمہیں ان کی محبت خوشی کی پرواہ ہے اور میری محبت میری خوشی

ہم کب تک ایسے ادھورے رہے گے کبھی کبھی مجھے لگتا ہے میں تمہیں پا کر بھی کھو چکا ہوں منہا مجھے ہمارا یہ ادھورا رشتہ اندر سے مار رہا ہے ماہر کی بات پر منہا نے جلدی سے اپنا ہاتھ اس کے ہونٹوں پر رکھ دیا جس پر ماہر نے اپنا شدت بھرا لمس چھوڑ کر اس ہاتھ کو اپنے سینے پر دل کے مقام پر رکھ کر اپنے ہاتھ میں قید کر لیا

منہا کا ہاتھ کانپ گیا جسے ماہر نے بھی محسوس کیا

مجھے ڈر لگتا ہے ماہر مجھے لگتا مم۔میں بھیگی آواز پر قابو پا کر بات جاری رکھی ماہر بھی چاہتا تھا کہ وہ اپنے دل کی باتیں اس سے کرے تبھی بولنے دیام۔مجھے لگتا میں آپ کو کھو دو گی میں مر جاؤں گی ماہر وہ ایک دم سے سسک پڑی تو ماہر نے سختی سے اپنے ہونٹ بھینچ لیے

ادھر دیکھو منہا میں نے کہا میری طرف دیکھو ماہر نے سرد آواز میں کہہ کر منہا کا چہرا اپنے ہاتھوں میں بھرا

تم کبھی مجھے نہیں کھو سکتی ماہر شاہ پہلے دن سے تمہارا تھا اور قیامت تک تمہارا ہی رہے گا موت پر زور نہیں لیکن تمہیں اتنا یقین ہونا چاہیے مجھ پر کہ اگر کبھی تمہارا دل نا دھڑکا تو سانسیں میں بھی نہیں لے سکوں گا تمہیں لگتا ہے تم مر جاؤ گی اور میں یہ خبر سن کر غم سے نڈھال ہوں گا تو میرا وعدہ ہے تم سے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

میں خبر سے پہلے تم تک پہنچ جاؤ گا وہ اتنی شدت سے بولا کہ منہا کو اپنا رواں رواں کانپتا محسوس ہوا اپنی بات کہہ کر منہا کے گرد سے اپنا حصار ختم کر کے پیٹھ کر کہ کھڑا ہو گیا

اپنے اشتعال پر بامشکل قابو پایا منہا کے منہ سے مرنے کا سن کر اسے اپنا دم گھٹتا محسوس ہوا اور سچ ہی تو تھا کیا وہ موت سے لڑ سکتا تھا شاید نہیں اور وہ اسے بھی کوئی جھوٹی تسلی نہیں دینا چاہتا تھا لیکن اسے یقین تھا کے وہ اس کے بغیر زندہ نہیں رہ پائے گا

ابھی وہ انہیں سوچو میں گم تھا کہ اسے اپنی سینے پر نرم گرم ہاتھوں کا لمس محسوس ہوا ماہر نے چونک کر دیکھا تو منہا نے اپنا کمزور سا حصار اس کے گرد باندھا تھا اور سر اس کی پیٹھ سے ٹکا دیا ایک خوشی کی لہر ماہر کو اپنے رگ وپے میں سرایت کرتی محسوس ہوئی

اگر آپ مان جائیں گے تو بدلے میں آپ کو مسسز منہا ماہر شاہ ملے گی منظور ہے منہا نے سرگوشی سے بھی کم آواز میں کہا اگر ماہر کا سارا دیہان اس کی طرف نا ہوتا تو شاید وہ سن بھی نہیں پاتا ماہر نے پلٹ کر اسے اپنے حصار میں قید کر کے ایک دم سے منہا کی سانسوں سے اپنی سانسیں الجھا دی منہا کی سانسوں کی خوشبو کو پوری شدت سے وہ خود میں جذب کرنے کی کوشش کر رہا تھا

جبکہ منہا نے اپنے ہاتھ ماہر کے کندھوں پر رکھ دیے جب ماہر کافی دیر دور نا ہوا تو منہا نے اپنے نازک ہاتھوں سے اس کے کندھوں پر مکے برسائے لیکن وہ تو جیسے برسوں کی پیاس بجھانے میں مصروف تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اپنی منمانی کرنے کے بعد ماہر پیچھے ہوا تو منہا نے اپنا سر اس کے کندھے سے ٹکا دیا جبکہ ماہر اس کی پیٹھ سہلا کر اس کے بے ترتیب ہوئی سانسوں کو ہموار کر رہا تھا جبکہ ہونٹوں پر نا ختم ہونے والے مسکراہٹ تھی

منہا نے ایک دم سے ماہر کا حصار توڑ کر پیچھے کیا

یہ سب مان جانے کے بعد کہا تھا آپ تو ابھی سے شروع ہو گئے منہا بڑبڑاتی ہوئی باہر چلی گئی جبکہ ماہر خوشی سے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیر کر رہ گیا

اچھا سنو کپڑے تو دے جاؤ یہ تو نیچے گرا دیے یا میں ایسے ہی باہر آ جاؤ ماہر نے پیچھے سے ہانک لگائی جو مرضی کرے میں جا رہی ہوں منہا نے جواب دے کر ٹھک سے دروازا بند کر کے باہر چلی گئی

\----------

شام میں عمران صاحب اور ندا بیگم ڈھیر سارے تحائف لے کر آئے

انہوں نے آ کر ڈائریکٹ شادی کی ہی بات کی عمران صاحب کا کہنا تھا ان کے بیٹے کی واپسی جلدی ہے اسی لیے وہ جلد از جلد شادی کرنا چاہتے ہیں

ماہر نے اپنا ولیمہ پلین کیا اور اسی دن دیا کی رخصتی کا کہا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

لیکن دیا کا کہنا تھا وہ اپنے بھائی کی شادی اچھے سے دیکھنا چاہتی ہے پھر ماہر کہ ولیمہ پر دیا اور شاہ میر کی مہندی اور اگلے دن بارات طہ پائی عمران صاحب اور ندا بیگم دیا کو ڈھیروں دعائیں دے کر رخصت ہو گئے

رات میر ا انتظار کرنا مسسز سود سمیت سارے حساب بے باک کرنے ہیں ماہر نے صوفے پر بیٹھی منہا کے کان میں جھک کر سرگوشی کی اور اٹھ کر لمبے لمبے ڈگ بھرتا باہر کی جانب چلا گیا جبکہ رات کا سوچتے ہی منہا کی ہتھیلیاں پسینے سے نم ہونے لگی

\----------

یہ کیا بکواس ہے ہمارے درمیان ایسی کوئی ڈیل نہیں ہوئی میں بہت پہلے ہی لڑکیوں کی سمگلنگ سے منع کر چکا ہوں ماہر نے دھاڑ کر اپنے سامنے بیٹھے ریچرڈ سے کہا

یہ ڈیل تمہارا پہلا باس کر چکا ہے اور ہم معاوضہ بھی دے چکے ہیں اور صرف لڑکیاں ہی نہیں وہ ہمیں چھوٹے بچے بھی سمگل کرنے والا تھا

ریچرڈ کی بات پر ماہر نے اپنے خاص آدمی کو خونخوار نظروں سے دیکھا

سس۔۔ سر جب آپ باس بنے تھے اس سے پہلے سے بچوں کو کیڈنیپ کرنا شروع کر دیا تھا ہم مجبور تھے آدمی نے منمنا کر کہا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

کتنے بچے ہیں اور کہاں ہیں اب اور لڑکیاں ماہر نے سرد آواز میں پوچھا

سر نیچے بیسمنٹ میں آج ہی شفٹ کی گئی ہیں ماہر نے غصے سے اپنے جبڑے بھینچ لیے

دیکھو ہمارے ساتھ غداری کی سزا بہت بری ہو گی اگر یہ بچے اور لڑکیاں نا پہنچی تو اپنے اور ان بچوں کے نقصان کے زمہ دار تم خود ہو گے یہ ڈیل پوری کرو بعد میں چاہے ہم سے کوئی ڈیل نا کرنا وہ تم لوگوں کا مسئلہ ہے

ان کو تمہارے حوالے کرنے سے کیا یہ نقصان سے بچ جائے گے ماہر نے خونخوار لہجے میں کہا وہ جتنا یہ سب ختم کرنا چاہتا تھا اتنا ہی اس دلدل میں دھنستا جا رہا تھا اسے پتا تھا آج یہ سمگلنگ ہو گی تو کل پھر وہ کسی طرح مجبور کر دیا جائے گا اور پھر یہ سب اس کے مرتے دم تک جاری رہے گا

نہیں یہ محفوظ تو نہیں ہو گی لیکن میرے لوگوں کی مزید درندگی سے بچ جائیں گے اب دن بتاؤ کس دن یہ مال پہنچے گا

ہفتہ کی رات کو سب مال پہنچ جائیں گا اس کے بعد ہمارا کونٹریکٹ ختم سمجھے ماہر نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا تو ریچرڈ سر ہلا کر وہاں سے چلا گیا

اب دکھاؤ مجھے کہا ہیں وہ بچے اور لڑکیاں ماہر دھاڑا تو اس کا خاص آدمی راشد جلدی سے نیچے کی طرف بھاگا تو ماہر اس کے پیچھے آیا

بیسمنٹ میں پہنچ کر ماہر کو لگا اس کے پیروں سے زمین کھینچ لی گئی ہو وہ چاہے اس سب کا حصہ تھا لیکن کبھی یہ سب دیکھا نہیں تھا وہ ڈرگز اور ہتھیاروں تک ہی محدود رہا تھا

اور اب وہ اپنے سامنے پانچ سے لے کر پندرہ سال تک کے بچوں کو دیکھ رہا تھا جو ابتر حالت میں لیٹے ہوئے جنہیں نشے کے انجیکشن لگائے گئے تھے اور کچھ بچوں کو اپنی درندگی کا نشانہ بھی بنایا گیا تھا

اور لڑکیاں ماہر نے اپنی آواز پر قابو پا کر کہا تو راشد اسی کمرے میں بنی دیوار کے پاس آیا ایک بٹن پریس کیا تو وہ کھلتی گئی جہاں چالیس سے زیادہ لڑکیاں نیم برہنہ حالت میں پڑی ہوئی تھی ماہر کے لیے وہاں کھڑے رہنا محال ہو گیا تھا

\----------

یہ جاہل کھوتا انسان پہلے اتنی جلدی مچا رکھی تھی شادی کی اور اپنی بیوی کو چھوڑ کر کہا دفع ہو گیا وہ ایک دم سے کھڑے ہو کر گرجے تو دیا بھی ڈر گئی

بابا وہ یونیفارم میں گئے تھے شادی ڈیوٹی پر واپس دیا نے منمنا کر کہا

تو ڈیوٹی کی بات سن کر ان کا غصہ کم ہوا لیکن وہ انہیں بتا کر اور مل کر بھی نہیں گیا تو پھر سے چہرے کے تاثرات تن گئے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ہمیں تو عادت ہے بیٹا مہینوں بعد کچھ دن کے لیے آتا ہے ان میں بھی کبھی جلدی بلا لیتے ہیں لیکن تم فکر نا کرو اب آئے گا تو میں اسے کہو گی ہماری بیٹی کو ساتھ ہی لے کر جایا کرے ندا بیگم نے عمران صاحب کو گھوری ڈالی جو بلاوجہ بہو کے سامنے اپنے رعب ڈال رہے تھے اس کے شوہر پہ

اگر وہ سامنے ہوتا پھر یہ رعب نظر بھی نہیں آنا تھا

اسی لیے بات ٹالتے دیا سے کہا تو وہ مسکرا دی

نہیں وہ جائیں گے تو میں ان کا انتظار کر لیا کروں گی لیکن رہو گی یہی آپ کے پاس ہی دیا نے ان کا ہاتھ تھام کر کہا تو ندا بیگم کی آنکھیں نم ہو گئی انہوں نے پیار سے دیا کا ماتھا چوما

چلو آؤ بیٹا ناشتہ کر لیں وہ اس کا ہاتھ تھام کر اٹھی وہ نہیں چاہتی تھی کہ دیا انہیں مطلبی سمجھے کے اپنی تنہائی کی وجہ سے خود سے باندھ کر رکھ لیا لیکن دیا کے اتنے پیار سے کہنے پر ان کا دل بھر آیا یہ تنہائی اور گھر کا سناٹا کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا ان میاں بیوی کو

شاہ میر آتا تھا تو انہیں لگتا تھا یہی دن تو بس جینے کے ہیں باقی کے دن وہ اس کے انتظار میں گزر جاتے تھے

کتنا شوق تھا اسے کہ شاہ میر کی بیوی آئے تو گھر میں رونق ہو اس کے بچوں کی قلقاریاں اس گھر میں گونجے

لیکن شاہ میر کی جاب کا سوچتے تو وہ نہیں چاہتے تھے اپنی خود غرضی میں وہ اس کی بیوی کو اس سے دور رکھے

لیکن دیا کی بات سن کر ان کے دل کو سکون ملا تھا

لیکن وہ پھر بھی شاہ میر سے بات کرنے کا ارادہ رکھتی تھی کہ وہ دیا کو ساتھ لے جانا چاہتا ہے یا نہیں پھر آگے جو وہ فیصلہ کرے

\----------

آج دو دن بعد وہ رات کے پہر وہ گھر آیا تھا

کچن میں جا کر کھانا گرم کر کے وہی بیٹھ کر کھانا کر آہستہ قدموں سے چلتے روم کے دروازے کے پاس آکر گہری سانس لی

ہینڈل گھما کر دروازا کھول کر اندر داخل ہوا تو نظر سامنے سوئے ہوئے وجود پر گئی

جہاں وہ اپنے کھلے بال تکیے پر پھیلائے اور اپنے بازوؤں میں شاہ میر کے تکیے کو دبوچے نیند کی وادیوں میں گم تھی

شاہ میر کو اپنی دو دنوں کی تھکان پل میں غائب ہوتی محسوس ہوئی وجود میں سکون کی ایک لہر سرائیت کر گئی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اپنا بیگ صوفے پر رکھ کر آہستہ قدموں سے بیڈ کے پاس آیا تھوڑا سا جھک کر چہرے پر آئی زلفوں کو ہاتھ کے مدد سے پیچھے کر کہ ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا

پھر آہستہ سے بنا آواز پیدا کیے واشروم میں گم ہو گیا اپنے بال ٹاول سے خشک کرتے شرٹ لیس وہ واشروم سے باہر آیا تو نظریں مسلسل دیا کے چہرے کا طواف کر رہی تھی

ٹاول صوفے پر اچھال کر وہ بیڈ پر اپنی سائیڈ آ کر لیٹ گیا

آنکھوں کر سامنے دو دن پہلے کے منظر گھومے تو اپنا سر جھٹک کر رخ دیا کی طرف کیا ہاتھ بڑھا کر اپنا تکیہ اس کی بانہوں سے نکال کر اپنے سر تلے رکھا تو دیا نے تکیہ غائب ہونے پر منہ بنایا

جیسے نیند میں بھی یہ عمل پسند نا آیا ہو

تھوڑا سا آگے کھسک کر ہاتھ بڑھا کر دیا کو اپنی جانب کھینچا تو وہ نیند میں اس کے سینے سے آ لگی

اپنی نیند سے بھری آنکھیں تھوڑی سی کھول کر دیکھنا چاہا کہ آخر اس کے ساتھ ہوا کیا ہے لیکن شاید نیند زیادہ گہری تھی تھوڑی سی واہ ہوئی آنکھوں کو دوبارا سے بند کر لیا

جبکہ شاہ میر دیا کی معصوم حرکتوں کو دیکھ کر مسکرائے جا رہا تھا

افففف میری سلیپنگ بیوٹی شاہ میر نے اپنی گال دیا کی گال سے رب کر کہ کہا تو شاہ میر کی داڑھی کی چھبن پر نیند میں ہی ہاتھ مار کر شاہ میر کو پیچھے کرنا چاہا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جس پر شاہ میر نے اپنی انگلیاں دیا کی انگلیوں میں پھنسا کر بستر سے لگا دی اور جھک کر دیا کی خوشبو میں گہری سانس بھری اپنی روح تک دیا کی خوشبو کو بسا کر شاہ میر نے دیا کو دوسری طرف کروٹ دلا کر اس کی پیٹھ اپنے سینے سے لگا کر اپنے بے قابو ہوتے جذبات پر بندھ باندھنے کی کوشش کی

لیکن اپنی بیوی کی اتنی پکی نیند پر وہ دل میں عش عش کر اٹھا

آنکھیں بند کر کے سونے کی کوشش کی کیونکہ صبح جو اس کے چچا نے میدان جنگ لگانا تھا اس کی تیاری بھی تو کرنی تھی

\----------

مجھے یہ بتاؤ منہا کب سے ڈر گزلے رہی تھی تم منہا کی ماما کا بس نہیں چل رہا تھا کہ اسے دو تھپڑ ہی لگا دے

ماہر کے گھر نا آنے پر وہ اس کی طرف آگئی تھی پہلے بھی کبھی جب ماہر میٹنگز کے سلسلے میں باہر جاتا تھا تو وہ منہا کے پاس آجاتی تھی

جب وہ آئی تو انہیں منہا بہت کمزور محسوس ہوئی شام میں کھانا کھاتے ہوئے اسی کھانسی ہوئی تو پھر منہ سے اور ناک سے خون بہنا شروع ہو گیا

جس پر ان کے ہاتھ پاؤں پھول گئے وہ اسے لیے ہاسپٹل گئی تو وہاں

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

انہیں پتا چلا کہ وہ کافی ہیوی ڈوز کے ڈرگز لے رہی تھی اب شاید لینا چھوڑ دیے ہیں اسی لیے یہ ہو رہا ہے انہوں نے کچھ میڈیسنز لیکن کر دی جو اسے لینی تھی

اور اب گھر آکر رضیہ بیگم کا دل کر رہا تھا اپنی اتنی اچھی اور سمجھدار اولاد کا منہ تھپڑوں سے لال کر دے جس نے کبھی کوئی الٹا کام نہیں کیا تھا

اور اب کیا بھی تھا تو خود کا کتنا نقصان کرنے چلی تھی یہ لڑکی

کس وجہ سے لیے تم نے ڈرگز منہا اتنی محبت کرنے والا شوہر اتنی اچھی نند ملی کس چیز کی کمی تھی وہ مسلسل بول رہی تھیں

لیکن منہا سر جھکائے بیٹھی تھی

منہا مجھے بتاؤ بیٹا کوئی پرو بلم تھی کیا ماہر کا رویہ ہمیں تو تمہارے ساتھ بالکل ٹھیک لگتا ہے لیکن اگر اس کے برعکس کچھ ہے تو اپنی ماں کو بتاؤ انہوں نے روتی ہوئی منہا کو گلے لگا کر کہا تو وہ سسک پڑی

نہیں مما ماہر بہت اچھے ہیں میں ہی ان کے قابل نہیں تھی مما

میں خود تو اذیت میں مبتلا رہی انہیں بھی اپنے ساتھ اسی اذیت میں مبتلا رکھا ایم سوری مما پلیز انہیں مت بتائیں گا رضیہ بیگم کے گلے لگے سسکتی ہوئی وہ انہیں بھی حیران کیے جا رہی تھی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ادھر دیکھو بیٹا مجھے بتاؤ کیا مسئلہ ہے کوئی ایسے تو نہیں ڈرگز لینا شروع کر دیتا تم نے خود شروع کیے یا کسی نے تمہیں زبردستی ڈرگز پر لگایا مجھے بتاؤ میں وعدہ کرتی ہوں ماہر کو نہیں بتاؤ گی انہوں نے پچکارتے ہوئے اس سے پوچھنے کی کوشش کی

مم۔میں نے خود ہی وہ ملازمہ تھی اس سے منگواتی تھی لیکن ایک دن ماہر نے اسے نکال دیا وہ کافی غصے میں تھے میرے پوچھنے پر انہوں نے ٹال دیا جب سے وہ ملازمہ گئی ہے میں نے نہیں لیے اور اب میں لینا بھی نہیں چاہتی مما لیکن مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے

پہلے روز ماہر مجھے جوس دیتے تھے خود ہاتھوں سے بنا کر تب مجھے اتنی طلب نہیں ہوتی تھی لیکن دو دن سے مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا مما میں کیا کروں منہا روتے ہوئے ان کی گود میں سر رکھ کر سسکنے لگی اور رضیہ بیگم کا دل کیا اپنی بیوقوف بیٹی کا حشر کر دے جس سے چھپانے کا کہہ رہی ہے وہ سب جانتا تھا اور جوس کی وجہ سے نہیں شاید ان کا داماد اپنی بیوی کا پردہ رکھ رہا تھا اور اسے میڈیسن دیتا تھا کہ اسے ڈرگز کی ضرورت محسوس نا ہو

وہ جتنا رب کا شکر ادا کرتی کم تھا جو انہیں اپنی بیٹی سے اتنی محبت کرنے والا شوہر ملا تھا تین سال شادی کو ہو گئے تھے انہوں نے کبھی ماہر کو منہا سے اونچی آواز میں بات کرتے تک نہیں دیکھا تھا وہ تو اسے ہاتھ کا چھالا بنا کر رکھتا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

کبھی اولاد ہونے کا بھی شکوہ نہیں کیا حالانکہ رضیہ بیگم کئی بار منہا کو ڈاکٹر کے پاس چلنے کا بول چکی تھی جس پر ماہر نے ہمیشہ یہی کہاں جب ان کے نصیب میں ہو گی تو اللہ عطا کر دے گا

وہ اپنی سوچوں میں گم تھی جب ان کی نظر منہا پر گئی جو ان کی گود میں سر رکھے سو چکی تھی

صبح دیا کی آنکھ کھلی تو نظر شاہ میر کے صبیح چہرے پر گئی کافی دیر دیا پلک جھپکائے بغیر اسے دیکھتی رہی پھر آہستہ سے شاہ میر کا حصار توڑ کر تھوڑا سا اوپر ہوئی اور شاہ میر کے ماتھے پر بکھرے بال اپنی انگلیوں سے سائیڈ پر کیے

جب اچانک نظر گھڑی پر گئی جو صبح کے دس بجے کا بتا رہی تھی تو اتنی دیر سوتے رہنے پر اسے حیرانی ہوئی اور جلدی سے واشروم کا رخ کیا

واشروم سے آکر شاہ میر کو جگائے بغیر باہر کا رخ کیا

السلام وعلیکم مما دیا نے کچن میں آکر ندا بیگم کو سلام کیا تو ہولے سے مسکرا دی

وعلیکم السلام جیتی رہو تم کچن میں کیوں آگئی باہر جا کر بیٹھو بس یہ ناشتہ لگوا رہی ہوں میں انہوں نے دیا کو دیکھتے کہا

وہ ماما وہ آگئے تھے رات دیا نے ہاتھ مسلتے ہوئے آہستہ آواز میں کہا تو دیا کی بات پر پہلے وہ حیران ہوئی پھر مسکرا پڑی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

چلو بیٹا اسے بھی جگا دو پھر

وہ پتا نہیں رات کب آئیں اسی لیے میں نے جگانا مناسب نہیں سمجھا دیا نے کہا تو انہوں نے سر ہلا دیا

ملازمہ سے کہہ کر انہوں نے ناشتہ لگوایا اور دیا کو لیے ڈائیں نگ ٹیبل پر آ گئی

\----------

السلام و علیکم بابا دیا نے عمران صاحب کو سلام کیا تو وہ کھل کر مسکرا دیے

وعلیکم السلام جیتی رہو دیا کے آنے سے ان کے سونے گھر میں ایک خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی اب گھر میں

دیا کی آواز گونجتی رہتی تھی تو لگتا تھا کہ اس گھر میں بھی کوئی رہتا ہے

دیا کہاں ہو یار فوراً اندر آؤ کپڑے نکال کر دو مجھے دیا جو چائے پی رہی تھی شاہ میر کی آواز پر ایک دم سے

پھندا لگا تو ندا بیگم جلدی سے اس کی طرف آئی اور اس کی پیٹھ سہلانے لگی

جب کی عمران صاحب نے گھور کر دروازے کو دیکھا

یہ نالائق کب نازل ہوا انہوں نے دروازے کو گھورتے ہوئے دیا سے پوچھا تو وہ بیچاری اپنے شوہر کی

عزت افزائی پر شرمندہ ہو گئی

وہ پتا نہیں بابا رات کے کس پہر آئے میں تو سو رہی تھی دیا نے منمنا کر کہا تو انہوں نے ہنکارہ بھرا

دیا ابھی اٹھ کر جاتی کہ انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

بیٹھی رہو کر لے گا خود ہی انہوں نے اپنا ناشتہ کرتے ہوئے کہا تو دیا کنفیوز سی ہو کر بیٹھ گئی

دیا تم آ رہی ہو یا میں ایسے ہی باہر آ جاؤ شاہ میر کی آواز پر وہ ایک دم سے اپنی جگہ سے اچھل کر کھڑی ہوئی

تو ندا بیگم نے اسے جانے کا اشارہ کیا تو دیا نے ایک نظر عمران صاحب کو دیکھا جو ندا بیگم کو گھور رہے تھے اور پھر ندا بیگم کو جو اب جواباً انہیں گھور رہی تھی

بیٹی بنا کر لائے ہیں اس نواب زادے کی ملازمہ نہیں پہلے تو اپنے پسند کیے کپڑوں کے علاوہ کسی کے آتے نہیں تھے اور اب دیکھو کیسے حکم چلا رہا ہے وہ دبی دبی آواز میں چلائے تو ندا بیگم نے دیا کو جانے کا کہا

تم جاؤ بیٹا یہی بات جب یہ اس کے منہ پر کہہ دے پھر بے شک نا جایا کرنا انہوں نے عمران صاحب کو جواب نا دیتے دیا سے کہا تو وہ آہستہ آہستہ قدم لیتی دروازے تک گئی

\----------

جیسے ہی وہ کمرے میں داخل ہوئی اس کی آنکھیں حیرت سے پھٹی کی پھٹی رہ گئی

کیونکہ شاہ میر نے پورے کمرے میں کپڑے پھلائے ہوئے تھے اور خود نواب صاحب بیڈ پر کپڑوں کے ڈھیر کے اوپر بیٹھا اپنی شرٹ کے بٹن بند کر رہا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا کو دیکھ کر شاہ میر نے مسکراہٹ پاس کی تو اس کا دل کیا اپنے بال نوچ لے

نیچے سے کپڑے اٹھاتے وہ شاہ میر تک آئی جو پھر سے اپنے کام میں مصروف ہو گیا

یہ سب کیا ہے میر ایسے کیسے کر سکتے ہو پورے کمرے کا نقشہ ہی بدل دیا وہ ابھی بھی حیرت سے ارد گرد دیکھتی بولی

شاہ میر نے سر اٹھا کر اپنے سامنے کھڑی اپنی بیوی کو دیکھا جسے اپنے شوہر کی واپسی کی خوشی سے زیادہ کمرے کی حالت پر دکھ ہو رہا تھا

دیا کو سمجھنے کا موقع دیے بغیر اسے ایک دم سے کلائی سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا جس سے وہ اس کے سینے سے آ لگی

کمر میں بازو حمائل کر کے اس بیڈ پر پٹخنے کے انداز پر لٹایا اور اپنے دونوں ہاتھ اس کے ارد گرد رکھے

شوہر دو دن بعد تھکا ہارا گھر آیا اس کی راحت و سکون کا سامان کرنے کی بجائے تم صبح صبح اٹھ کر باہر چلی گئی اور اب میرے اتنی آوازیں دینے کی باوجود بھی میرے دشمن اول کی باتوں پر عمل کر رہی تھی

شاہ میر سنجیدہ چہرہ لیے بولا تو دیا ایک پل کے لیے ڈر گئی لیکن نظر جب اس کی مسکراتی آنکھوں سے ٹکرائی تو آنکھیں ایک دم سے نم ہوئی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

تم بہت بتمیز ہو میر دیا نے اس کے سینے پر مکہ برساتے ہوئے کہا تو شاہ میر نے اس کے دونوں ہاتھ تھام کر سر کے اوپر لاک کر دیے

جیسا بھی ہوں تمہارا ہی ہوں اپنی ناک دیا کی ناک سے سہلا کر کہا تو شاہ میر کی حرکت پر وہ کانوں کی لو تک سرخ پر گئی

اپنا لمس دیا کی دونوں آنکھوں پر چھوڑ کر سر اس کے سر سے ٹکا دیا میر ہٹو باہر ماما بابا ویٹ کر رہے ہو گے

دیا نے اسے پیچھے کرتے ہوئے کہا تو شاہ میر نے آنکھیں کھول کر اس کی طرف دیکھا

کون ماما بابا شاہ میر نے حیرت سے استفسار کیا

چچا چچی انہوں نے کہا کہ میں انہیں ماما بابا بلاؤ دیا نے کالر پر اپنی انگلیاں پھیرتے ہوئے نظریں جھکا کر کہا تو شاہ میر کو اس پر ٹوٹ کے پیار آیا

اپنے کالر پر رینگتی اس کی انگلیوں کو اپنے ہاتھ میں قید کر کے ہونٹوں سے لگا کر اپنے سینے پر رکھ لیا

جھک کر دیا کی سانسوں میں گہری سانس لی تو وہ روح تک کپکپا گئی

ابھی وہ جھک کر کوئی گستاخی کرتا کہ دروازے کا ہینڈل گھومنے کی آواز آئی

دیا نے پورا زور لگا کر شاہ میر کو دھکا دیا اور خود نیچے جھک کر کپڑے اٹھانے لگی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

یہ سب اتنی اچانک ہوا تھا کہ شاہ میر کو بھی کچھ سمجھ نہیں آیا اب وہ بیڈ پر چت لیتا کبھی دروازے کی طرف دیکھتا جہاں عمران صاحب اسے خونخوار نظروں سے گھور رہے تھے

اور کبھی نظریں گھما کر اپنی بیوی کو جو کپڑے سمیٹنے میں مصروف تھی جس کی اتھل پتھل ہوتی سانسیں شاہ میر کو بہکا رہی تھی

کھوتے انسان یہ کیا حشر کیا ہے کمرے کا عمران صاحب ایک دم سے گرجے تو شاہ میر نے اپنے جذبات پر قابو پا کر ان کی طرف دیکھا

بیڈ سے اٹھ کر وہ نیچے پرے کپڑوں پر پاؤں رکھتا ڈریسنگ ٹیبل تک گیا وہ اس کے جواب نا دینے پر تلملا گئے

میں تم سے بکواس کر رہا ہوں وہ پھر سے گرجے تو شاہ میر نے شیشے میں سے ان کی طرف دیکھا

بات کر کے دیکھ لیجئے شاید مجھے سمجھ آجائے شاہ میر نے نارمل آنداز میں کہہ کر اپنے بال بنانے لگا جب کہ دیا بھی منہ کھولے اپنے شوہر کی بتمیزی دیکھ رہی تھی

دیا کو منہ کھولے دیکھ کر شاہ میر نے آنکھ دبائی اور فلائنگ کس پاس کی تو وہ سٹپٹا گئی جب کہ عمران صاحب بھی اس کی کھلے عام بے شرمی پر اپنے دانت پیس کر رہ گئے

بہو ہے یہ ہماری تمہاری نوکر نہیں یہ وہ دبی دبی آواز میں چلائے تو شاہ میر نے پلٹ کر ڈریسنگ ٹیبل سے ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا

کب کام کروایا میں نے اور یہ پھیلاؤ جو دیکھ رہے ہیں یہ تو ہم ایک دوسرے میں اس قدر گم ہو گئے کہ ارد گرد کا ہوش ہی نہیں رہا آپ تو جانتے ہی ہو گے پیار محبت میں ابھی وہ اپنی بات پوری کرتا کہ عمران صاحب اپنا سرخ ہوتا چہرہ لے کر آج پہلی بار ٹھاہ سے دروازا بند کرتے چلے گئے

جب فضا میں شاہ میر کا دلکش قہقہہ گونجا تو نظر اپنی بیوی پر گئی جو اپنے شوہر کی گل افشانیوں پر نم نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

یار ان کے ساتھ میر اچلتا ہے شاہ میر نے دیا کی طرف آتے کہا تو اس نے ہاتھ میں تھامیں کپڑے اس کے منہ پر اچھال کر واشروم میں گھس گئی

جب کہ شاہ میر اپنا سر کھجا کر رہ گیا

\----------

رات کا کھانا کھا کر شاہ میر تو روم میں چلا گیا جبکہ دیا عمران صاحب اور ندا بیگم کے پاس بیٹھ گئی

دیا جاؤ بیٹا رات کافی ہو گئی ہے شاہ میر ویٹ کر رہا ہو گا

انہوں نے وقت دیکھ کر کہا تو دیا نے ہاں میں سر ہلایا اور سنو شاہ میر کے لیے چائے لے جانا اسے نیند نہیں آتی جب تک چائے ناپی لے

جی ٹھیک ہے دیا ان کے کمرے کا دروازا بند کر کے کچن میں آئی اور شاہ میر کے لیے چائے بنانے لگی

شاہ میر کی معنی خیز نظریں یاد آئی تو جسم میں سرد لہر سرائیت کر گئی

سارا دن تو وہ گھر سے غائب رہا تھا ابھی ڈنر ٹائم آیا تو اپنی نظروں سے دیا کو بوکھلائے رکھا تھا

کبھی کھانا کھاتے ہوئے ٹیبل کے نیچے سے اس کا ہاتھ تھام لینا کبھی کمر پر اپنی انگلیاں گھمانا

شاہ میر کی بے باکیوں نے اس کی سانس خشک کر رکھی تھی چائے بنا کر دیا نے کمرے کا رخ کیا

اپنے خشک ہوتے ہونٹوں کو زبان پھیر کر تو کیا اور کمرے میں داخل ہوئی

شاہ میر کمرے میں نظر نا آیا تو وہ ٹیرس کی طرف چلی آئی لیکن دوسری طرف کی باتیں سن کر اسے اپنی جان جاتی محسوس ہوئی

\----------

ماہر اکرام شاہ اگر مجرم ہے تو اسے سزا بھی ملے گی

اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ میرا اس سے کیا رشتہ ہے وہ ویسی ہی موت کا مستحق ہو گا جیسے میرے باقی مجرم تھے

یہ کیس میں دیکھ رہا تھا پلین میرا تھا تو سزا بھی میں ہی دوں گا اسے اے ایس پی آئندہ مجھ سے سوال جواب مت کرنا

تمہیں اس کی لاش مل جائے گی تب تک کیا کرنا ہے کیسے کرنا ہے وہ میرا مسئلہ ہے تمہیں یا کسی دوسرے کو دخل اندازی کرنے کا حق نہیں ابھی شاہ میر کچھ اور کہتا کہ اپنے پیچھے کچھ گرنے کی آواز پر پلٹا

جہاں دیا نم آنکھیں لیے بے یقینی سے شاہ میر کی طرف دیکھ رہی تھی

میں بعد میں بات کرتا ہوں کال بند کر کے وہ جلدی سے دیا کی جانب بڑھا جو منہ پر ہاتھ رکھے اپنی سسکیاں روک رہی تھی

دیا میری جان ایسا کچھ نہیں شاہ میر نے اسے تھامنے کی کوشش کی تو دیا نے اس کے ہاتھ جھٹک دے تم میر تم میرے بھائی کو مارنے کی بات کر رہے تھے میرے بھائی کو دیا اپنے سر تھامے وہی بیٹھتی چلی گئی

دیا کی بات پر شاہ میر نے ضبط سے اپنے جبڑے بھینچ لیے

نظریں دیا کی طرف کی تو وہ وہی ٹوٹے ہوئے کپ کے ٹکڑوں کے پاس ہی بیٹھ گئی تھی

شاہ میر نے اپنی سرخ ہوتی آنکھوں کو بند کر کے کھولا اور دیا کو بازو سے پکڑ کر اٹھا کر بیڈ پر لایا اور جھک کر اس کے پاؤں دیکھے لیکن کوئی چوٹ کا نشان نا دیکھ کر سکون کا سانس لیا

مم۔مجھے بتاؤمیر تم کیوں مار رہے ہو میرے بھائی کو دیا نے چیختے ہوئے کہا تو شاہ میر نے سرد نظروں سے اس کی طرف دیکھا

مجرم ہوتا تو سزا دیتا لیکن قاتل ہے تمہارا بھائی اسی لیے مار رہا ہوں اگر تم یہ سوچ رہی ہو کہ تمہارے یہ آنسو مجھے روک دے گے یا کمزور کر دے گے تو تمہاری غلط فہمی ہے

شاہ میر نے دبی دبی آواز میں غرا کر کہا تو دیا کو اپنی سانس رکتی محسوس ہوئی

نن۔نہیں تم ایسا نہیں کرو گے میر پلیز نہیں دیا روتے ہوئے نیچے شاہ میر کے برابر بیٹھ کر چلائی تو شاہ میر ایک جھٹکے سے وہاں سے اٹھ گیا

اپنے بالوں میں ہاتھ پھیر کر خود پر ضبط کرنے کی کوشش کی جبکہ دیا وہی بیٹھی سسکیوں سے رونے لگی

دیا ادھر دیکھو میری جان دیا کا چہرا ہاتھوں میں بھر کر اپنی طرف کیا تو دیا نے اس کے ہاتھ جھٹک دیے جس پر شاہ میر نے دیا کا چہرہ اپنے ہاتھ میں دبوچ کر اپنے سامنے کیا

تم سے محبت ہے اسی لیے ہر بار تمہاری بتمیزی برداشت کر لیتا ہوں اور کر بھی سکتا ہوں لیکن اگر تم مجھے خود سے دور کرو گی دیا تو میں اس سے کئی زیادہ تمہارے قریب آؤ گا یہ بات اپنے دماغ میں بٹھالو دیا

کی حرکت پر وہ ایک دم سے دھاڑا تو دیا بہتے آنسوؤں کے ساتھ حیرت اور غم کی زیادتی سے شاہ میر کو دیکھ رہی تھی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جو اپنی سرخ انگارا آنکھوں سے دیا کو گھور رہا تھا

دیا نے ایک دم سے شاہ میر کو دھکا دیا اور ڈریسنگ روم کی طرف بڑھی

جبکہ شاہ میر خاموش نظروں سے اس کی حرکات ملاحظہ کر رہا تھا جو اب بیگ میں اپنے کپڑے ڈال رہی تھی

شاہ میر دیا کے پاس آ کر کھڑا ہوا جو روتے ہوئے بیگ پیک کر رہی تھی شاہ میر نے خاموش نظروں سے دیا کو دیکھا اور پھر بیگ کو اور ایک دم سے بیگ کو اٹھا کر نیچے فرش پر مارا اور دیا کو بازو سے پکڑ کر بیڈ پر پٹکا

اگر اس گھر سے پاؤں بھی باہر نکالیں دیا تو ٹانگیں توڑ دوں گا تمہاری دیا کے چہرے پر جھک کر شاہ میر نے سرد آواز میں کہا تو خاموشی میں دیا کی سسکی گونجی

جو شخص میرے بھائی کو مارنے کا سوچ رہا ہے میں اس کے ساتھ رہنے سے مرنا بہتر سمجھو گی دیا شاہ میر کو پیچھے کرتے ہوئے چلائی رو رو کر اس کی آواز بھی بیٹھ چکی

شاہ میر ایک دم سے دیا کے ہونٹوں پر جھکا اور اپنا غصہ درد تکلیف جو اس کی باتوں سے محسوس کی تھی پوری شدت سے دیا کے ہونٹوں پر اتارنے لگا دیا کے رونے سسکنے کی پرواہ کیے بنا وہ پوری شدت سے اس پر جھک آیا اور پھر پوری رات اسے اپنی شدتوں کی بارش میں بھگوتا رہا

\----------

مجھے اپنے بھائی سے ملنا ہے دیا نے آس بھری نظروں سے شاہ میر سے کہا تو اس نے ہاں میں سر ہلا دیا

میں لے کے جاتا ہوں بٹ اس سے پہلے پر امس کرو تم مجھے نہیں چھوڑو گی دیا کی بیوٹی بون پر انگلی پھیرتے ہوئے کہا تو اس نے محض سر ہلا دیا

شاہ میر دیا کو لے کر اپنے آفس آیا اور وہاں سے سیکرٹ روم آیا ابھی وہ دروازا کھولتا کہ دیا نے اس کا ہاتھ پکڑ کر روک دیا

میں اکیلے میں بات کرنا چاہتی ہوں دیا نے بغیر اس کی طرف دیکھے کہا تو شاہ میر نے اپنے قدم پیچھے لے لیے

ٹھیک ہے تم جاؤ

دیا کو اندر جانے کا اشارہ کر کے وہ واپس چلا گیا

دیا دروازا کھول کر اندر آئی تو سامنے ماہر کو رسیوں سے کرسی کے ساتھ بندھا ہوا دیکھا

کئی آنسو پلکوں کی بار توڑ کر رخسار پر بہہ نکلیں

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

وہ نہیں جانتا اگر وہ انصاف کرے گا تو اس کے انصاف سے میں صرف آپ کو نہیں وہ مجھے بھی کھو دے گا دیانے ماہر کو دیکھ کر کہا جب کہ دوسری طرف شاہ میر یہ باتیں سنتے ہوئے اپنی سانس تک روک گیا

جب کہ سامنے کرسی سے بندھے ماہر نے روتے ہوئے اپنے سر کو نہیں میں حرکت دینے لگا

روتو وہ بھی رہی تھی یہاں تک کے روتے ہوئے ہچکی بندھ گئی پھر ایک دم سے چپ کر گئی جیسے جذبات پہ قابو پالیا ہو اور چلتے ہوئے آکر اس وجود کی ٹانگوں سے سر ٹکا دیا

آپ نے کہا تھا نا کہ میں آپ کا سب کچھ ہوں مجھے تو سات خون بھی معاف سنے سات نہیں دو کر دیجئے گا کرسی پہ بیٹھے ماہر نے چونک کہ دیکھا وہ ایک دم سے کھڑی ہوئی وہ آپ کو مارنا چاہتا ہے اور اس کی دی ہوئی موت بہت بے رحم ہے

جب کہ شاہ میر یہ باتیں سنتے ہوئے اسے سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن وہ بھول گیا تھا وہ آج تک اسے سمجھ نہیں پایا تو اب کیسے سمجھ سکتا تھا

لیکن میں چاہتی ہوں کہ آپ وہ تکلیف بھی برداشت کرے جو آپ کی وجہ سے لوگوں نے کی اور وہ دونوں وجود اس بات کا جو مطلب سمجھ رہے تھے وہ چاہتے تھے ویسا نہ ہو

اس نے اپنی جیکٹ سے پسٹل نکالی آپ کو پتہ ہے میں ساری عمر اس سے اسی مان اور محبت سے نظر نہیں ملا سکتی اور یہی بات مجھے ختم کرنے کے لیے کافی ہے اپنے سینے پر پسٹل رکھ کر گولی چلالی آنکھوں میں مرنے سے زیادہ کسی کو کھو دینے کا دکھ تھا خود کو بامشکل گرنے سے روک کے اب سامنے والے کا نشانہ لیا اور اسے بھی خود سے زیادہ مارنے والے کی تکلیف پہ رونا آرہا تھا اور خود ایک دم سے بے سدھ ہو کر نیچی گری

مجھے اپنے مرنے کا دکھ نہیں

مگر ہائے میں تجھ سے بچھڑ جاؤں گی

دیا شاہ میر ایک دم سے خوب سے جاگ کر چیخا تو پورا وجود پسینے سے تر تھا اپنے ارد گرد نظر گھمائی تو دیا روم میں کہی نظر نا آئے تو ننگے پاؤں واشروم تک گیا وہاں دیا کی غیر موجودگی پر شاہ میر کو اپنے جسم سے جان نکلتی محسوس ہوئی

نظر ٹیرس کے کھلے دروازے پر گئی تو بھاگ کر ٹیرس پر پہنچا

ارد گرد نظریں گھمائی تو اندھیرے میں اپنے بازو ٹانگوں کے گرد لپیٹے سسکتی ہوئی نظر آئی تو شاہ میر کو ایسا لگا کسی نے اس کا دل پاؤں تلے کچل دیا ہو

آہستہ قدموں سے وہ دیا کے پاس آکر بیٹھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا جزبات سے چور آواز میں پکارا تو دیا نے رو رو کر سو جھی آنکھوں سے اس کی طرف دیکھا تو شاہ میر کو اپنے رویے پر افسوس ہوا

میر۔۔ تم جو کہو گے میں کروں گی پلیز بھائی کو نا مارنا شاہ میر کی شرٹ کو مٹھیوں میں دبوچتے ہوئے بولی تو شاہ میر نے اپنی ہاتھ سے اس کے آنسو صاف کیے لیکن بولا کچھ نہیں

تم جیل بھیج دینا لیکن مارنا نہیں میر دیکھو میر ا ایک ہی بھائی ہے مجھے یقین ہے وہ ایسا نہیں کر سکتا اگر کیا بھی تو معاف کر دو پلیز میر ا اور منہا کا اس کے علاوہ کوئی نہیں

دیا کی بات پر شاہ میر نے زخمی نظروں سے اسے دیکھا

میں مر جاؤ گی میر میں کیسے جی سکو گی

تم میرے بھائی کو مر دو گے تو میں کیسے تم سے محبت کر سکو گی بھائی جیسے بھی ہو بہنوں کے لیے ساری دنیا سے بڑھ کر ہوتے ہیں میری تو دنیا ہی وہی ہے شاہ میر کے سینے سے سر ٹکائے وہ سسکنے لگی تو شاہ میر نے اپنا حصار اس کے گرد باندھ لیا

مجھ پر یقین رکھو میں کچھ غلط نہیں کروں گا اپنے ہونٹ دیا کے بالوں پر رکھ کہا

اور نا جانے کتنی دیر وہ اسے لیے ایسے ہی بیٹھا رہا جو روتے روتے نا جانے کب سو گئی

\----------

منہادن میں کئی بار فون دیکھ چکی تھی پہلے تو ماہر جاتا تھا تو روز ایک بار تو کال کر ہی لیتا تھا

لیکن اب تو بس ایک میسج ہی کیا اس کے بعد سے کوئی کال یا میسج نہیں آیا

موبائل تو اس کا پہلے بھی آف ہی ہوتا تھا جب وہ جاتا تھا

لیکن وہ خود کال کر لیتا تھا لیکن اب تو منہا نے بھی کئی بار کی شاید جب وہ موبائل آن کرے تو اس کی کالز دیکھ کر ہی رابطہ کر لے

لیکن پھر بھی ماہر نے کوئی رابطہ نہیں کیا تو اسے فکر ہونے لگی

منہا نے واٹس ایپ ان کر کے ماہر کی بیٹ ان کی اور وائس میسج کرنے لگی

میں آپ سے بہت ناراض ہوں ماہر اتنا سا میسج ریکارڈ کر کے جلدی سے آف لائن ہو گئی اور اپنے دھک دھک کرتے دل ہر ہاتھ رکھا

کیونکہ پہلے کبھی منہا نے ماہر کو میسج نہیں کیا تھا یہ آج پہلے بار کیا تو اسے اپنا دل کانوں میں دھڑکتا محسوس ہوا

پہلے صرف منہا کے میسج سین کرنے پر ہی ماہر کے ہزاروں محبت بھرے میسج آنا شروع ہو جاتے تھے

آج تو خود منہا نے کیا ہے نا جانے اسے کیسا لگے گا

\----------

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

آج پورے دس دن بعد رضا گھر آیا تھا

فجر ملازمہ سے کچن صاف کروا رہی تھی جب لاؤنج سے رضا کی آواز آئی

فجر کا دل دو سو کی سپیڈ پر دھڑکا بھاگنے کے انداز سے وہ لاؤنج میں آئی لیکن شاید وہ روم میں جا چکا تھا

فجر جیسے ہی روم میں آئی رضا کو سامنے اپنے بیگ سے چیزیں نکالتے دیکھا

دروازا کھلنے کی آواز پر رضا نے سر اٹھا کر دیکھا تو فجر نم آنکھوں سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی

اپنا سامان ویسے ہی چھوڑ کر رضا نے فجر کے لیے اپنی بانہیں واہ کی تو وہ بھاگ کر اس کے سینے سے آ لگی

تم نے مجھ سے اتنے دن بات بھی نہیں کی تمہیں پتا تمہارے بغیر یہاں اکیلے رہنا کتنا مشکل تھا

ماما پاپا بھی یو کے چلے گئے اور میں اکیلی یہاں تمہارا انتظار کرتی رہی اپنی گرفت رضا کے گرد سخت کرتے

فجر نے کہا تو رضا نے اپنے ماں باپ کے یو کے جانے والی بات پر سختی سے ہونٹ بھینچ لیے

یہی تو ان کا مسئلہ تھا وہ پیار بہت کرتے تھے لیکن کسی کے لیے اپنی تفریح یا لائف سٹائل نہیں چھوڑ سکتے تھے

کیا تھا اگر وہ فجر کے ساتھ رک جاتے یہی سوچ کر نئی بہو ہے لیکن نہیں وہ کیوں رکتے رضا نے تلخی سے سر جھٹکا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اور فجر کا چہرا ہاتھ کے پیالوں میں تھام کر سامنے کیا ہشش میری چڑیا رونا بند کرو یار فجر کے آنسو اپنے ہونٹوں سے چنتے ہوئے کہا تو وہ سر تا پیر تک سرخ ہوئی

بس آتے ہی اپنا ٹھرک شروع کر دو فجر نے اپنے نازک سے ہاتھ کا مکہ بنا کر رضا کے سینے پر مارا

آہہہہ فجر کے مکہ مارنے پر رضا تکلیف سے کراہ اٹھا

ظالم لڑکی رضا نے اپنی شرٹ اتارتے ہوئے کہا

تو رضا کے سینے اور بازو کو پٹیوں میں جکڑے دیکھ کر فجر کے چودہ طبق روشن ہو گئے

رضا یہ کب یہ چوٹ آنکھوں سے بھل بھل آنسو بہنے لگے سمجھ ہی نہیں آئے کہ کیسے بات کرے

جب رضا نے کمر میں بازو حائل کر کے اپنے سینے سے لگا لیا بس چھوٹا سا زخم ہے لیکن میں نے شاید وزنی بیگ اٹھایا ہوا تھا اسی لیے تھوڑا درد کر رہا ہے

اور باقی کسر تمہارے تشدد نے پوری کر دی رضا نے اسے چھیڑتے کہا

لیکن ہاتھ پاؤں تو اس کے تب پھولے جب فجر نے بچوں کی طرح رونا شروع کر دیا

رضا کا حصار توڑ کر بیڈ پر اوندھے میں گر کر فجر نے پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیا

فجر یار کیا ہوا مزاق کر رہا تھا میں رضا نے کندھے سے تھام کر سیدھا کرنا چاہا لیکن وہ اور زور زور سے رونے لگی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جبکہ رضا بے بسی سے اسے روتے ہوئے دیکھ رہا تھا

اب اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیسے منائے اسے

ٹھیک ہے میرے آنے سے تمہیں کوئی فرق نہیں پڑتا تو جارہا ہوں میں رضا نے جانے کا ناٹک کیا ابھی وہ اٹھتا کہ فجر نے بالوں سے کھینچ کر بیڈ پر گرایا

تم جا کر دکھاؤ مجھے منہ توڑ دوں گی تمہارا فجر نے اس کے بال ایسے ہی کھینچتے ہوئے کہا تو رونے سے سرخ ہوئی چھوٹی سی ناک پھولے ہوئے گال رضا کو وہ اس وقت کوئی بچی ہی لگی جبکہ فجر نازک ہاتھ سے رضا کا زخم چھو کر دیکھنے لگی ایک سسکی فجر کے ہونٹوں سے نکلی تو رضا نے بے بسی سے اس کی طرف دیکھا

اور آہستہ سے ہاتھ بڑھا کر اسے اپنے حصار میں لے لیا

میں بہت ڈر گئی تھی رضا جب تم گئے تھے پلیز آئندہ مجھے ایسے چھوڑ کہ مت جانا رضا کی گردن میں اپنا منہ چھپاتے کہا تو رضا نے ہولے سے اپنے لب اس کے بالوں سے مس کیے

فجر نے سر اٹھا کر رضا کہ چہرے کو دیکھا تو وہ آنکھیں بند کیے لیٹا ہوا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

فجر نے آہستہ سے اپنے لب رضا کے زخم پر رکھے فجر کے ہونٹوں کا لمس محسوس کر کے رضا کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رینگ گئی فجر نے اب اپنے لب رضا کے ماتھے پر رکھے تو رضا نے نیند سے سرخ ہوتی آنکھوں سے فجر کو دیکھا جو اس کے اوپر جھکی ہوئی تھی

اب تم میرے جزبات جگا رہی ہو اگر میں موڈ میں آ گیا تو تمہاری یہ ننھی سی جان مشکل میں پڑھ جائے گی رضا نے جذبوں سے چور آواز میں سرگوشی کی تو فجر ایک دم سے سٹپٹا گئی

اوپر ہو کر ٹھیک سے لیٹو رضا فجر نے اٹھتے ہوئے اسے کہا جس کی ٹانگیں بیڈ سے نیچے جھول رہی تھی اور خود جا کر لائٹ آف کر کے واپس آئی تب تک رضا ٹھیک سے لیٹ چکا تھا

بلینکٹ کھول کر اپنے اور رضا کے اوپر لیا ابھی وہ اپنے تکیے پر سر رکھتی جب رضا نے کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنی طرف کھینچ لیا

رضا تمہارا زخم فجر نے اٹھنا چاہا لیکن رضا نے اپنی ٹانگیں فجر کی ٹانگوں پر رکھ کر اس کی کوشش ناکام کر دی

رائٹ سائیڈ پر ہے اب چاپ چاپ سو جاؤ اگر میں نے جگائے رکھا تمہیں ہی شکایت ہو گی فجر کی کان کی لو کو اپنے دانتوں میں ہلکا سا دبا کر کہا تو اس نے جلدی سے آنکھیں بند کر لی ورنہ اس بندر کا کیا بھروسہ تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

\----------

ہفتہ ہو چلا تھا اس بات کو لیکن شاہ میر دیا سے کوئی بات ہی نہیں کر رہا تھا

سارا سارا دن غائب رہتا اور رات کو دیر سے آتا

یا تو دیا اس وقت سو گئی ہوتی تھی یا شاہ میر آتے ہی کوئی بات کیے بنا سونے کے لیے لیٹ جاتا

شاہ میر کا رویہ عمران صاحب اور ندا بیگم نے بھی نوٹس کیا تھا

لیکن انہیں بھی شاہ میر سے بات کرنے کا کوئی موقع نہیں مل رہا تھا

اب بھی وہ آ کر سو گیا تھا جبکہ دیا جاگ رہی تھی لیکن اس سے کوئی بات نہیں کی جانتی تھی کہ اس نے کوئی جواب نہیں دینا

ابھی وہ اپنی سوچوں میں گم تھی جب اس کا دل متلایا وہ جلدی سے اٹھ کر واشروم کی طرف بھاگی

دیا کے اس طرح اٹھنے پر شاہ میر بھی اٹھ کر بیٹھ گیا

وہ بھی کہا سویا تھا دیا کے سوالوں سے بچنے کے لیے وہ دیر رات تک باہر رہتا کچھ وہ اس کیس میں بھی الجھا ہوا تھا وہ چاہتا تھا جلد از جلد یہ کیس حل ہو تا کہ اس کا اور دیا کا رشتہ ٹھیک ہو جائے

لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ اس کا بات نا کرنا ان کے رشتے کو کتنا کمزور کر دے گا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ایک تو وہ خواب کے بعد بہت ڈر گیا تھا وہ پہلے اپنی ماں کو کھو چکا تھا دیا کو نہیں کھو سکتا تھا یہ لڑکی صرف بیوی نہیں اس کے جینے کی وجہ تھی

جب وہ سارا کچھ ہار بیٹھا تھا اگر زندہ تھا تو دی کے مل جانے کی امید پر ہی

دیا کے کافی دیر باہر نا آنے پر شاہ میر واشروم تک آیا

دیا دروازا کھولو تم ٹھیک تو ہو نا

شاہ میر نے دروازا کھٹکھٹایا لیکن دیا نے کوئی جواب نا دیا تو شاہ میر کو فکر کا حق ہوئی

تم دروازا کھول رہی ہو یا میں توڑ کر اندر آؤ شاہ میر دبی دبی آواز میں چلایا ایک تو اسے کیس کی ٹینشن تھی اور ایک یہ لڑکی اس کی جان لینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتی تھی

ابھی شاہ میر دروازا کو دھکا لگا تا کہ دیا دروازا کھول کر باہر نکلی

دیا کی زرد پڑتی رنگت دیکھ کر شاہ میر کی جان لبوں پر آئی دیا کیا ہوا طبعیت خراب تھی تو ابھی شاہ میر دیا کا بازو پکڑ تا کہ دیا نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا

اپنی سوجھی ہوئی آنکھوں سے شاہ میر کو دور رہنے کا اشارہ کیا تو شاہ میر نے بے بسی سے اپنے لب کچلے

ابھی دیا نے دو قدم ہی لیے تھے جب اسے زور سے چکر آیا اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا محال لگا لیکن پھر بھی قدم آگے بڑھائے تو آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ابھی وہ زمین بوس ہوتی کہ شاہ میر جس کا سارا دیہان دیا کی طرف تھا جلدی سے بانہوں میں بھر کر بیڈ پر لا کر لٹایا

شاہ میر نے جلدی سے ڈاکٹر کو کال کی اور ساتھ ہی ندا بیگم کے کمرے کی طرف دوڑ لگائی

جو پہلی ہی دستک پر کھولیا گیا

کیا ہوا شاہ میر انہوں نے حیرت سے شاہ میر کی اڑی آری رنگت دیکھ کر پوچھا

چچی وہ دیا پتا نہیں کیوں بے ہوش ہو گئی ہے آپ دیکھے نا شاہ میر کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی وہ جلدی سے اس کے روم کی طرف بھاگی جب کہ عمران صاحب بھی جلدی سے ان کے پیچھے شاہ میر کو گھورتے ہوئے دیا کے کمرے میں داخل ہوئے

دیا کہ زرد پڑتی رنگت دیکھ کر ان کا دل بھی گھبرا گیا

میں بچی کے لیے دودھ لاتی ہوں ندا بیگم جلدی سے کچن میں گئی اور دودھ گرم کر کے لائی

جب کہ شاہ میر کبھی دیا کے ہاتھ سہلاتا اور کبھی پاؤں

دیکھ لیا اپنا فرمانبردار بیٹے کو دو جمعہ جمعہ چار دن نہیں ہوئے شادی کو اور پھول جیسی بچی کی یہ حالت کر دی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

تم ہمیں یہ بتاؤ اگر چھٹی پر ہو کر بھی سارا سارا دن یوں مٹر گشت کرنا تھا تو شادی کرنے کیا ضرورت تھی بچی سارا دن بوکھلائی بوکھلائی پھرتی ہے عمران صاحب کا بس نہیں چل رہا تھا اس کی اتنی لاپرواہی پر اسے دو لگا دیں

بیٹا یہ دودھ پیو طاقت آئے گی جسم میں ندا بیگم نے دیا کو ہوش میں آتے دیکھ کر کہا

سہارا دے کر اسے بٹھایا تو شاہ میر کی جان میں بھی جان آئی

یہ پیو دودھ انہوں نے دیا کے لبوں سے گلاس لگاتے کہا تو اس نے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ دیا

مجھے نہیں ماما پلیز دل نہیں کر رہا دیا نے منمنا کر کہا تو انہوں نے گلاس پیچھے کر لیا ان کو جو حالت سمجھ آ رہی تھی وہ نہیں چاہتی تھی کہ وہ زبردستی کر کے پلائے اور اس کا دل خراب ہو

میں جوس لے آؤ یا کچھ کھانے کو ندا بیگم نے گلاس سائیڈ پر رکھتے کہا تو دیا نے نا میں سر ہلا کر آنکھیں موند لی

لیکن ابھی ندا بیگم یا دیا کچھ سمجھتی شاہ میر نے گلاس اٹھا کر دیا کا منہ اپنے ہاتھ میں دبوچ کر اس کے ہونٹوں سے لگا دیا

دیا نے پیچھے کرنا چاہا لیکن اس نے سختی سے اس کے منہ سے گلاس لگائے رکھا جا کی وجہ سے دودھ چھلک کر اس کے کپڑوں پر بھی گر گیا

عمران صاحب تو اس کی حرکت پر تاؤ کھا کر رہ گئے

جب کہ ندا بیگم ارے ارے کرتی رہ گئی جب دودھ ختم ہو گیا تو اسے سائیڈ پر رکھ دیا جب کہ دیا کھانس کھانس کر اپنی سانس ہموار کر رہی تھی

ابھی عمران صاحب اسے دو لگانے کے لیے آگے بڑھتے کے ملازم کے ساتھ ڈاکٹر اندر آ گئ

السلام و علیکم ڈاکٹر نے مشترکہ سلام کیا تو عمران صاحب آرہلا کر باہر چلے گئے

\----------

جبکہ شاہ میر وہی بیڈ پر براجمان ہو گیا

جس پر عمران صاحب نے پلٹ کر اسے سخت نظروں سے گھورا جس پر شاہ میر نے بے شرموں کی طرح انہیں دیکھ کر آنکھ دبائی تو وہ سٹپٹا کر وہاں سے چلے گئے

آپ بھی پلیز باہر جائیں مجھے ان کا مکمل چیک اپ کرنا ہو گا ڈاکٹر نے شاہ میر کی طرف دیکھ کر کہا

کیوں میرا جانا کیوں ضروری ہے میری بیوی ہے میرے سامنے ہی کریں شاہ میر نے سخت لہجے میں کہا تو ڈاکٹر بھی سٹپٹا گئی

شاہ میر بیٹا آؤ باہر انہیں چیک کرنے دو ندا بیگم اسے بازو سے تھام کر زبردستی باہر لے گئی

وہ باہر آیا تو عمران صاحب کو صوفے کی پشت سے سر ٹکائے دیکھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

شاہ میر آکر تھپ سے ان کے ساتھ صوفے پر گرنے کے انداز پر بیٹھا تو وہ ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھے اور سخت نظروں سے اسے گھورنے لگے جس پر شاہ میر نے سر جھٹکا کیوں کہ وہ ابھی مذاق کے موڈ میں بالکل نہیں تھا اسے دیا کی فکر تھی وہ جتنا بھی ان کے سامنے شوخا بنتا وہ بھی جانتے تھے کیسے جان نکلی تھی تو ان کے روم میں بھاگا آیا تھا

ان شاءاللہ خیریت ہو گی انہوں نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر حوصلہ دیا تو شاہ میر نے سر ہلانے پر اکتفا کیا

شادی کے دن نئے ہو یا دس سال بعد کے بیوی کو شوہر کی محبت کے ساتھ اس کی توجہ اور فکر کی بھی چاہ ہوتی ہے جب سے وہ آئی ہے تم ہر وقت گھر سے غائب رہے ہو

اسے توجہ اور محبت دو ٹھیک ہو جائے گی

ابھی وہ اسے سمجھا رہے تھے کہ ڈاکٹر دروازا کھول کر باہر آئی

مبارک ہو شی از ایکسپیکٹنگ ڈاکٹر نے مسکرا کر کہا تو عمران صاحب اور ندا بیگم کے تو خوشی سے دل جھوم اٹھا

ندا بیگم نے شاہ میر کو گلے لگا کر اس کی پیشانی چومی اور ڈاکٹر کی طرف متوجہ ہو

وہ جو یقین اور بے یقینی کی کیفیت میں کھڑا تھا عمران صاحب کے گلے لگنے سے ہوش میں آیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

نالائق آج خوش کر دیا تم نے وہ فرحت جزبات سے بولے

لیکن ابھی آپ مجھے پھر سے گالیوں سے نوازنے والے ہیں

ابھی وہ اس کی بات کا مطلب سمجھتے جب وہ ایک ہی جست میں اپنے دروازے پر پہنچا رک کر انہیں

دیکھ کر آنکھ دبائی اور دروازا ٹھاہ سے بند کر دیا

جب کہ وہ اس کی حرکت پر تلملا کر رہ گئے

آپ غصہ نہ کرے صبح مل لے گے ابھی انہیں ایک دوسرے سے بات کرنے دے ندا بیگم نے اپنے

کمرے میں جاتے ہوئے کہا تو وہ اپنی بیگم کو گھور کر رہ گئے جنہیں ہر حال میں وہ نالائق ٹھیک ہی لگتا تھا

\----------

شاہ میر روم میں آیا تو دیا کو سامنے دروازے کی طرف پیٹھ کیے کھڑے ہوئے دیکھ کر شدید غصہ آیا

جس کی تھوڑی دیر پہلے طبعیت خراب تھی اب پھر سے اٹھ بیٹھی تھی

شاہ میر نے اپنے غصے پر قابو پا کر قدم دیا کی طرف لیے

پیچھے سے اسے اپنے حصار میں لے کر اپنی تھوڑی اس کے کندھے پر ٹکائی

اور اپنے دونوں ہاتھ اس کے پیٹ پر رکھے

تھینک یو سو مچ دیا شاہ میر نے محبت اور خوشی سے چور آواز میں سرگوشی کی

مجھے لگ رہا ہے میں آج مکمل ہو گیا ہوں مجھے مکمل کرنے کے لیے شکریہ مائے بے بی گرل دیا کو

کندھوں سے تھام کر اس کا رخ اپنی طرف کیا

اور پوری شدت سے اس کی دونوں گالوں پر اپنے لب رکھے

ابھی وہ اپنی شدتوں میں اضافہ کرتا جب دیا نے شاہ میر کو خود سے دور کیا اور خود دو چار قدم پیچھے ہو کر کھڑی ہو گئی

ابھی شاہ میر دیا کی طرف دوبارا بڑھتا کہ دیا کی طرف دیکھ کر اس کا رنگ ایک دم سے فق ہوا

جو چھڑی اپنے پیٹ پر رکھ چکی تھی

یہ کیا پاگل پن ہے دیا ہٹاؤ چھری پیٹ سے

شاہ میر دبی دبی آواز میں دھاڑا

پہلے تم وعدہ کرو تم میرے بھائی کو کچھ نہیں کہو گے

دیا نے روتے ہوئے سر نا میں ہلا کر کہا

تو اس کی سوئی اسی بات پر اٹکی دیکھ کر شاہ میر کا میٹر شاٹ ہو گیا

تمہاری نظر میں میری اولاد میری چھوڑوں دیا ہمارے پیار کی نشانی ہے یہ اس کی کوئی اہمیت نہیں

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اس سب میں اس معصوم کا کیا قصور جو اس دنیا میں بھی نہیں آیا شاہ میر نے بے یقینی سے دیا کو دیکھ کر کہا اسے ابھی بھی یقین نہیں آرہا تھا کہ اس کی بیوی کی نظر میں اس کی یا اس کی اولاد کی کوئی اہمیت نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو بچانے کے لیے اپنے بچے کی جان لینے کی کوشش کر رہی ہے

ہاں نہیں ہے میر میں نہیں رہو گی تو کوئی اور مل جائے گی محبت پھر سے ہو جائے گی اولاد بھی ہو جائے گی لیکن میرا بھائی وہ مجھے دوبارا نہیں ملے گا کیوں نہیں سمجھ رہے تم دیا نے چلاتے ہوئے کہا تو شاہ میر نے زخمی نظروں سے اس کی طرف دیکھا

دیا نے سر جھکا کر چھری کو دیکھا ابھی وہ کچھ کرتی کے شاہ میر ایک ہی جست میں اس تک پہنچا اور چھری ہاتھ سے کھینچ کر دور اچھالی

دیا کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے سینے میں بھینچا اور دوسرے ہاتھ سے اس کا منہ دبوچا

انف از انف دیا شاہ میر شاہ بہت برداشت کر لی میں نے تمہاری منمانیاں تمہاری ہمت بھی کیسے ہوئے میری اولاد کے بارے میں ایسے کہنے کی

اور مجھے کوئی اور مل جائے گی تم نے سوچ بھی کیسے لیا دیا کہ میں تمہارے بغیر زندہ بھی رہ سکو گا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

یہ اولاد اگر مجھے عزیز ہو گی بھی تو اس وجہ سے کہ اسے پیدا کرنے والی دنیا میں لانے والی میری محبوب بیوی ہے شاہ میر دیا کہ چہرے پر غرایا تو دیا کو اپنی جان سچ میں نکلتی محسوس ہوئی دیا ویسے ہی اس کے حصار پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی شاہ میر اسے لیے ایسے ہی بیڈ پر آیا اسے آرام سے بٹھایا

ایک دم چپ دیا اب ایک آنسو بھی تمہاری آنکھوں میں نا دیکھو میں شاہ میر نے اس کے پاؤں کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا تو دیا ایک دم سے اس کے سینے سے آ لگی

وہ اس سے ناراض تھا لیکن وہ دیا کی طرح اپنے غصے اور ناراضگی میں اسے خود سے دور نہیں جھٹک سکتا تھا اسی لیے اپنا حصار اس کے گرد باندھ کر اس کی پیٹھ سہلانے لگا

جب کہ دیا جب رو رو کر چپ کر گئی تو آہستہ سے اس کا چہرا اپنے سامنے کیا

دیکھو کتنا ظلم کیا ہے تم نے میری جان پر دیا کی آنکھوں کو اپنے انگھوٹھے کے پوروں سے سہلا کر کہا تو دیا نے ایک سسکی کی

اپنے لب باری باری دیا کی دونوں آنکھوں پر رکھ کر پھر اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا

مجھ پر یقین رکھو دیا میں کچھ بھی غلط نہیں ہونے دوں گا اپنی آنکھیں دیا کی آنکھوں میں گاڑھ کر اسے یقین دلانے والے انداز میں کہا تو اس نے بھی سر ہاں میں ہلایا

تم اب کبھی بھی خود کو نقصان نہیں پہنچاؤ گی وعدہ کرو مجھ سے شاہ میر نے اپنے لبوں سے ہلکے سے دیا کو لبوں کو چھو کر کہا تو اس نے شاہ میر کے کالر کو اپنی مٹھیوں میں دبوچ لیا اور اپنا منہ شاہ میر کی گردن میں چھپا لیا

مجھ پر یقین ہے نا دیا شاہ میر نے پھر سے پوچھا مگر وہ خاموش ہی رہی جس پر شاہ میر نے غصے سے اپنے لب بھینچے

ابھی وہ وہاں سے اٹھتا جب اسے اپنی گردن پر نرم گرم سا لمس محسوس ہوا دیا کے ہونٹوں کو اپنی گردن پر حرکت کرتے محسوس کر کے شاہ میر کو اپنے رگ وپے میں سکون سرائیت کرتا محسوس ہوا

یہ لڑکی مجھے پاگل کر دے گی شاہ میر نے دل میں سوچا

کیونکہ ایک پل میں وہ اسے غصے سے پاگل کر دیتی اور دوسرے ہی لمحے خود سے محبت کرنے پر مجبور کر دیتی ابھی بھی شاہ میر کو اپنا دل بے قابو پاتا محسوس ہو رہا تھا

جب اس نے دیا کو بانہوں میں بڑھا اور اسے لیے بیڈ پر آیا آرام سے دیا کو بیڈ پر لٹا کر اس نے لائٹ آف کی اور سائیڈ لیمپ ان کر دیا

کمفرٹر کھول کر دیا کے اوپر دینے لگا تو اس نے شرٹ سے کھینچ کر شاہ میر کو اپنے اوپر جھکا لیا جس پر شاہ میر کچھ دیر دیا کی نظروں میں دیکھتا رہا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

آہستہ سے جھک کر اپنے لب دیا کے لبوں پر رکھے جس پر دیا نے شاہ میر کی گردن پر حصار باندھ لیا لیکن کچھ ہی پل بعد شاہ میر پیچھے ہٹا

دیا کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑ کر کروٹ بدل کر سونے کی کوشش کرنے لگا

وہ نہیں چاہتا تھا وہ اپنے بے قابو ہوتے جذبات کے آگے بے بس ہو جائے وہ چاہتا تھا دیا کو احساس ہو اپنی غلطی کا وہ ہر بار اپنے غصے میں اسے کتنی تکلیف دے جاتی ہے

شاہ میر کی پیٹھ کی طرف دیکھ کر دیا کی آنکھیں نم ہوئی وہ خود کی کیفیت نہیں سمجھ پا رہی تھی اسے شاہ میر پر یقین تھا لیکن وہ خود کو بے بس محسوس کر رہی تھی

اسے پتا تھا کہ غلطی اس کی ہے لیکن وہ دل میں شاہ میر کو منانے کا سوچ چکی تھی اسی لیے آگے ہو کر پیچھے سے شاہ میر کے گرد اپنا حصار باندھ دیا

اپنے سینے پر بندھے دیا کے ہاتھ کو دیکھ کر جھک کر ان پر اپنے لب رکھے

کافی دیر وہ ویسے ہی لیٹا رہا جب دیا کی بھاری ہوتی سانسوں کو محسوس کیا تو کروٹ بدل کر اسے اپنے حصار میں لے لیا۔

بیگم صاحبہ یہ صاحب جی نے بھیجا ہے منہا جو کچن میں کھانا تیار کر رہی تھی ملازمہ کی آواز پر پلٹ کر دیکھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

کیا ہے یہ منہا نے حیرت سے استفسار کیا

بیگم صاحبہ یہ تو ڈرائیور دے کر گیا اس نے بس یہی کہاں کے صاحب جی نے بھیجا ہے آپ کے لیے

ملازمہ نے منہا کو پکڑاتے ہوئے کہا تو اس نے سر ہلا دیا

تم یہ کھانا دیکھو میں آتی ہوں ملازمہ کو کہہ کر منہا اپنے روم میں آئی

اور جیسے ہی کھول کر دیکھنا چاہا تو اندر وائٹ اینڈ گولڈن کلر کا بہت پیارا کارڈ تھا

منہا نے جیسے ہی کارڈ کھولا تو بہت پیاری رائٹنگ میں تین حرف لکھیں ہوئے تھے جن کے آگے دل بنایا گیا تھا

For my Life♥

منہا نے اپنے ہونٹ ان لکھے ہوئے حروف پر رکھ دیے

اب اس کا دیہان گفٹ پر گیا تو اس نے جلدی سے نکالا ابھی وہ کھول کر دیکھتی کہ ماہر کی کال آگئی

منہا نے دھڑکتے دل کے ساتھ کال اٹینڈ کی

کافی دیر دونوں کے درمیان خاموشی حائل رہی

گفٹ دیکھ لیا دونوں کے درمیان کی خاموشی کو ماہر کی گھمبیر آواز نے توڑا تو منہا کا دل بے ساختہ دھڑکا

امم۔جی ابھی کھول ہی رہی تھی منہا نے اپنے خشک پڑتے ہونٹوں پر زبان پھیر کر کہا تو ماہر کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آئی

میں سامنے تو نہیں ہوں جو ایسے گھبرایا جا رہا ہے ماہر نے سیٹ کی پشت سے سر ٹکاتے گھمبیر آواز میں کہا

تو منہا کا فون تھامے ہاتھ بری طرح سے کپکپایا

نن۔۔نہیں تو ایسا کچھ نہیں اپنی آواز پر قابو پانے کی کوشش کرتے کہا

تو ماہر کا زندگی سے بھرپور قہقہہ سنائی دیا تو منہا کو اپنا دل کانوں میں دھڑکتا محسوس ہوا

اچھا سنو ماہر نے تھوڑے وقفے بعد کہا تو منہا نے سر ہلا دیا جیسے وہ سامنے بیٹھا ہو یہی تو وہ کرتی تھی اسکی ہر بات کے جواب میں

ماہر نے اس کے نا بولنے پر منہا کی ہر بات کے جواب والی حرکت یاد کی تو نفی میں سر ہلایا

ایسے نہیں منو سامنے نہیں ہوں جو تمہاری آنکھوں اور سر کے اشارے دیکھ سکو ماہر نے اپنی مسکراہٹ چھپا کر سنجیدہ آواز میں کہا

تو منہا خجل سی ہو گئی

جی کہے میں سن رہی ہوں منہا نے فوراسے کہا کہ وہ کتنی بیوقوفوں والی حرکتیں اس کے سامنے کر جاتی تھی

تم سنتی ہی تو ہو لیکن سمجھتی نہیں

تمہیں کیا پتا زندگی میں تمہیں سننے کے لیے کتنا بے قرار ہوں

اور کبھی جو تم بے مقصد بولو تو میں تمہارے لفظوں کو خود میں قید کر لو ماہر نے گھمبیر آواز میں کہا تو منہا کو اپنے جسم میں سنسناہٹ سی محسوس ہوئی

منہا نے بری طرح سے اپنے لب کچل ڈالے وہ اسے کی بے باک باتوں کا کیا جواب دیتی سو خاموشی سے تیز ہوتی دھڑکنوں سے وہ اس کو سن رہی تھی

منہا کی بھاری ہوتی سانسوں کو محسوس کر کے ماہر نے سیٹ کی پشت سے سر ہٹایا اپنی کہنیاں سامنے ٹیبل پر رکھ کر ایک ہاتھ سے ٹیبل پر رکھی منہا کی تصویر کو چھو کر جیسے اسے محسوس کرنا چاہا

منو میں چاہتا ہوں آج پھر تم اس رنگ کو پہن کر میرے لیے سجو جیسے ہماری منگنی پر تم میرے لیے سجی تھی

تب میں جی بھر کر تمہیں اس رنگ میں نہیں دیکھ پایا آج میں چاہتا ہوں تم میری یہ خواہش پوری کر دو کرو گی نا لہجے میں آس لیے پوچھا تو منہا نے جلدی سے فون رکھ دیا

جس پر ماہر نے ضبط سے اپنے جبڑے بھینچ لیے

جبکہ کئی آنسو منہا کی آنکھوں سے بہہ نکلے وہ خود کو اس رنگ کے قابل ہی نہیں سمجھتی تھی اب

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

\----------

شام میں ماہر گھر آیا تو دل میں امید تھی کہ شاید منہا نے وہ فراک پہنی ہو وہ جلد از جلد کمرے میں پہنچ کر منہا کو دیکھنا چاہتا تھا

جیسے ہی وہ کمرے میں داخل ہوا تو منہا سادہ سے کاٹن کے جوڑے میں ملبوس دوپٹہ سر پر لپیٹے نماز پڑھنے میں مصروف تھی

ماہر کی نظر بیڈ پر گئی تو وہ ڈریس ویسے ہی پیک پڑا ہوا تھا شاید اس نے کھولنے کی بھی زحمت نہیں کی تھی

اپنے لب بری طرح کچلتے کبرڈ سے اپنے کپڑے لے کر واشروم چلا گیا

نا جانے کتنی ہی دیر شاور کے نیچے کھڑے ہو کر خود کے جذبات پر قابو پایا

وہ جیسے ہی فریش ہو کر باہر آیا تو منہا نے روم میں ہی اس کے لیے کھانا لگا دیا تھا

ماہر بنا کوئی بات کیے بیٹھ کر کھانا کھانے لگا اس سب کے دوران اس نے منہا کی طرف دیکھنا بھی گوارہ نہیں کیا

جب کہ منہا انتظار کر رہی تھی کہ وہ کب شکوہ کرے گا پچھلے دو سال سے یہی تو ہوتا آرہا تھا وہ کچھ نا کچھ بھیجتا یا لاتا تو وہ اسے ویسے ہی رکھ دیتی لیکن گھر آکر وہ اس بارے میں کوئی بات نا کرتا

اور نارمل بیہو کرتا جیسے نا اس نے کوئی فرمائش کی اور نا منہا نے رد کی لیکن آج وہ خاموش تھا کچھ بھی نہیں کہہ رہا تھا نا گلہ نا شکوہ صرف خاموشی ہی تھی اور یہی خاموشی منہا کو اندر سے مار رہی تھی

منہا نے نم آنکھوں سے اس کی طرف دیکھا جو کھانا کھانے میں اس قدر مصروف تھا جیسے اس کے علاوہ وہاں کوئی نہیں پہلے اس کی نظریں گھر آتے ہی منہا کے گرد ہی گھومتی تھی اور آج اس نے ایک نظر بھی نہیں دیکھا

منہا انہیں خیالوں میں گم تھی جب ماہر کھانا کھا واشروم گیا ہاتھ دھو کر بنا منہا کو دیکھے ٹیرس چلا گیا

ٹیرس کا دروازا کھلنے پر منہا نے اپنے خیالوں سے چونک کر دیکھا تو ماہر وہاں نہیں تھا

خالی برتن اٹھا کر کچن میں لائی ساتھ ماہر کے لیے چائے بنانے کے لیے رکھ دی سوچوں میں ماہر کی ناراضگی تھی وہ تو کبھی اس سے ناراض نہیں ہوا تھا

نا کبھی منہا نے اسے منایا تھا ہمیشہ وہی تو اس کے نکھرے اٹھاتا تھا اور آج وہ ناراض ہوا تو منہا کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ اسے کیسے منائے

چائے کپ میں ڈال کر وہ کمرے میں آئی تو ماہر ابھی بھی ٹیرس پر ہی تھا

ماہر آپ کی چائے منہا نے کپ اس کی طرف بڑھا کر کہا تو ماہر نے سرد نظروں سے اس کی طرف دیکھا بنا کچھ کہے کپ اپنے ہاتھ میں لے لیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جبکہ منہا تذبذب کا شکار اپنی ہتھیلیاں مسلتی کبھی اس کے ہاتھوں کی طرف دیکھتی اور کبھی ماہر کے چہرے کو جو بالکل سپاٹ تھا

پھر آہستہ سے ماہر کے پیچھے آکر اس کے گرد اپنا حصار باندھ دیا اور سر اس کی پشت سے ٹکا دیا

ماہر نے بنا کوئی تاثر دیے کپ وہی رکھ دیا اب وہ منہا کے بولنے کے انتظار میں تھا

جس نے ہمیشہ بولنے کی بجائے رو کر اپنے آنسوؤں سے ماہر کی شرٹ کو گیلا کرنا ہی بہتر سمجھا

ایک تو وہ پہلے بہت کم بولتی تھی لیکن تب اس کی مسکراتی نظریں اور شرم سے سرخ پڑتے گال سب کچھ کہہ جاتے تھے اور اب اس کے آنسو

ماہر نے گہری سانس بھری اور اپنے سینے پر رکھے اس کے ہاتھوں کو تھام لیا

مجھے وہ رنگ اپنے قابل نہیں لگتا مجھے لگتا ہے وہ رنگ میرے کردار پر لگے داغ کو واضح کر دے گا

منہا نے سختی سے ماہر کی شرٹ کو اپنی مٹھیوں میں دبوچتے ہوئے کہا تو ماہر نے افسوس سے سر جھٹکا

آہستہ سے پلٹ کر بنا منہا کو سمجھنے کا موقع دیے اسے اپنی بانہوں میں بھرا اور کمرے میں لا کر صوفے پر بٹھا دیا اور خود اس کے سامنے بیٹھ گیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

میری بات کان کھول کر سنو منو تم میری بیوی ہو میری عزت اور یہ بات میں تم سے بھی بہتر جانتا ہوں کہ میری بیوی کہ دل میں صرف اور صرف میں ہوں اس کی سوچوں میں دل میں اور ہر آتی جاتی سانس میں صرف ماہر اکرام شاہ ہے

تو پھر بتاؤ مجھے جب میری بیوی میری وفادار ہے مجھ سے محبت کرتی ہے تو اس کا کردار کہاں سے خراب ہو گیا

منہا کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں تھام سرد آواز میں کہا تو منہا نے اپنا چہرہ ماہر کے سینے میں چھپا لیا میری طرف دیکھو منو

منہا کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں بھرا کیا تمہیں مجھ سے محبت نہیں کیا تم مجھ سے وفادار نہیں ماہر کے کہنے پر منہا نے روتے ہوئے نا میں سر ہلایا تو ماہر نے جھک کر اس کی آنکھوں پر اپنا لمس چھوڑا تو پھر کیوں بار بار ایک ہی بات کر کہ مجھے اور خود کو تکلیف دے رہی ہو

ایک عورت کا کردار تب خراب ہوتا ہے جب وہ اپنے شوہر یا باپ بھائی سے بے وفائی کرے اپنے شوہر کے علاوہ کسی غیر مرد کو سوچے جب تم نے ایسا کچھ نہیں کیا تو پھر کیوں منو

میرے لیے تم کل بھی اتنی پاک اور باکردار تھی اور آج بھی

وہ ایک آزمائش تھی منو رب اپنے خاص بندوں کو آزمائش میں ڈالتا ہے

تم جانتی ہو نا کہ وہ کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا وہ جانتا تھا تم صابر ہو صبر کو لو گی اور دیکھو تمہارے وجہ سے وہ درندے اپنے انجام کو پہنچ گئے ہیں ورنہ نا جانے وہ کتنی معصوم لڑکیوں کو اپنی حوس کا نشانہ بناتے

آج کے بعد تم نے ایسا کچھ اگر اپنے بارے میں کہا تو میں سمجھو گا تم میرے کردار پر انگلی اٹھا رہی ہو کیونکہ تم اور میں ایک ہی تو ہیں

منہا کو اپنے حصار میں لیے وہ اپنی باتوں سے اس کی تکلیف کم کرنے کی کوشش کر رہا تھا

آپ کو آج کوئی آفس کا کام نہیں کرنا منہا نے اپنی ناک ماہر کی شرٹ سے صاف کرتے ہوئے کہا تو وہ اس کی حرکت پر مسکرا دیا

کیوں میری بیوی مجھے کمرے سے نکالنا چاہتی ہے اپنی ناک منہا کی ناک سے مس کر کہ کہا تو وہ پل میں سرخ ہوئی

ماہر نے جھک کر نرمی سے اس کے ہونٹوں کو چھوا جس پر منہا سٹپٹا کر اس سے دور ہوئی

نہیں میرا مطلب تھا آپ روز آتے اپنے سٹڈی روم میں گھس جاتے نا اسی لیے منہا نے دور ہونے کی کوشش کرتے کہا جسے ماہر نے ناکام بنا کر اپنے حصار میں لے کر گرفت سخت کر دی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

لیکن آج میرا دل نہیں کر رہا ماہر نے اپنا چہرا منہا کی گردن میں چھپاتے ہوئے کہا تو منہا کو لگا جیسے اس کے جسم کا سارا خون چہرے پر سمٹ آیا ہو

ماہر کے لبوں کو اپنی گردن پر جابجا محسوس کر کے منہا خود میں سمٹنے لگی

منہا کی بھاری ہوتی سانسوں کو محسوس کر کہ ماہر نے مخمور ہوتی نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا

میری اتنی سی قربت سے یہ حال ہے اور جس دن میں پوری طرح تم پر اپنے شدتوں سمیت چھا گیا تب کیا بنے گا مسسز منہا کی سانسوں میں سانس لیتے ہوئے کہا تو شرم سے منہا کو اپنی پلکیں اٹھانا محال لگا

افففف میری نازک بیوی چلو سو جاتے ہیں ورنہ تم ایسے شرماؤ گی تو بندے کا ایمان ڈگمگا سکتا ہے منہا کا ہاتھ تھام کر اسے اٹھایا اور بستر پر آ کر اپنی جگہ لیٹ گیا

منہا بھی لائٹ بند کر کے اپنی سائیڈ آ کر لیٹ گئی

ابھی اسے لیٹے کچھ ہی دیر ہوئی تھی جب اسے اپنی کمر پر ماہر کی انگلیوں کا لمس محسوس ہوا تو وہ روح تک کانپ گئی

ایک ہی جھٹکے سے منہا کو کمر سے تھام کر اپنی جانب کھینچا اور اسے اپنے حصار میں قید کر لیا

مجھے لگتا ہے مجھے سنگل بیڈ لے لینا چاہیے اسی بہانے تم قریب تو ہو گی منہا کی گردن پر اپنا لمس چھوڑتے ہوئے کہا تو ماہر کی بات پر اس کے ہونٹوں پر بھی شرمگیں مسکراہٹ رینگ گئی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

\----------

منہا ابھی اپنے خیالوں میں گم تھی جب موبائل کی رنگ پر وہ چونکی ارد گرد نظر گھمائی تو ماہر کہی نہیں تھا چہرے پر افسردگی چھا گئی کتنے دن ہو گئے تھے اسے گئے ہوئے اور ایک بار بھی اس سے بات نہیں کی موبائل پر مسلسل آتی کالز پر وہ ٹیبل تک گئی موبائل اٹھا کر دیکھا تو دیا کہ کال تھی

چہرے پر رونق واپس لوٹ آئی دیا کی باتوں سے اس کے وجود سے اسے ماہر کے ہونے کا احساس ہوتا تھا

السلام و علیکم کیسی ہو دیا شاہ میر کیسا ہے منہا نے ایک ہی سانس میں پوچھ ڈالا تو دیا اس کے انداز پر۔ مسکرادی

وعلیکم السلام میں ٹھیک ہوں اور میر بھی شاہ میر کے ذکر پر اس کی آواز خود بی خود دھیمی ہو گئی

آنٹی کیسی ہے تمہارے پاس ہے یا گھر چلی گئی

نہیں وہ یہی ہے میرے پاس ہی مجھے تو کہہ رہی تھی ماہر جب آئے گا تب پھر سے چلے جائے گے اس سے پہلے تمہارے پاس سے ہو آتے انکل آنٹی بھی کیا سوچ رہے ہو گے

لیکن تم نے منع کر دیا منہا نے آخر پر منہ بنا کر کہا تو دیا کو ہنسی آئی

کل تم آنٹی کے ساتھ آجانا پھر میں بھی تم لوگوں کے ساتھ آجاؤ گی دیا نے کہا تو منہا کو حیرت ہوئی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اگر تم نے آنا ہی ہے تو شاہ میر کے ساتھ آجاؤ نا انکل آنٹی کو بھی ساتھ لیتے آنا انہیں اسلام آباد دکھائے گے منہا نے ایکسائیٹیڈ ہوتے ہوئے کہا تو دیا نے اپنے لب بھینچ لیے

نہیں صرف میں آؤ گی شاہ میر تو واپس ڈیوٹی پر جا رہا ہے نا دیا نے بہانا بناتے ہوئے کہا تو منہا نے بھی سمجھ کر سر ہلا دیا

ٹھیک ہے ہم آجائیں گے کل

آنٹی پاس ہیں تو بات کروادوں ان سے بھی

ہاں مما اپنے روم میں ہیں میں کرواتی ہوں

مما یہ دیا سے بات کرلے منہا نے ان کے روم میں آتے ہوئے کہا تو انہوں نے مسکرا کر فون اس کے ہاتھ سے لے لیا

السلام وعلیکم آنٹی

وعلیکم السلام کیسی ہو بیٹا گھر میں سب کیسے ہیں

سب ٹھیک ہیں مجھے آپ سے ضروری بات کرنی ہے لیکن منہا کے سامنے نہیں دیا نے کہا تو انہوں نے منہا کی طرف دیکھا جو ان کی طرف ہی دیکھ رہی تھی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

ہاں الحمدللہ سب ٹھیک انہوں نے مسکرا کر دیا سے کہا منہا میرے لیے چائے لا دو سر میں درد ہو رہا ہے

دیا سے بات کرتے انہوں نے بہانے سے منہا سے کہا تو وہ سر ہلا کر چلی گئ

کیا کہنا تھا بیٹا انہوں نے فکر مندی سے استفسار کیا تو دیا نے ان سے ماہر اور شاہ میر کے بارے میں سب بتا دیا

اب تم کیا چاہتی بیٹا وہ بتاؤ

ٹھیک ہے ہم کل آجائیں گے دیا کے جواب پر انہوں نے کال کاٹ دی اور گہری سوچ میں مبتلا ہو گئ

\----------

منہا اور اس کی ماما دوپہر تک دیا کو لینے آ گئے تھے

منہا کا کہنا تھا جب تک ماہر گھر نہیں آجاتا وہ دیا کو اپنے ساتھ رکھنا چاہتی ہے جس پر انہوں نے کھلے دل سے اجازت دے دی تھی

دیا نے منہا کی ماما کو اشارے سے اپنے ساتھ روم میں آنے کا کہا تو انہوں نے اٹھنے سے پہلے کسی کو میسج ٹائپ کر کے سینڈ کیا اور پھر وہ اس کے پیچھے اس کے روم میں آ گئ

تم نے اسے بتایا کہ کہا جا رہی ہو تم

نہیں ضروری نہیں سمجھا میں نے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

بات تمہارے ضروری سمجھنے کی نہیں اس کی اجازت کی ہے

کس اجازت کی بات کر رہی ہے آپ

یہ بات تم بہتر جانتی ہو

جانتی تو آپ بھی ہیں تو پھر کیوں تماشا دیکھنا چاہتی ہیں

وہ محبت کرتا ہے کیا کیا نہیں دیکھا بچے نے تم نے بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی اور اب پھر جا رہی ہو اس پر نہیں تو خود پر رحم کر لو

رضیہ بیگم سے دیا کی کافی اچھی دوستی ہو گئی تھی ان سے فون پر ہی رابطہ ہوتا تھا لیکن وہ ان سے اب شئیر کرتی تھی وہ صرف منہا کی ہی نہیں دیا کی بھی ماں بن چکی تھی

خود پر اور اس پر رحم کر رہی ہوں تو جا رہی ہوں

گئی تو پہلے بھی ہو لیکن قسمت ہمیشہ اسی کے پاس لے آئی ہے نہ اس بار بھی ایسا ہوا تو مجھے ڈر ہے کہی اس کا ضبط جواب نہ دے جائیں اور جس چیز پر انسان صبر کر لیتا ہے نہ وہ سامنے بھی ہو تو نظر میں نہیں ہوتی اور تم دونوں لڑکیاں انتہا کی بیوقوف ہو اور تم دونوں سے زیادہ بیوقوف وہ ہیں جو تم لوگوں کی یہ حرکتیں برداشت کر لیتے ہیں چپ چاپ

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

میں یہاں آئی ہوں تو تمہیں سمجھانے لے کر تب ہی جاؤ گی جب تمہارا یہ شوہر اجازت دے گا انہوں نے دروازے پر کھڑے شاہ میر کو دیکھا جو سرخ ہوتی آنکھوں سے دیا کو گھور رہا تھا

ان کی بات پر دیا نے حیرت سے پلٹ کر دیکھا

شاہ میر دو دن پہلے گھر سے گیا تھا اور جاتے وقت دیا سے کہا تھا کہ وہ ایک ہفتے تک اجائے گا لیکن اسے نہیں پتا تھا وہ ایسے اچانک سے آجائے گا

اپنے سامنے شاہ میر کو دیکھ کر دیا کا رنگ ایک دم سے فق ہوا

جب کہ رضیہ بیگم کمرے سے باہر چلی گئ

دیا نے جلدی سے اپنا رخ کبرڈ کی طرف کیا

جب شاہ میر اس کے پیچھے آکر کھڑا ہوا تو دیا کو اس کی گرم سانسوں سے اپنی گردن کی جلد جھلستی محسوس ہوئی

دیا نے جلدی سے وہاں سے ہٹنا چاہا جب شاہ میر نے کلائی سے پکڑ کر روکا

کیا تم پھر مجھے چھوڑ دو گی لہجے میں بے بسی اور دکھ شامل تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

وہ کچھ دیر اس کی طرف دیکھتی رہی اور پھر آہستہ سے دو قدم چل کر اس کے بالکل قریب آ کر اس کے دونوں ہاتھ تھام کے باقی کا بھی فاصلہ ختم کر کے اس کی پیشانی سے اپنی پیشانی لگا کر ایک لمبی سانس کھینچ کر اس کی خوشبو کو محسوس کیا

تمہیں ایسا کیوں لگتا ہے اپنا ایک ہاتھ اس کے بائیں گال پر رکھا شاہ میر نے سکون سے اپنی آنکھیں بند کر لی جب کہ وہ کہہ رہی تھی تمہیں پتا ہے کی تم میرا عشق ہو تم ہوتے ہو تو مجھے لگتا ہے کہ زندگی ہے لیکن کچھ چیزیں اور لوگ ہمیشہ ادھورے ہی رہ جاتے ہیں ان کے نصیب میں مکمل ہونا نہیں لکھا ہوتا اور شاید کچھ رشتے بھی مجھے معاف کر دینا

اور میں نے کبھی تمہیں پہلے نہیں چھوڑا میر وہ بس ایک غلط فہمی تھی جو ہمارے ملنے پر دور ہو گئی

دیا کی بات پر شاہ میر تلخی سے مسکرایا

میں عشق تو ہوں لیکن یقین نہیں شاہ میر نے تلخ لہجے میں کہا اور دو قدم پیچھے ہو کر کھڑا ہو گیا

تمہیں اپنے بھائی سے محبت ہے وہ عزیز ہے میں جانتا ہوں لیکن تمہیں مجھ پر یقین نہیں یہ بات مجھے جیتے جی مارنے کے لیے کافی شاہ میر کی بات پر دیا نے تڑپ کر اس کی طرف دیکھا

ایسا کچھ نہیں میر دیا جلدی سے اس کی طرف بڑھی تو شاہ میر نے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا

تم مجھ سے عشق نا کرتی دیا بس یقین کر لیتی تو تمہارا یقین ہی مجھے سرشار کر دیتا

تم سے بس یہی کہو گا دو ہفتوں تک ویٹ کر لو پھر اگر تم نے جانا ہو اتو میں خود چھوڑ آؤ گا

اور پھر وہ کمرے سے نکلتا چلا گیا

منہا اور رضیہ بیگم کو دیا نے کافی روکنے کی کوشش کی لیکن وہ یہ کہہ کر ٹال گئی جب ماہر آئے گا تب آئیں گی

مجھے تو اس لڑکے کی سمجھ نہیں آتی یا تو وہ اس یونٹ دو تین مہینوں کے لیے چلا جائے تا کہ دس دن سکون سے چھٹی آئے

یہ دو دن آتا ہے پھر دس دن غائب ہو جاتا ہے اور ان دو دنوں میں بھی سارا دن گھر سے غائب رہتا ہے

عمران صاحب اپنا غصہ دباتے ہوئے ندا بیگم سے بولے

آج آتا ہے تو میں بات کرتی ہوں اس سے انہوں نے جواب دیا تو وہ سر ہلا گئے

صاحب جی باہر کوئی فارس بابو آئے ہیں کہہ رہے چھوٹی بی بی جی کہ کزن ہیں ملازمہ نے آکر ندا بیگم سے کہا تو وہ اپنی جگہ سے جلدی سے اٹھی

باہر کیوں کھڑا کیا ہے اندر بلا کر لاؤ

میں دیا کو بلاتی ہوں وہ دیا کے کمرے کی طرف بڑھی

\----------

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

تم نے بتایا ہی نہیں آنے کا دیا ندا بیگم کے بلانے پر ان کے ساتھ ہی ڈرائینگ روم میں آئی تو فارس کو دیکھ کر کہا

جو آتے ہی عمران صاحب سے گپے ہانکنے لگ گیا تھا

کیونکہ میں بے وفاؤں سے بات نہیں کرتا فارس نے منہ بناتے کہا تو دیا کو ہنسی آگئی

کیوں انکل ٹھیک کہا نا فارس نے عمران صاحب سے تائید لینا چاہی جیسے ان سے بہت یارانہ رہا ہو اس کا

فارس کی بات پر انہوں نے مسکراتے ہوئے سر ہلا دیا

بیٹا مجھے لگتا ہے تمہاری کزن پر اس کے شوہر کا اثر ہو گیا ہے وہ بھی گدھا بڑا بے وفا ہے انہوں نے بھی

دیا کو تنگ کرتے ہوئے کہا تو ندا بیگم بھی قہقہہ لگا کر نہس پڑی

تم لوگ باتیں کرو میں کھانا لگواتی ہوں ندا بیگم نے اٹھتے ہوئے کہا

میں بھی ساتھ آتی ہوں ماما دیا نے بھی ان کی تقلید میں اٹھتے ہوئے کہا نہیں کوئی ضرورت نہیں تم یہی

بیٹھو پہلے طبعیت ٹھیک نہیں

وہ اسے ٹوک کر خود کچن میں چلی گئی تو وہ تینوں باتوں میں مصروف ہو گئے

تمہارے آنے سے کچھ دیر پہلے ہی منہا اور آنٹی گئے تھے تم نے آنا تھا تو بتا دیتے تو وہ بھی تمہارے

ساتھ آجاتی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

نہیں میں تو کافی دن سے بزنس کے سلسلے میں آیا تھا آج فری ہوا تو سوچا تمہاری طرف چکر لگالوں فارس نے عمران صاحب اور دیا کی طرف دیکھ کر تفصیلی جواب دیا

تو دیا نے سر ہلا دیا

اچھا کیا بیٹا تم آ گئے آئندہ بھی اگر چکر لگے تو تو ضرور ہمارے پاس بھی آیا کرنا اپنا ہی گھر سمجھو

عمران صاحب نے اپنائیت سے کہا

آجاؤ بچوں کھانا لگ گیا ہے ندا بیگم کے بلانے پر وہ سب ڈائینگ ٹیبل پر آ گئے

ایک دوسرے کے ساتھ ہنسی مزاق کرتے وہ کھانا کھانے میں مصروف تھے تبھی شاہ میر بھی گھر داخل ہوا

اپنے سامنے فارس کو دیا کی ساتھ والی چیئر پر بیٹھا دیکھ غصے سے رگیں تن گئی

اس کی اپنی گھر موجودگی اسے گوارا نہیں تھی کہاوہ دیا کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا

عمران صاحب کی اس پر نظر گئی تو انہوں نے آنکھیں گھما کر اسے ایسے نظر انداز کیا جیسے وہ وہاں ہو ہی نا

تن فن کرتا وہ دیا کہ سر پر جا کر کھڑا ہو گیا تو ندا بیگم اور دیا نے چونک کر اسے دیکھا

جو لال بھبھوکا چہرا لیے فارس کو گھورنے میں مصروف تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جبکہ فارس اور عمران صاحب اپنی باتوں میں ایسے مصروف تھے جیسے ان کے علاوہ وہاں کوئی بھی نہیں

شاہ میر نے ایک ہی جھٹکے میں دیا کو بازو سے کھینچ کر کرسی سے اٹھایا تو وہ شاہ میر کے ایسے کھینچنے پر اس کے سینے سے آ لگی

دیا کو سب کے سامنے شاہ میر کے ایسے رد عمل کی امید نہیں تھی

اب وہ کانپتے دل کے ساتھ شاہ میر کو دیکھ رہی تھی

کیا اب وہ اسے سب کے سامنے ڈانٹے گا اسے پتا تھا وہ فارس کو پہلے دن سے پسند نہیں کرتا

کیا اپنی ناپسندیدگی کی وجہ سے وہ اسے سب کے سامنے ذلیل کر دے گا

جبکہ شاہ میر نے دیا کے چہرے پر ڈر محسوس کر کہ اسے ایک پل کو شرمندگی محسوس ہوئی

تو بنا کسی کی پرواہ کیے جھک کر اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا تو دیا اس کے اس عمل پر سٹپٹا کر ایک دم سے پیچھے ہونا چاہا

تو شاہ میر نے اس کی کمر میں بازو حائل کر کہ اپنے سینے سے لگا لیا

جبکہ اس عمل پر عمران صاحب خونخوار نظروں سے اسے گھور رہے تھے

سلام کرو دیا کا کزن ہے یہ عمران صاحب نے دبے دبے غصے میں شاہ میر سے کہا تو اس نے ان سے زیادہ خونخوار نظروں سے فارس کو دیکھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

آؤ اچھا سالا جی آئیں ہیں السلام و علیکم سالا جی شاہ میر نے دانت پیس کر فارس سے کہا تو

اس نے چونک کر ایسے دیکھا جیسے اسے شاہ میر کے آنے کا پتا ہی نا چلا ہو

جبکہ شاہ میر کے سالا کہنے پر اس نے دل میں اسے دو سو گالیوں سے نوازا

و علیکم السلام فارس نے بھی دانت پیستے جواب دیا

جبکہ دیا مسلسل خود کو چھڑوانے کی کوشش کر رہی تھی جس پر شاہ میر کی گرفت اس کی کمر پر مضبوط سے مضبوط ہوتی گئی

دیا کو شاہ میر کی انگلیاں اپنی جلد میں دھنستی محسوس ہو رہی تھی

بے بی گرل بتایا اپنے بھائی کو کہ یہ ماموں بننے والا ہے شاہ میر نے آنکھوں میں دنیا جہان کی محبت سمیٹ کر کہا تو دیا نے بے بسی سے اس کی طرف دیکھا

عمران صاحب کو بھی اندازہ ہو گیا تھا کہ ان کا بھتیجا اس وقت جل بھن رہا ہے تو انہوں نے تاسف سے سر جھٹکا

تمہارے آنے سے پہلے کافی تفصیل سے ہماری باتیں ہو گئی ہیں لیکن تمہیں کافی دیر ہو گئی انہوں نے بھی جلتی پر تیل ڈالنے کا کام کیا

تو شاہ میر نے اپنی انگلیوں پر اتنا دباؤ بڑھایا تو دیا نے بامشکل پانی چیخ روکی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

چچی میں اپنی بیگم کے ساتھ لانگ ڈرائیو پہ جارہاہوں واپسی تھوڑی لیٹ ہو گی شاہ میر نے ندا بیگم کو دیکھ کر کہا

ہاں بیٹا اور دیا کو کچھ راستے میں کھلا بھی دینا یہ کھانا دیکھ کر اس کی طبیعت خراب ہو رہی تھی کچھ کھایا ہی نہیں

ندا بیگم کی بات پر شاہ میر نے سر ہلایا اور دیا کو ایسے ہی اپنی گرفت میں لیے باہر کی جانب قدم بڑھائے

\----------

دیا کو گاڑی میں آرام سے بٹھا کر وہ اپنی سائیڈ پر آیا جبکہ دیا کو امید تھی کہ ہ ہمیشہ کی طرح اسے پٹکنے کے انداز میں بٹھائے گا لیکن اس کی ناراضگی میں بھی اپنی فکر کرتے دیکھ کر لبوں پر مسکراہٹ رینگ گئی

جبکہ اب شاہ میر تم فن کرتا اپنا سائیڈ پر آیا اور زن سے گاڑی وہاں سے نکالتا چلا گیا

جبکہ غصہ ضبط کرنے کہ چکر میں چہرا سرخ ہوئے جارہا تھا

دیا نے اپنے خشک ہوتے ہونٹ تر کر کہ اس کی جانب دیکھا

مجھے لگا تم مجھے ڈانٹوں گے

دیا کہ بات پر شاہ میر نے ایک ہی جھٹکے میں گاڑی روکی اور تن فن کرتا اس کی سائیڈ آکر اسے بازو سے پکڑ کر باہر نکال کر دروازا اتنی زور سے بند کیا کہ دیا کو اپنے کان کے پردے پھٹتے محسوس ہوئے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

شاہ میر نے دیا کو گاڑی کے دروازے سے پن کر کے اس کے دونوں اطراف میں اپنے ہاتھ رکھ دیے

مجھے ہر اس شخص سے پرو بلم ہے جو تمہارے قریب آنے تم سے باتیں کرنے کی کوشش کرے گا

یہ حق صرف اور صرف میرا ہے اور اپنا حق میں کسی کو نہیں دیتا

لیکن اس کا مطلب ہر گز یہ نہیں ہے کہ میں بلاوجہ کسی تھرڈ پرسن کی وجہ سے اپنی بیوی کو کسی کے بھی سامنے ذلیل کر دوں شاہ میر نے سرد آواز میں کہا تو دیا کو اپنا رویہ یاد کر کہ شرمندگی محسوس ہوئی

آنکھیں پل میں نم ہوئی تو شاہ میر نے تاسف سے اس کی طرف دیکھا اور پھر ہمیشہ کی طرح دیا کو سمجھنے کا موقع دیا بغیر اس کے ہونٹوں پر جھک آیا

اپنی سانسوں کو دیا کہ سانسوں میں الجھا کر ہمیشہ کی طرح اسے بے بس کر دیا

شاہ میر کی بڑھتی شدت پر دیا نے پیٹھ سے اس کی شرٹ کو مٹھیوں میں دبوچ لیا دیا کے عمل پر شاہ میر نے اسے شدت سے اپنے سینے میں بھینچ لیا

دیا کہ قربت میں ہمیشہ کی طرح وہ ساری دنیا بھول جاتا تھا جیسے اب وہ یہ تک بھول چکا تھا وہ صبح سے اس سے بہت ناراض تھا دیا نے اسے کتنی تکلیف پہنچائی اگر کچھ یاد ہوتا تھا تو وہ اس کا بے پناہ عشق جو اس کے سر چڑھ کر بولتا تھا

جو اس کی ناراضگی اور ہر تکلیف سے بڑھ کر تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اپنی شرٹ پر کھیچاؤ محسوس کر کے اپنے لب آہستہ سے دیا کے لبوں سے جدا کیے جس پر اس نے ہانپتے ہوئے اپنے سر شاہ میر کے سینے سے ٹکا دیا

دیا کو گہرے سانس بھرتے دیکھ کر شاہ میر نے اس کی پیٹھ سہلائی جبکہ ہونٹوں پر گہری مسکراہٹ تھی

دیا نے ایک دم سے شاہ میر کو پیچھے کر کہ اس کہ سینے پر مکہ برسانہ شروع کر دیے

تم میر تمہیں ذرا میری طبیعت کا احساس نہیں دیا نے روہانسی آواز میں کہا تو شاہ میر نے ہنستے ہوئے اس کے ہاتھ تھام کر گاڑی سے لگا دیے

جیسے تمہیں میرے دل کا احساس نہیں کہ کتنا تڑپا ہے اتنے دن سے تمہاری قربت کے لیے دیا کی گردن میں منہ چھپا کر اس کی خوشبو کو محسوس کرتے ہوئے کہا تو دیا گردن تک سرخ پر گئی

جبکہ شاہ میر بے خود ہوتا دیا کی گردن پر جا بجا اپنے جنون کی داستان رقم کرنے لگا

مم۔میر ہم روڈ پر ہیں دیا نے شاہ میر کی بڑھتی بے باکیوں پر منمنا کر کہا تو شاہ میر نے اپنی سرخ ہوتی آنکھیں اٹھا کر دیا کی آنکھوں میں دیکھا

آج تو فرار ناممکن ہے بے بی گرل بیٹ اس سے پہلے میرے اس بے بی کی بھوک کا انتظام کرتے ہیں دیا کے پیٹ کو ہلکے سے اپنے ہونٹوں سے چھو کر کہا تو دیا کو شرم سے اپنا سر اٹھانا محال لگا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جبکہ شاہ میر نے مسکراتے ہوئے اسے گاڑی میں بٹھایا اور خود ڈرائیونگ سیٹ پر آکر بیٹھا اور دیا کہ طرف دیکھا جو اپنے لب کچلتی باہر دیکھ رہی تھی

شاہ میر نے ہاتھ بڑھا کر اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھاما اور گاڑی سٹارٹ کر دی

صاحب جی وہ بیگم صاحبہ کی صبح سے طبیعت خراب ہے ابھی بھی وہ کمرے میں رو رہی ہیں میں نے ڈاکٹر کو بلانے کا کہا لیکن وہ مانی نہیں رضا کو ملازمہ نے بتایا جو ابھی گھر آیا تھا

کیا مطلب طبعیت خراب تھی اور ڈاکٹر کو نہیں بلایا فوراً سے ڈاکٹر کو کال کر کے بلائیں اور کچھ کھایا ہے فجر نے

نہیں صاحب جی میں نے ابھی ملازمہ بات پوری کرتی کہ رضا سخت لہجے میں بولا حد کرتی ہیں آپ صبح سے اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ڈاکٹر کو نہیں بلایا تو کھانا تو کھلا سکتی تھی آپ رضا نے ملازمہ کی بات کاٹ کر جھنجھلا کر کہا

اسے خود پر جی بھر کر غصہ آیا لیکن وہ خود بھی مجبور تھا جانتا تھا اسے ٹائم نہیں دے پاتا لیکن یہ مشن بہت امپورٹنٹ تھا

اب بس دو دن رہ گئے تھے پھر ان کا یہ مشن ختم ہو جانا تھا فجر کی ناراضگی اور اس کی فکر تھی لیکن اپنے فرض سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا تھا

وہ جیسے ہی کمرے میں داخل ہوا تو گھپ اَندھیرے میں فجر کی سسکیاں سنائی دی تو رضا کو لگا کسی نے اس کا دل مٹھی میں بند کر دیا ہو فوراً سے ساری لائٹس اون کی اور نظر فجر کی تلاش میں دوڑائی

جو اسے واشروم کے باہر منی کاؤچ رکھے اسے پر اوندھے منہ لیٹی نظر آئی تو رضا کی جان لبوں پر آگئی ایک ہی جست میں اس کے پاس پہنچ کر اسے اپنی بانہوں میں بھر کر بیڈ پر لایا رضا کے اٹھانے پر فجر کی سسکیوں میں اضافہ ہو گیا

فجر میری چڑیا کیا ہوا درد ہو رہا ہے کیا اپنے ہاتھوں سے اس کے بال چہرے سے پیچھے کرتے ہوئے پوچھا آنکھوں کے پپوٹے رو رو کر سوجھ چکے تھے چہرہ درد برداشت کرنے یا رو رو کر سرخ ہوا پڑا تھا جیسے ابھی خون چھلک پڑے گا

فجر کی ایسی حالت دیکھ کر رضا کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہوا

رضا کے ہاتھوں کو اپنے چہرے سے ہٹا کر تکیے میں میں چھپا کر سسکنا شروع کر دیا تو رضا نے بے بسی سے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا

تت۔۔تم وو۔ہی۔۔جج۔جا۔۔ؤ۔۔جج۔۔ہاں۔۔رات۔۔سس۔سے تھ۔۔ے سسکیوں میں بامشکل اپنی بات پوری کرتے ہوئے کہا تو رضا نے ایک ہی جھٹکے میں فجر کو سیدھے کر کہ اپنے سینے میں بھینچ لیا

ایم سوری میری جان ایم رئیلی سوری آئندہ ایسا نہیں ہو گا میں کبھی اپنی چڑیا کو ایسے نہیں چھوڑ کر جاؤ گا فجر کو مسلسل خود میں بھینچتے ہوئے کہا تو فجر نے رضا کی شرٹ کو مٹھیوں میں دبوچ لیا

جبکہ رضا نے آہستہ آہستہ پیٹھ سہلا کر اسے نارمل کرنا چاہا جب رضا کو لگا اب وہ پہلے سے بہتر ہے تو آرام سے اپنے سامنے کیا

سوجھی ہوئی آنکھوں کو اپنے لبوں سے چھوا کیا ہوا ہے فجر کہاں درد ہے مجھے بتاؤ دیکھو تمہیں اس حالت میں دیکھ کر مجھے تکلیف ہو رہی ہے فجر کا چہرا اپنے ہاتھوں میں بھر کر اس کی سوجھی ہوئی آنکھوں کو اپنے انگھوٹھے کے پوروں سے سہلاتے ہوئے فکر مندی سے استفسار کیا

تو فجر نے رضا کے ہاتھ اپنے چہرے سے ہٹا کر اپنا سر اس کے سینے میں چھپا لیا

مجھے رات سے بہت وومٹ ہو رہی ہے رضا میں تھک گئی تھی واشروم جا جا کر اسی لیے میں کاؤچ واشروم کے پاس کھینچ لیا رضا کی شرٹ پر اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے کہا تو رضا نے اپنے لب ہولے سے اس کے بالوں سے مس کیے

تو ڈاکٹر کو کیوں نہیں بلانے دیا رضا نے خفگی سے کہا تو فجر نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

مجھے ڈاکٹر کو نہیں بتانا آتا ناوہ پہلے میں کبھی بیمار نہیں ہوئی اگر ہوتی بھی تھی تو مما ہی بتاتی تھی مجھے کیا پرابلم ہے مجھے شرم آتی ہے اپنی ناک رضا کی شرٹ سے صاف کرتے ہوئے کہا تو رضا اس کے ریزن پر دل میں عش عش کر اٹھا

مطلب ڈاکٹر کو بتاتے ہوئے شرم آتی ہے خود کی چاہے جان چلی جائے رضا نے اپنی عقل مند بیوی کی باتوں پر افسوس سے سر ہلایا

تمہاری شرم کے چکر میں میرا چاہے نقصان ہو جاتا رضا نے فجر کا چہرا سامنے کرتے ہوئے کہا تو اس نے منہ پھیر لیا

اتنی نقصان کی فکر ہوتی ہے تو ہر روز رات کو کیوں چھوڑ کر چلے جاتے ہو فجر نے منہ بنا کر کہا تو رضا کے چہرے پر مسکراہٹ آئی

تو میری چڑیا کو کیا پرابلم ہے رات کا ادھورا چھوڑا کام صبح آکر پورا تو کرتا ہوں نا رضا کہ زو معنی بات پر فجر نے سٹپٹا کر اس کی طرف دیکھا جو اس کی طرف ہی دیکھ رہا تھا

فجر نے نظریں پھیرنی چاہی تو رضا نے گرفت مضبوط کر دی جس سے فجر اپنے چہرے کو حرکت نہیں دے سکے جس پر اس نے اپنی نظریں جھکا دی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

میر اتوارادہ تھاگھر جا کر اپنی ساری تھکن اپنی چڑیا پر اتار دوں اور پھر اسے اپنی بانہوں میں بھر کر اس کی قربت میں میٹھی نیند سو جاؤں رضا نے جھک کر فجر کے کان میں سر گوشی کی تو اسے اپنے جسم میں سنسناہٹ محسوس ہوئی دل اتنی زور سے دھڑکنا شروع ہوا کہ فجر کو لگا کہ رضا با آسانی اس کی دھڑکنوں کے شور کو سن سکتا ہے

ابھی رضا جھک کر کوئی گستاخی کرتا کہ کمرے کا دروازا ناک ہوا تو رضا نے ایک نظر فجر کے چہرے کو دیکھا جو آنکھیں بند کیے کانپنے میں مصروف تھی ہستے ہوئے اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑ کر دروازے تک گیا اور دروازا کھولا تو سامنے ڈاکٹر تھی

ڈاکٹر کو اندر آنے کا راستہ دیا تو وہ مشترکہ سلام کر کے اندر داخل ہوئی

آپ باہر چلے جائیں مجھے اکیلے میں ان کا چیک اپ کرنا ہو گا ڈاکٹر نے پلٹ کر کہا تو

رضا نے ہونٹ دبا کر مسکراہٹ روکی اور سنجیدہ آواز میں گویا ہوا

لیکن ڈاکٹر میری بیوی کو اپنی پرابلم بتاتے ہوئے شرم آتی ہے میں چلا گیا تو کون بتائے گا فجر کو نظروں کے حصار میں رکھ کر کہا تو فجر کان کی لو تک سرخ پر گئی

اور با مشکل نظریں اٹھا کر رضا کو گھورنے کی کوشش کی

میں جاتا ہوں لیکن مسئلہ بتادوں میری بیگم کو رات سے وومٹ ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے کاؤچ واشروم کے پاس سیٹ کر لیا کیونکہ یہ تھک گئی تھی باقی آپ خود دیکھ لیں رضا مسکراتے ہوئے کمرے کا دروازا بند کر گیا جبکہ فجر نے دانت پیس کر اس کی پشت کو دیکھا

\----------

وہ بے چینی سے ڈاکٹر کے باہر آنے کا انتظار کر رہا تھا کتنی دیر ہو گئی تھی دو بار تو دروازا بھی ناک کر چکا تھا جس پر ڈاکٹر نے ویٹ کرنے کو کہا تھا

ایک تو نیند سے برا حال تھا پھر فجر کی فکر ابھی تو یہ بھی نہیں پتا تھا کہ کب پھر جانا پڑ جائے اسی لیے وہ یہ وقت فجر کے ساتھ گزارنا چاہتا تھا

ابھی وہ دوبارا سے پھر دستک دیتا کہ ڈاکٹر مسکراتی ہوئی دروازا کھول کر باہر آئی تو رضا جلدی سے ان کی طرف لپکا

سب ٹھیک تو ہے نا ڈاکٹر طبعیت زیادہ تو خراب نہیں ہوئی رضا نے ایک ہی سانس میں فکر میں استفسار کیا تو ڈاکٹر مسکرا جی

جی ایوری تھنگ از اوکے

آپ کے لیے خوشخبری ہے یور وائف از پریگننٹ ڈاکٹر نے مسکرا کر کہا تو رضا کا حیرت سے منہ کھل گیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اور آنکھیں پھاڑے ڈاکٹر کو دیکھنے لگا جو اب اپنا بیگ لے کر باہر کی جانب چلی گئی

جبکہ رضا ابھی بھی وہی بے یقینی کی کیفیت میں کھڑا ہوا تھا ایک دم سے ہوش میں آکر کمرے کی طرف دوڑ لگائی

وہ جیسے ہی کمرے میں داخل ہوا تو فجر نے شرما کر اپنا چہرہ بلینکٹ میں چھپا لیا جس پر رضا کے چہرے پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ آئی دروازا لاک کر کہ جیسا ہی مڑا تو کسی نے دروازے ناک کیا تو رضا کو جی بھر کر کوفت ہوئی

کیا مصیبت ہے کھا جانے والے انداز میں دروازا کھول کر بولا تو سامنے ملازمہ ہاتھ میں سوپ لیے کھڑی تھی اپنے لہجے پر افسوس ہوا تو معذرت کر کے سوپ پکڑ کر دروازا بند کیا

یہ سوپ رکھ کر جا رہا ہوں میرے فریش ہونے تک جتنا شرمانا ہے شرما لو اپنے لب دانتوں میں دبا کر فجر سے کہا جو خود کو مکمل طور پر بلینکٹ میں چھپا چکی تھی

رضا مسکراتے ہوئے اپنے کپڑے لے کر واشروم میں چلا گیا تو فجر نے جلدی سے بلینکٹ اتار کر سوپ پیا اور پھر اس میں گھس گئی

\----------

وہ جیسے ہی باہر آیا تو نظر فجر پر گئی جو اب بھی ویسے ہی لیٹی ہوئی تھی

اپنے بیگ کے پاس جا کر اس میں سے ایک کالے رنگ کی گھٹلی نکالی

لائٹ اوف کر کے فجر کے پاس بستر پر نیم دراز ہو گیا سائیڈ لیمپ اون کر کہ اس گھٹلی کو کھولا جس میں ایک بہت پیارا بٹر فلائے شیپ میں ڈائمنڈ کا پینڈیٹ تھا جس پر لائٹ گرین کلر کے نگ لگے ہوئے تھے رضا نے ہاتھ بڑھا کر بلینکٹ اٹھانا چاہا لیکن فجر بلینکٹ کو چاروں اطراف سے خود کے نیچے کیے ہوئے تھی رضا نے گھور کر فجر کو دیکھا

اور پھر ایک ہاتھ اوپر سے گزار کر بیڈ کے دوسری طرف رکھا تا کہ فجر گرے نا اور اپنی طرف سے بلینکٹ کے نیچے سے ہاتھ ڈال کر کھینچا تو بلینکٹ ایک طرف سے نکل گیا تو رضا ایک دم سے اس میں گھس گیا جس پر فجر نے ہڑبڑا کر باہر نکلنا چاہا لیکن رضا نے اسے اپنے بازوؤں میں دبوچ لیا

فجر کی مزاحمت کو نظر انداز کر کہ اس کے گلے میں پینڈیٹ پہنا دیا یہ جب میں کشمیر گیا تھا ایک مشن کے لیے وہاں کے سردار نے مجھے اور شاہ میر کو یہ گفٹ دیا تھا بٹر فلائی کو دیکھ کر مجھے میری چڑیا یاد آئی تب سے تمہارے لیے سنبھال کر رکھا تھا لیکن تمہیں دینے کا ٹائم ہی نہیں مل سکا

لیکن مجھے لگتا ہے اس سے بہتر کوئی دن نہیں ہو سکتا مجھے اتنی بڑی خوشی دینے کے لیے شکریہ میری جان فجر کے چہرے پر جھکتے ہوئے رضا نے سرگوشی میں کہا تو فجر کو رضا کی گرم سانسوں سے اپنا چہرا جھلستا ہوا محسوس ہوا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

جیسے ہی فجر نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر دور کرنا چاہا تو رضا کو شرٹ لیس محسوس کر کہ فجر کی پیشانی پر پسینے کے قطرے نمودار ہونے لگے

رضا میرا دم گھٹ رہا ہے اس ہٹاؤ اپنی زبان تر کر کہ کہا تو رضا نے اپنے اور فجر کے چہرے سے بلینکٹ ہٹا دیا

جب فجر نے گہرے سانس بھر کر فضا کے سپرد کر کہ آنکھیں کھولیں تو نظریں سیدھا رضا کی لائٹ براؤن آنکھوں سے ٹکرائی

جو آنکھوں میں خمار لیے ہونٹوں پر شوخ مسکراہٹ لیے اسے ہی دیکھنے میں مصروف تھا

فجر نے سٹپٹا کر نظریں پھیریں تو رضا نے جھک کر فجر کی گال پر اپنے دانت گاڑے جس پر فجر نے کراہ کر رضا کو دور کرنا چاہا تو اس نے دوسری گال پر بھی یہی عمل کیا تو فجر نے دانت پیس کر اسے گھورا

رضا تم پٹ جاؤ گے میرے ہاتھوں رضا کے بال مٹھی میں بھر کر کہا تو فضا میں رضا کا جاندار قہقہہ گونجا ساتھ ہی ایک آنسو گال پر بہہ نکلا تو فجر نے حیرت سے رضا کہ طرف دیکھا

جب کہ رضا اب خاموش نظروں سے فجر کو دیکھ رہا تھا رضا کے ایسے دیکھنے پر فجر نے اس کا چہرا اپنے ہاتھوں میں بھر لیا

میرا بچپن بہت ادھورا گزرا ہے فجر ماما بابا ایسے ہی مہینوں گھر سے غائب رہتے تھے میرے پاس کوئی نہیں ہوتا تھا بس شاہ میر تھا جو اپنا تھا

لیکن میں اپنے بچوں کو ایسا بچپن نہیں دوں گا مجھ سے وعدہ کرو فجر میں رہوں یا نا رہو تم اپنا آپ پیسے کمانے پر ضائع نہیں کرو گی میری اولاد کو اپنا وقت بھی دو گی رضا کی سنجیدہ آواز پر فجر نے تڑپ کر اس کی طرف دیکھا

رضا ابھی فجر کچھ کہتی کہ رضا نے اس کے ہونٹوں پر انگلی رکھ دی

ہششش میں اس خوشی کو تمہارے ساتھ محسوس کرنا چاہتا ہوں انگلی ہونٹوں سے ہوتے ہوئے فجر کی پیٹ پر آ کر رکی تو فجر نے شرم سے آنکھیں بند کر لی جبکہ سنجیدگی کی جگہ اب شوخی تھی جو رضا کی آنکھوں سے ظاہر ہو رہی تھی

فجر کے پیٹ کو اپنے ہاتھ سے چھو کر اس احساس کو محسوس کرنا چاہا تو ایک خوبصورت مسکراہٹ رضا کہ ہونٹوں پر جبکہ فجر رضا کے اس عمل پر سمٹنے پر مجبور ہو گئی

فجر کا چہرا ہاتھوں میں تھام کر پوری شدت سے رضا اس کے ہونٹوں پر جھک آیا اور قطرہ قطرہ کر کہ فجر کی سانسوں کو خود میں اتارنے لگا

فجر کے ناخنوں کا تشدد اپنی پیٹھ پر محسوس کر کہ رضا کی شدتوں میں اضافہ ہوتا چلا گیا اور ایک خوبصورت رات نے اپنے پر پھیلا کر انہیں اپنی آغوش میں لے لیا جس میں گزرتی رات کے ساتھ رضا کی شدتوں میں اضافہ ہوتا چلا گیا

\----------

شاہ میر کی صبح آنکھ کھلی تو نظر اپنے سینے پر سر رکھے سوئی ہوئی دیا پر گئی جو اپنا حصار شاہ میر کے گرد باندھ کر سو رہی تھی جیسے وہ کہی چلا جائے گا

یہ حرکت وہ تب سے کر رہی تھی جب شاہ میر روز رات کو بنا بتائے چلا جاتا تھا اپنی بیوی کی معصوم حرکت پر شاہ میر نے مسکرا کر اس کے بال چہرے سے ہٹائے

دیا کو اپنے بازو پر منتقل کر کہ خود اس کے اوپر جھک آیا تو نظر ڈیپ گلا ہونے کہ وجہ سے دیا کی گردن پر گئی جس پر شاہ میر کی جنونیت کے نشان واضح تھے

اپنے دیے گئے نشانوں پر لب رکھ دیے تو شاہ میر کو اپنا آپ بہکتا ہوا محسوس ہوا جس کا ارادہ تھوڑا سا تنگ کر کہ پیچھے ہونے کا تھا اب خود پر اختیار کھوتا اپنی شدتوں میں اضافہ کرنے لگا

اپنے گردن پر چبھن اور جلن محسوس کر کہ دیا نے موندی موندی آنکھیں کھولیں تو تھوڑی دیر تو اسے سچویشن سمجھنے میں لگ گئی

خود پر جھکے شاہ میر کو دیکھ کر نیند بھک سے اڑی تو دیا نے اسے پیچھے کرنا چاہا جس پر شاہ میر نے اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھ میں قید کر لیے

شاہ میر کی بیرڈ کی چھبن کو اپنی گردن پر محسوس کر کہ دیا نے اپنے لب دانتوں تلے دبا لیے

میر اپنی بھاری ہوتی سانسوں سے شاہ میر کو پکارا تو شاہ میر نے سر اٹھا کر دیا کی طرف دیکھا جو آنکھوں میں نیند کا خمار لیے اسے دیکھ رہی تھی

دیا کی آنکھیں رت جگے کی کہانی بتا رہی تھی ابھی کچھ دیر پہلے ہی تو شاہ میر نے اسے اپنی جان لیوا قربت سے رہائی دی تھی جب نڈھال ہو کر وہ اس کی بانہوں میں سمٹ کر سوئی تھی

دیا کی آنکھوں میں دیکھ کر شاہ میر کو اس کی حالت پر ترس آیا تو جھک کر اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا کچھ نہیں کر رہا میں بے بی گرل سو جاؤ میں کام سے جا رہا ہوں جلد لوٹ آؤ گا دیا کے چہرے پر اپنے جھلساتی سانسوں کے ساتھ جھک کر کہا تو دیا نے اپنا سانس تک روک لیا

ہر گزرتے دن کے ساتھ شاہ میر کی محبت اور اس کی شدتوں میں اضافہ ہی ہوا تھا دیا کو اپنا آپ فضاؤں میں محسوس ہوتا تھا شاہ میر نے تو اسے اپنے ہاتھ کا چھالا بنا کر رکھ لیا تھا

لیکن جب اپنی منمانیوں پر اتر تا تھا تب دیا کی کوئی مزاحمت کام نہیں آتی تھی اور پھر وہ اپنے ساتھ دیا کو بھی خود میں گم کر لیتا تھا جیسے ابھی وہ اس کے اوپر جھکا اس کے چہرے کہ ہر نقش ہر اپنی شدت نچھاور کر رہا تھا

اپنا لمس دیا کے ہونٹوں پر چھوڑ کر اس پر مسکراتی نظر ڈال کر شاہ میر بستر سے اترا تو دیا کی نظر جیسے ہی اس کی پیٹھ پر گئی تو اپنی ناخنوں کی وجہ سے پیٹھ پر آئی خراشوں کو دیکھ کر شرمندگی سے اپنے لب دبا لیے اپنی پیٹھ پر دیا کی نظریں محسوس کر کہ جیسے ہی شاہ میر نے آئینے میں دیکھا تو دیا کی محویت دیکھ کر مسکراہٹ ہونٹوں پر آئی جسے چھپاتے ہوئے واشروم میں چلا گیا

تھوڑی دیر بعد شاہ میر فریش ہو کر باہر آیا تو دیا پھر سے سو چکی تھی

ایک تو اس کی نیند پہلے ہی بہت پکی تھی اور اس کنڈیشن میں وہ ہر جگہ سوتی ہوئی ملتی تھی

شاہ میر نے میڈیکل باکس میں سے ایک ٹیوب نکالی اور دیا کے پاس آکر بیٹھ گیا

بے بی گرل بالوں میں ہاتھ پھیر کر دیا کو جگایا تو اسنے نیند سے بھری آنکھیں کھول کر شاہ میر کو دیکھا تو شاہ میر نے ٹیوب آگے کر دی

جس پر دیا نے ناسمجھی سے ایک نظر ٹیوب اور پھر شاہ میر کو دیکھا

تم نے سارا دن اپنے تشدد کو یاد کر کہ پریشان ہونا تھا ساتھ میری بے بی کو بھی کرنا تھا اسی لیے یہ لگا دو تاکہ تم بھی ٹینشن فری رہو اور میرا لٹل بے بی شاہ میر نے مسکرا کر بتایا تو دیا خجل سی ہوتی اٹھ کر بیٹھ گئی شاہ میر رخ بدل کر بیٹھ گیا دیا کی نرم گرم لمس پر اپنی روح تک اترتے سکون کو محسوس کر کہ آنکھیں بند کر لی

تھوڑی دیر بعد آنکھیں کھولیں اور پلٹ کر دیکھا کہ بیگم صاحبہ ٹیوب لگا کر پھر سے بستر میں گھس کر نیند پوری کرنے میں مصروف ہو گئی تھی

\----------

شاہ میر نے مسکراتے ہوئے سر جھٹکا اور تیار ہونے چلا گیا

جیسے ہی وہ باہر آیا تو چاچا چچی بھی نہیں اٹھے تھے دیا کی نیند نے ان کی بھی روٹین خراب کی ہوئی تھی جب شاہ میر رات کو گھر نہیں ہوتا تو دیا میڈم سارا دن سو کر رات کو ان کے پاس بیٹھ جاتی جس پر انہوں نے بھی یہی حل نکالا جب دیا سوتی وہ بھی سو جاتے اور جب اٹھتی وہ بھی اسی ٹائم اٹھ جاتے شاہ میر سر جھٹک کر لان کی پچھلی سائیڈ آیا اور کیبل کی وائر کو کاٹ دیا کیونکہ وہ نہیں چاہتا تھا آج رات تک آنے والی کوئی بھی نیوز دیا دیکھے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

یہ کیبل کیوں نہیں آرہی دیا ندا بیگم اور عمران صاحب ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے تھے جب عمران صاحب نے جھنجھلا کر کہا

بابا کوئی اور چینل لگا کر دیکھے شاید آجائے دیا نے پھل کھاتے ہوئے سر اٹھا کر ان سے کہا تو انہوں نے مایوسی سے سر ہلایا

کوئی بھی چینل نہیں آرہا بیٹا

پہلے تو وہ سارا دن نیوز دیکھتے تھے اور ندا بیگم کو بھی مجبوری میں دیکھنی پڑتی تھی جب کہ دیا کہ آنے سے وہ اس کے ساتھ ڈرامہ دیکھتی تو ان دونوں کو دیکھ کر عمران صاحب کو بھی عادت ہر گئی

اب شاہ میر شام میں کسی وقت گھر ہوتا تو وہ تینوں کھانا پینا چھوڑ کر آٹھ بجے پورے ٹائم پر ٹی وہ کے آگے بیٹھ جاتے

پہلے ڈنر اٹھ بجے کھاتے تھے سب لیکن اب ڈرامہ کی وجہ سے کبھی رات دس کبھی شام چھ بجے ہو کھانا پڑتا تھا

شاہ میر ان تینوں کی اس حرکت پر خون کے گھونٹ پی کر رہ جاتا عمران صاحب کی بات ہوتی تو وہ انہیں کچھ کہہ بھی دیتا اب چچی اور اپنی بیوی کو کیا کہتا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اتنی بار اس نالائق سے کہا ہے کہ انٹرنیٹ سے کنیکٹ کروادے لیکن نہیں اب مجھے لگتا ہے پیچھے سے کوئی مسئلہ ہو گیا ہو گا میں ذرا دیکھ کر آتا ہوں ناٹھیک ہوا تو کال کرتا ہوں آکر ریموٹ وہی رکھ کر وہ باہر آئے

تو دیکھا کہ وائر کو بیچ میں سے کاٹا ہوا تھا انہیں جی بھر کر شاہ میر پہ تاؤ آیا

دیا بیٹا اون کر کہ دیکھو کہ ٹھیک ہوئی کہ نہیں انہوں نے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا تو دیا نے جلدی سے ایل ای ڈی اون کی تو کی کیبل آرہی تھی

جی بابا ٹھیک ہو گئی دیا نے کہا تو وہ اندر آئے

دیکھا اپنے بیٹے کر کر توت اب اسے نالائق گدھے کو میرا ٹی وی دیکھنا اتنا برا لگتا ہے کہ وائر کاٹ کر چلا گیا وہ غصے سے بولے

تو آپ نے بھی تو عورتوں والے شوق ڈال لیے ہیں ندا بیگم نے ناک سے مکھی اڑانے والے انداز میں ان کی بات ہوا میں اڑائی تو وہ بس اپنی بیگم کو دیکھتے رہ گئے

انہوں نے نیوز چینل لگایا اور نیوز سننے لگے

جیسا کہ ناظرین آپ لوگ دیکھ رہے ہیں اس جگہ پہ آرمی آپریشن ہوا ہے جس کہ مطابق یہ بات منظر عام پر آرہی ہے کہ اے ایس پی حماد کے کیس میں کیپٹن شاہ میر شاہ کام کر رہے تھے

بتایا جارہا ہے کہ کیس اسمگلنگ کا تھا جس میں بچے لڑکیاں ڈرگز اور ہتھیار وغیرہ تھے

شاہ میر کے نام پر دیا اپنی جگہ سے ایک دم سے کھڑی ہوئی جبکہ عمران صاحب اور ندا بیگم بھی حیرانگی سے نیوز دیکھ رہی تھے

ہمیشہ کی طرح آج بھی بزنس کے نام پر یہ کاروبار کیا جارہا تھا جس سے پردہ اٹھ چکا ہے اور کیپٹن شاہ میر شاہ نے بہت بہادری سے اس کاروبار کے سب سربراہوں کو جہنم واصل کر دیا ہے اور وہ خود بھی اس دوران کافی زخمی ہوئے ہیں

عمران صاحب اور ندا بیگم حیرانگی سے خبریں سن رہے تھے چونکے تو تب جب دیا زمین بوس ہو گئی وہ دونوں ہڑبڑا کر اس کی طرف بڑھے

اسے ہوش میں لانے کی کوشش کی جب دیا کو ہوش نا آیا تو وہ جلدی سے اسے لیے ہسپتال روانہ ہوئے

\----------

وہ اتفاق سے اسی ہسپتال آئے جس میں شاہ میر اور اس کی ٹیم کے زخمی لوگ تھے

پولیس اور میڈیا کا کافی رش تھا اتفاق سے رضا باہر ہی تھا جیسے ہی اس کی نظر عمران صاحب پر پڑی وہ جلدی سے ان تک پہنچا تو وہاں دیا کو بیہوش دیکھ اس نے جلدی سے اسٹیر چر منگوایا اور رش کو ہٹا کر اندر کے لے کر گئے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا کو ڈائریکٹ آئی سی یو میں لے گئے جبکہ ندا بیگم باہر بیٹھ کر دعائیں کرنا شروع ہو گئی

شاہ میر ٹھیک تو ہے نا بیٹا عمران صاحب نے فکر مندی سے استفسار کیا

جی انکل وہ تو بالکل ٹھیک ہے بس تھوڑی بہت چوٹیں ہیں باقی الحمدللہ سب ٹھیک ہیں رضا نے انہیں تسلی دی

رضا آرمی یونیفارم میں جس پر جگہ جگہ خون کے نشان لگے ہوئے تھے سرخ انگارا آنکھیں لیے ماتھے پر براؤن بال بکھرے ہوئے اپنی بھرپور مردانہ وجاہت سے وہاں سے گزرے لوگوں کو پلٹ کر دیکھنے پر مجبور کر رہا تھا سفید رنگت غصے اور ٹینشن کی وجہ سے سرخ ہو رہی تھی

غصہ کی وجہ وہاں کی نرسیں تھی جنہیں ایسی سچویشن میں بھی تاڑنے سے فرصت نہیں مل رہی تھی

ابھی وہ عمران صاحب سے باتوں میں مصروف تھا کہ ڈاکٹر باہر آئی

آپ کی پیشنٹ کا نروس بریک ڈاؤن ہوا ہے اگلے بارہ گھنٹوں تک انہیں ہوش نہیں آیا تو وہ کومہ میں بھی جا سکتی ہیں اور پھر شاید ان کے بچے کو بھی نا بچایا جا سکے کیونکہ فلحال تو بچہ محفوظ ہے ڈاکٹر اپنی بات کر کہ واپس چلی گئی جبکہ عمران صاحب سکتے کے عالم میں دروازے کو دیکھ رہے تھے

ابھی وہ لڑکھڑا کر گرتے کہ رضا نے انہیں تھام لیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اسے پتا تھا کہ نیوز آئے گی اسی لیے وہ وائر کاٹ کر گیا تھا اب میں اسے کیا جواب دوں گا عمران صاحب کی بات پر رضا نے جبڑے بھینچ لیے انہیں وہاں بٹھایا

انکل انشاءاللہ کچھ نہیں ہو گا آپ دعا کریں سب ٹھیک ہو جائے گا عمران صاحب کو تسلی دے کر رضا نے اپنے قدم شاہ میر کے روم کی طرف کیے جہاں اس کا ٹریٹمنٹ ہو رہا تھا

\----------

رضا روم کا دروازا کھول کر داخل ہوا تو شاہ میر اپنی ڈرپ اتار رہا تھا رضا کے آنے پر نظریں اٹھا کر اسے دیکھا اور ڈرپ اتار کر کھڑا ہو گیا

یار کہاں بھی تھا زیادہ زخم نہیں ہیں ٹائم ویسٹ کیا میرا دل گھبرا رہا تھا عجیب بے چینی ہے آج میرا ارادہ وہاں سے سیدھا گھر جانے کا تھا تا کہ دیا کو بتا سکوں شاہ میر نے رضا کو دیکھ کر کہا تو وہ سنجیدہ نظروں سے شاہ میر کو ہی دیکھ رہا تھا رضا کہ ایسے دیکھنے پر شاہ میر نے آبرو آچکا کر اسے دیکھا

کیا ہوا ہے ایسے کیوں دیکھ رہا ہے رضا کے چہرے کو دائیں بائیں ہلا کر مذاق میں کہا تو رضا نے شاہ میر کا ہاتھ پکڑ کر نیچے کیا

دیا آئی سی یو میں ہے نیوز دیکھ لی تھی اس نے نروس بریک ڈاؤن ہوا ہے ہوش میں نا آئی تو کومہ میں جا سکتی ہے اور رضا نے سرد نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا اور آخری بات پر لب بھینچ لیے

جبکہ شاہ میر سکتے کے عالم میں رضا کو دیکھ رہا تھا

شاید بے بی کو بھی بچایا نا جاسکے رضا نے رخ پھیرتے ہوئے کہا جبکہ شاہ میر کو اپنے جسم سے جان نکلتی محسوس ہوئی

ابھی تو اس نے اس خوشی کو ٹھیک سے محسوس ہی نہیں کیا تھا اور دیا وہ تو اس کا جنون تھی جینے کی وجہ کیسے جی سکتا تھا وہ اس کے بغیر

ہوش میں آتے شاہ میر نے آئی سی یو کی طرف دوڑ لگائی

وہ جیسے ہی آئی سی یو کے باہر پہنچا تو عمران صاحب اٹھ کر اس کے سامنے آئے

چچا میری دیا لال انگارا آنکھیں لیے بے بسی سے استفسار کیا تو انہوں نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر تسلی دی بولنے کو کچھ تھا ہی نہیں

شاہ میر اندر جانے لگا تو روم سے باہر آتے ڈاکٹر نے اسے روک دیا

دیکھیں آفیسر آپ اندر نہیں جاسکتے پیشنٹ کو جیسے ہی روم میں ابھی ڈاکٹر کچھ بولتا جب شاہ میر نے اسے کالر سے پکڑ کر کھینچا

جسٹ شیٹ اپ بیوی ہے میری ہوتے کون ہو روکنے والے اب اگر راستے میں آئے تو یہی زندہ دفنا دوں گا سرخ آنکھیں لیے وہ اتنی زور سے دھاڑا کہ پیچھے آتا رضا بھی ڈر کر اپنی جگہ رک گیا ڈاکٹر کو دھکا دے کر دروازا کھولتا وہ اندر داخل ہو گیا

جبکہ پیچھے آتے رضا نے ڈاکٹر کو اٹھا کر معزرت کی بس یہی کام رہ گیا ہے کبھی اس کے اوپر پہنچائیں لوگوں کو ٹھکانے لگاؤ اور کبھی زمین پہ گریں ہوئے کو اٹھاؤ رضا نے دل میں سوچ کر دانت پیسے

\----------

وہ جیسے ہی اندر داخل ہوا تو دیا کو اس حالت میں دیکھ کر اپنا دل کٹتا ہوا محسوس ہوا بھاری قدموں سے اس تک پہنچا

اپنے ہاتھ سے دیا کے نقوش کو چھو کر اسے محسوس کرنا چاہا

میں نے وعدہ کیا تھا کہ تمہارے بھائی اور خود کو کچھ نہیں ہونے دوں گا میں نے وعدہ وفا کیا تو تم میرے ساتھ ایسے کیسے کر سکتی ہو دیا تم نے کہا تھا تم اپنا اور ہمارے بچہ کا خیال رکھو گی تو پھر کیوں ہو یہاں اگر تمہیں یا بے بی کو کچھ بھی ہوا دیا تو میں تم سے کبھی بات نہیں کرو گا اپنا سر دیا کہ سر سے ٹکا کر کہا تو کئی آنسو پلکوں کی بار توڑ کر دیا کے چہرے پر گرے

ڈیڑھ ماہ پہلے

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

میں تمہارا ہی انتظار کر رہا تھا کیپٹن ماہر نے دروازے کی طرف دیکھ کر کہا جس سے شاہ میر اندر داخل ہو رہا تھا

ایک نظر راشد کی لاش کو دیکھ کر سنجیدہ نظروں سے ماہر کو دیکھا جو اب اپنی چیئر پر جا کر بیٹھ رہا تھا اور شاہ میر کو بھی اشارے سے اپنے سامنے والی چیئر پر بیٹھنے کا کہا

اب وہ آمنے سامنے بیٹھے سنجیدہ نظروں سے ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے

اے ایس پی کافی ایماندار بندہ ہے لیکن افسوس وہ مجھے تین سال پہلے نہیں مل سکا ورنہ میں اس دلدل میں نا پھنستا ماہر نے سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا جب کہ شاہ میر بغور سنجیدہ نظروں سے اس کی طرف دیکھ رہا تھا

کچھ تو تم سن چکے ہو آگے کا بتاتا ہوں دھواں فضا کی سپرد کر کہ ماہر نے کہا تو شاہ میر نے سر ہلانے پر اکتفا کیا

مجھے صرف اتنا معلوم تھا کہ یہ لوگ ڈرگز اور ہتھیاروں کی اسمگلنگ کرتے ہیں اور دنیا کی نظر میں میرے پارٹنر ہیں

لیکن ایسا نہیں تھا ایک دن میں اس ڈیل کو ختم کرنے کے لیے یہاں بات کرنے آیا تو اتفاق سے میں نے ان کی باتیں سن لی جن میں کڈنیپ کی ہوئی لڑکیوں کو دبئی بھیجنا تھا

اور میں اس بات سے بھی واقف ہو گیا تھا کہ انہیں نیو اے ایس پی سے مسئلہ ہے میں نے ساری انفارمیشن اس تک پہنچادی جس پر انہیں کافی نقصان ہوا

اور پھر میں اس میں انوالو ہونے لگا مجھے لگا یہ سب جلد ختم ہو جائے گا

لیکن جیسے جیسے میں اس میں شامل ہو رہا تھا تو اس گینگ کو اتنی جگہ پھیلا ہوا دیکھ کر مجھے واپس نکلنا مشکل لگا

اپنے باس کا قتل کر کہ مجھے لگا اب آسانی سے نکل سکتا ہوں لیکن میں غلط تھا

میرے پاس ان لوگوں کے اتنے راز تھے کہ اگر میں یہاں سے نکل بھی جاتا تو یہ لوگ مجھے اور میری فیملی کو ختم کر دیتے اس لیے میں نے دیا کو پاکستان آنے سے روکا ہوا تھا

ماہر نے گہری سانس لے کر شاہ میر کو دیکھا

کرنل سے کیسے رابطہ ہوا شاہ میر نے ویسے ہی سنجیدہ نظروں سے پوچھا تو

اے ایس پی پر میری پوری نظر تھی جب تم کسی مشن پر گئے تو اس نے کرنل سے رابطہ کیا اور تمہیں اس مشن میں شامل کرنے کی پرمیشن مانگی وہاں سے ہی میں نے کرنل سے رابطہ کیا

پھر ہر انفارمیشن انہیں دیتا رہا اور پھر اس سب کو ختم کرنے کا پلین بنایا

اب بس ہم اختتام پر ہیں ماہر نے سگریٹ ایش ٹرے میں مسلتے ہوئے کہا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اور مجھے لگا میں اس کیس کو لے کر چل رہا ہوں جبکہ میں تمہارے بنائے ہوئے پلین پر عمل کر رہا تھا شاہ میر نے سر جھٹکتے ہوئے کہا تو ماہر نے مدھم سا قہقہہ لگایا

پلین کیا ہے شاہ میر نے پلٹ کر راشد کی لاش کو دیکھتے ہوئے پوچھا

تم مجھے اپنی حراست میں لو گے تاکہ جو سانپ بل میں چھپ کر بیٹھے ہیں وہ منظر عام پر آئیں وہ مجھے ہر حال میں ختم کرنے کے لیے آئیں گے کیونکہ میرے پاس جو ان کے راز ہیں انہیں بری طرح سے تباہ کر سکتے ہیں

اور پھر ان کو یہاں سے ختم کرنے کے بعد تم مجھے لوگوں کی نظروں میں ہلاک ظاہر کرو گے تاکہ بیرون ملک میں جتنے بھی اس گینگ سے منسلک لوگ ہیں وہ مجھے مرا ہوا سمجھ لیں تاکہ میں اس سب سے باہر نکل آؤ

باقی یہ کیس یہی ختم ہو جائے گا اور جو بیرون ملک تک گینگ ہیں اس پر کرنل اپنی ٹیم کے دوسرے لوگوں کو بھیجے گا ماہر نے سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا تو شاہ میر نے شرباہ نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا جو اتنی دیر میں پتہ نہیں کتنی پھونک چکا تھا

شاہ میر کے گھورنے پر ماہر نے نظریں اٹھا کر دیکھا جو اسے گھورنے میں مصروف تھا شاہ میر کے گھورنے پر ماہر مسکرایا

محبوب پاس نا ہو تو اسی سے کام چلانا پر تا ہے ماہر نے آنکھ دبا کر کہا تو شاہ میر ایک جھٹکے سے کرسی سے اٹھا اور دل میں اپنے سالے کو دو سو گالیوں سے نوازا

دو دن بعد میری بیگم کو مجھ سے ملانے لے آنا میری دوری اس سے برداشت نہیں ہو گی اور مجھے بھی چین نہیں آئے گا اور جب مجھے چین نہیں آئے گا تو تمہاری مدد نہیں کر سکو گا شاہ میر کو جاتے ہوئے دیکھ کر ماہر نے پیچھے سے ہانک لگائی تو اس نے شعلہ برساتی آنکھوں سے پلٹ کر ماہر کو دیکھا

\----------

آج وہ چار دن بعد منہا کو لے کر اپنی سیکرٹ جگہ پر آیا تھا جہاں ماہر موجود تھا

تم یہاں بیٹھو منہا میں آتا ہوں شاہ میر منہا کو صوفے پر بٹھا کر اندر گیا وہاں سے سیکرٹ ڈور کھول کر نیچے بنے تہہ خانے میں گیا

جہاں ماہر ایک آدمی کو مارنے میں مصروف تھا

شاہ میر کے آنے پر پلٹ کر دیکھا

یہ پاشا کا بندہ ہے اس کی انفارمیشن کے مطابق وہ کراچی میں چھپا بیٹھا ہے اور ہر حال میں پانچ دنوں تک لڑکیاں پہنچانی ہیں اب اس کا کوئید فائدہ نہیں زندہ ہونے کا تو شاہ میر کو پلٹ کر جواب دیتے ایک دم سے سیدھا ہو کر اس شخص کی گردن دبوچی اور ایک ہی جھٹکے میں اسے جہنم واصل کر دیا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

دیا کو پتا لگ گیا کہ تم میرے پاس ہو اور وہ سمجھ رہی ہے کہ میں تمہیں مارنا چاہتا ہوں شاہ میر نے سرد آواز میں کہا تو ماہر نے حیرت سے پلٹ کر دیکھا

مطلب ماہر نے حیرت سے استفسار کیا تو شاہ میر نے اپنی اور اے ایس پی کی بات بتائی

یہ ضروری ہے شاہ میر اس اے ایس پی کے ٹھانے میں بہت دشمن ہے کوئی بھی مخبری کر سکتا ہے ابھی اے ایس پی کو اس میں شامل نہیں کر سکتے اس کے ساتھ ویسے ہی کام کرو جیسے سب جاننے سے پہلے کر رہے تھے ماہر نے اپنے ہاتھ واش کرتے ہوئے کہا تو اس کی بات پر شاہ میر نے دانت پیسے

اور ہاں اپنی بیوی کو بھی خود سنبھالو میں کچھ نہیں کر سکتا ماہر نے کندھے آچکا کر کہا تو شاہ میر کا دل کیا منہا کو ابھی واپس چھوڑ آئے

اپنی بیوی کو سنبھال لوں گا تم اپنے والی کو سنبھالو جو باہر انتظار کر رہی ہے شاہ میر نے دانت پیس کر کہا تو ماہر نے خوشی اور حیرانگی کی ملی جلی کیفیت سے اس کی طرف دیکھا

منو آئی ہے اور تم میرا یہاں وقت برباد کر رہے ہو شاہ میر کو جواب دیتے وہ ماہر وہاں سے باہر کی جانب بڑھا

جبکہ شاہ میر دیا کو سوچتے ہوئے پریشان ہو گیا

ماہر جیسے ہی باہر آیا منہا صوفے پر بیٹھی اپنے ہاتھوں کو دیکھنے میں مصروف تھی

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

منہا کو دیکھ کر ماہر کے چہرے پر مسکراہٹ رینگ گئی

زندگی ماہر نے بوجھل آواز میں منہا کو پکارا تو منہا نے جھٹ سے نظریں اٹھا کر سامنے دیکھا تو ماہر اس کی طرف مسکراتے ہوئے آرہا تھا

اتنے دنوں بعد ماہر کو اپنے روبرو دیکھ کر منہا کی آنکھیں پل میں نم ہوئی

ابھی وہ اس کے پاس جا کر اسے بانہوں میں بڑھتا کہ شاہ میر کی آواز پر پلٹا

اے ایس پی کو انفارمیشن ملی ہے میں جارہا ہوں رات تک یا صبح تک آؤ گا پھر منہا کو گھر چھوڑ دوں گا شاہ میر نے بنار کے دروازے تک جاتے ہوئے کہا تو ماہر نے سمجھ کر سر ہلایا

اور اس سب کے دوران منہا سر جھکائے اپنے آنسو روکنے کی تگ و دو میں تھی جو لاکھ روکنے کے باوجود بھی رخسار پر بہہ نکلے تھے

منہا کے پاس آکر ماہر نے اس کے جھکے سر کو دیکھا

اور کمر میں ہاتھ ڈال کر خود سے قریب کر لیا منہا نے نظریں جھکائے اپنے دونوں ہاتھ ماہر کے سینے پر رکھ دیے

کچھ دیر ماہر اس کے بولنے کا انتظار کرتا رہا لیکن منہا کی مسلسل خاموشی پر اس کی تھوڑی کو دو انگلیوں کی مدد سے اوپر اٹھایا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

سفید چہرہ آنسوؤں سے تر تھا لمبی گھنی پلکیں جھکی ہوئی تھیں گلابی بھرے بھرے ہونٹوں کو سسکی روکنے کے لیے دانتوں میں دبایا ہوا تھا

ماہر نے جھک کر ان موتیوں کو اپنے ہونٹوں سے چن لیا جس پر منہا نے ماہر کی شرٹ اپنی مٹھیوں میں دبوچ لی

اپنے چہرے پر جابجا ماہر کے ہونٹوں کا لمس محسوس کر کہ منہا کو اپنے پاؤں پر کھڑے رہنا محال ہو گیا تب اس نے ماہر کے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ کر اس کے سینے میں چہرہ چھپا لیا

منہا کا تیز دھڑکتا دل ماہر کو اپنے سینے میں دھڑکتا محسوس ہو رہا تھا اور منہا کے بالوں کی دلکش خوشبو اپنے اعصابوں پر چھاتی محسوس ہو رہی تھی

منہا کے گرد اپنی گرفت مضبوط کر کہ اسے اپنے سینے میں بھینچ لیا

میں نے آپ کو بہت یاد کیا ماہر منہا نے بھاری ہوتی سانسوں کے ساتھ سرگوشی کی تو ماہر نے حیرت سے اپنے سینے سے لگے منہا کہ سر کو دیکھا

یہ شاید پہلی بار تھا جو منہا پہل کر رہی تھی اور بتا رہی تھی کہ اسنے یاد کیا ورنہ وہ کبھی ماہر کی باتوں کے جواب میں کہہ دیتی تھی ورنہ وہ سن لیتی تھی ماہر کے لیے یہی بہت ہوتا تھا

For More Novels Please Visit Our Website
https://classicurdumaterial.com/
Visit Our Youtube Channel For Audio Book
Classic Entertainment

اپنے ہاتھ منہا کے چہرے اور گردن کے درمیان رکھتے ہوئے اسے سامنے کیا اور اپنی مخمور آنکھوں کو اس کی آنکھوں میں گاڑھ دیا

جبکہ منہا سے ان جزبے لٹاتی نظروں میں دیکھنا محال ہو گیا تو اس نے نظریں جھکا دی

منہا کو سمجھنے کا موقع دیے بغیر اسے اپنی بانہوں میں بھر کر وہاں شاہ میر کے دیے گئے روم میں لے گیا

جبکہ منہا اس اچانک افتاد پر ہونق بن کر ماہر کو اور کبھی کمرے کو دیکھ رہی تھی

جب ماہر نے پاؤں کی مدد سے دروازا بند کیا اور منہا کو لا کر بیڈ پر لٹایا اور خود جا کر دروازا لاک کرنے لگے

